بتوفیق نگین بنائی ریاحین چمن عز و خرمی فزائی یاسمین سخن
مصنفہ منشی
شاہنامہ اردو
در مطبع عالم گلشن آگرہ طبع مزین مطبوع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سرنامہ حمد خدائے کریم / کہ ہے کردگار غفور و رحیم
کبھی دے فریدون کو وہ دستگاہ / کرے گاہ جمشید کو وہ تباہ
جن و دیو و انسان و حور و پری / مہ و مہر اور زہرہ و مشتری
کیا اوسنے پیدا یہ بالا و پست / زبردست دنیا میں اور زیردست
عجب اسکی قدرت عجب شان ہے / عیان اسپہ سب راز پنہان ہے
بھرے دم حباب اسکا دریا میں ہان / دکھے موج ذکر اسکا ورد زبان
چمن میں کیا سرو کو سرفراز / بہار و خزان سے ہوا بے نیاز
خداوند کون و مکان ہے وہی / نگہدار خلق جہان ہے وہی
اگر وہ نہ یہ قوت و زور دے / تو پھر دستی کوئی کیا کر سکے
توانا ہے وہ آپ اور زورمند / قوی ہو خداوند پست و بلند
گدا و شہ اوسکے ہیں فرمان پذیر / وہ سب کا ہے بادی وہی دستگیر
سخی بخش شاہنشہان ہے وہی / بلندی دہ خسروان ہے وہی
کبھی ناتوانون کو بخشے وہ زور / سلیمان کو گاہ ہو کرے مثل مور
کئے اوسنے قدرت سے پیدا تمام / نہان تھے ہوئے سب ہویدا تمام
بلند اوسنے چرخ برین کو کیا / فراخ اوسنے یکسر زمین کو کیا
پرستار اسکا ہے ہر کس مدام / کرین ذکر اسکا سبھی خاص و عام
کیا اوسنے آراستہ باغ دہر / عنایت سے اسکی ہی گل نغاد ہر
جہاندار ہے پاک پروردگار / پرستار اسکے ہیں سب تاجدار
دلیرونکو اوسنے کیا ہے دلیر / کیا نرہ شیرونکو اوسنے ہی شیر
گدا کو وہ چاہے تو دے خسروی / ضعیفون کو دم میں وہ کردے قوی
وہ بخشے جسے عزت و افتخار / تو ہی تاب کسکی کرے پھر جو خوار
تو اے مفلسی اسکی ہی کر التجا / کہ شاہ و گدا کا ہی حاجت روا
تو درگاہ میں اسکی ہو ہمزبان / تضرع کنان اور مناجات خوان

مناجات بدرگاہ حق سبحانہ تعالے

میں افتادہ و زار بیخانمان ہون / ستمگر ہوا دور افلاک ہون
یہ پھرتا ہوں میں بخت برگشتہ آہ / رکے ہے یہ سرگشتہ شام و پگاہ
نگاہ کرم مجھپہ کر یا خدا / مجھے بند پیچ و الم سے چھڑا
دکھا اب بہار گل آرزو / پلا مجھکو جام مل آرزو
ستاتی ہے اب گردش روزگار / مجھے خوار رکھے ہے لیل و نہار
نہیں ہے کوئی اور فریاد رس / تو ہی دادخواہون کا ہے دادرس
ذرا کر ترحم تو یا باغ مراد / مرا کر تو روشن چراغ مراد
گنہگار ہون اور عصیان شعار / ولے تو ہی غفار و آمرزگار

گنہ بخش میرے کرم مین بہا ہون
پر مستند ہون در مہر نگہ ہین

نہین اور کچھ خواہش دل بیان
ولیکن تمنا ہے یہ ہر زمان

نہ درگاہ سے اپنی رکھ نامراد
تو بے نامراد اور رکھ مجھکو شاد

شبستان دل کو مرے سر بسر
چراغ خرد سے منور تو کر

مری طبع ہو نکتہ دان یا الٰہ
معانی شناسی کی ہو دستگاہ

مرے خامہ کو کر تو گوہر فشان
زبان کو مری کر فصیح البیان

مجھے اپنے در کے سوا اور در
دکھا مت تو اے دادرو دادگر

کہ منت کش غیر ہر گز نہون
ترا ایک ممنون احسان ہون

جہان مین نہ رکھ دل پریشان مجھے
نہ کر فکر روزی سے حیران مجھے

مجھے اپنے گنجینہ فیض سے
زر دانش و گوہر عقل سے

مجھے بخش اب دستگاہ سخن
ثنا بائے کہا مجھکو راہ سخن

الٰہی مری اب دعا ہو قبول
بحق محمد طفیل بتول

نعت سرور کائنات جناب رسالت مآب علیہ الصلوٰۃ والسلام

پر از مشک و عنبر ہو کیونکر زبان
ثنائے محمد ہے ورد زبان

سر سروران ہے وہ عالیجناب
سپہر نبوت کا ہے آفتاب

سر سروران احمد مجتبیٰ
رسول خدا سید الانبیا

سحاب سخا و محیط کرم
یم جود و خوش خلق و عالی ہمم

فروغ جہان نور ایمان و دین
وہ شمع شبستان اہل الیقین

فرازندۂ رایت سروری
درخشندہ خورشید پیغمبری

قدم اونے معراج پر جب رکھا
تو پایہ بڑھا اور معراج کا

میسر ہوا جب کہ قرب حضور
نظر اسکو آیا وہ تابندہ نور

پیر بخشا اوسے پایگاہ رفیع
ہوئے جس کے شاہان عالم مطیع

کرون اسکے اصحاب کا اب بیان
کہ ہین صاحب عزت و عز و شان

کرون اب جو اوصاف کا کچھ بیان
نہ طاقت قلم مین نہ تاب و توان

معین اور یاور رہو یا مصطفیٰ
مرے دلکے بر لاؤ تم مدعا

وہ ختم رسل سرور نامور
فلک جسکے آگے جھکاتا ہے سر

جہان جسکے دین سے ہے روشن تمام
مہ انور اسکا ہے داغی غلام

خردمند و دانشور و بے نظیر
بسان مہ و مہر روشن ضمیر

وہ مہر جہانتاب اوج جلال
وہ سرو سرفراز باغ کمال

شفیع گناہان بروز جزا
کشایندۂ عقدۂ مدعا

وہ ہے خاص خاصان پروردگار
کہ جسنے کیا دین کو استوار

سپہر برین کے ہے خوش نصیب
ہوا جلوہ گر وان خدا کا حبیب

تجلی کہین جسکو اہل یقین
منور ہے جس سے زمان و زمین

گرامی و اشرف ہے انسان مین
غرض اسکی لولاک ہے شان مین

ابوبکرؓ و عثمانؓ والا گہر
عمرؓ اور علیؓ وہ شہ نامور

کہ ممکن نہیں سخن کو اب مختصر
یہ ہے عرض میری کہ شام و سحر

گنہگار ہون مین بروز حساب
مری کیجیو تم شفاعت شتاب

یہ منشی تمہارا ہے ادنیٰ غلام
کرم اوسپہ اپنا رکھو صبح و شام

لکھے اب خامہ مدح شاہ جہان
شہنشاہ جمجاہ صاحبقران

در تعریف ابو النصر محمد معین الدین محمد اکبر شاہ بادشاہ غازی

جہاندار اکبر شہ بے نظیر
خداوند تاج و کلاہ و سریر

ہمایون خصایل شہ نامور
خجستہ شمایل فرشتہ سیر

محبت رکھے وہ درویش سے
مروت ہے اسکو وفا کیش سے

حقیقت کرون علم کی کیا بیان
نہین اسکے ہمسنگ کوہ گران

فروزندہ خورشید برج مہی
گرامی در درج شاہنشہی

جہانبان حق بین بہ اوج خرد
حقایق شہنشاہ والا شکوہ

شناور ہے دریائے عرفان کا
دل اسکا ہے مثل گہر پر صفا

فریدون شفقت مغل و عصمت لقب
مروت مین یکتا ستارہ رجند

خدیو زمان شاہ عالی وقار
شہ دادگر خسرو نامدار

جہان پرور و کامبخش جہاں
سر سرفرازان کس بیکسان

در دولت شاہ عالم پناہ
فقیر و غنی کا ہے امیدگاہ

ہے کام یاں ہر کسیکا شتاب
یہاں آکے ہر کوئی ہو کامیاب

یہ وہ بارگہ ہے کہ امیدوار
نہ محروم یاں سے گیا زینہار

سخاوت میں دیکھا تو بحر سحاب
حضور اُسکے خجلت سے ہے غرق آب

کف جود سلطان والا گہر
گہربار رہتا ہے شام و سحر

اگرچہ ہو فرمانبرون سے خطا
کرے عفو از رو لطف و عطا

جہان سرکشان ہوویں سجدہ کنان
وہ ہے آستان خدیو زمان

جھکایا یہاں جو سر انکسار
تو چرخ برین نے یہ پایا وقار

نہ یہ رتبہ شمس ہوتا کبھی
اوٹھاتا نہ گرد اُسکی سرج کبھی

کواکب ہیں سب اس سخن کے گواہ
کہ مشعلچی اُسکا ہے رخشندہ ماہ

عطارد ہے منشی جہاندار کا
سپاہی ہے مریخ سرکار کا

جو یاں مشتری گرم طاعت ہوا
تو اُسکو میسر سعادت ہوئی

نہ کیونکر ہو زہرہ کا یاں نغمہ شان
کہ ہو نغمہ سنجان کا چاکر یہان

زحل نے اطاعت جو کی اختیار
تو پایا فلک پہ بڑا اختیار

بلطف شہنشاہ عالی جناب
فقط داستان ہی نہیں کامیاب

جو دشمن بھی ہون آنکر عذرخواہ
کرے اون پہ احسان شہ دین پناہ

شہنشہ کے اوصاف ہیں بیشمار
نہیں تاب کلک زبان زینہار

کرے جو بیان وصف شاہ زمن
دعا پر ہے ناچار ختم سخن

یہ منشی کی ہے آرزو ہر زمان
یہی ہے دعا اُسکی ورد زبان

کہ یارب شہنشاہ شاذان رہے
ترا لطف دایم نگہبان رہے

رہے اُسکی شمشیر کشورستان
نہ خاک شخون ہو سر دشمنان

جہاندار اکبر بہ فیروزی بخت
ہمیشہ جہان میں ہو با تاج و تخت

بیان سبب تالیف کتاب

عزیزان معنی شناس ایک روز
کہ تھا مشغل نو دو بہجت فروز

بہم محفل آرا تھے ہنگام شب
مہیا تھے سامان عیش و طرب

وہ مجلس تھی رشک بہار چمن
ہر اک لحظہ تھا ذکر شعر و سخن

تواریخ کا بھی جو مذکور تھا
تو پھر ہر کسی نے بیان یوں کیا

کہ ہے شاہنامہ تماشا کتاب
عجب نظم دلکش ہے با آب و تاب

دلے ہر کسی کو میسر نہیں
یہ تاریخ فرخ نہیں ہر کہیں

تو کل کہ فرد سخن سنج تھا
کیا ترجمہ اُس نے شہنامہ کا

لکھا نثر میں نسخہ مختصر
کہ احوال معلوم ہو سر بسر

یہ شمشیرخانی وہ موسوم ہے
تمام اُسمین احوال مرقوم ہے

یہ سنکر برادر مرے مہربان
سخن فہم و دانشور و نکتہ دان

کہ زور آور انکا جہان میں ہے نام
بخلق پسندیدہ مشہور عام

یہ بولے کہ اے منشی اس نامہ کو
تم اب ریختی کی زبان میں لکھو

کرو نظم ترتیب با آب و تاب
بنام شہنشاہ گردون جناب

وہ سلطان کہ ہے تاج شاہنشہان
وہ خاقان کہ ہے خسرو خسروان

چراغ شبستان سلطان پسر
جہاندار بخشندہ لعل و زر

خدا نے جسے شاہ اکبر کیا
خداوند اورنگ و افسر کیا

سنا یہ سخن جب تو با صد طرب
وہیں کرکے شمشیرخوانی طلب

ہوا میں دل و جان سے مصروف کار
لکھی نظم یہ دلکش و آبدار

بجز فکر اشعار شام و سحر
نہ تھی مجھکو زنہار فکر دگر

معانی شناسان فرخ نہاد
سخن آشنایان با دین و داد

ہوئے سنکے اس نظم کو شادکام
رہ منصفی سے یہ بولے تمام

کرو اللہ یہ نامہ دل پذیر
بہت خوب ہے بلکہ ہے بے نظیر

بجا ہے جو ہوں اسپہ گوہر نثار
کہ ہے یہ بنام شہ نامدار

مرتب یہ شہنامہ جب ہو چکا
کیا فکر تب سال تاریخ کا

تو پھر ہاتف غیب نے صبحدم
کہا قصہ خسروان عجم

نخستین ذکر سلطنت کیومرث و جنگ با لشکر دیو سار

سخنگوئے روشندل ہوشمند
یہ کہتا ہے زیر سپہر بلند
ہوا پہلے جو کوئی کشور کشا
شہ دادگستر کیومرث تھا
سدا کوہ مین تھا وہ مسکن گزین
بجز چرم پوشاک تھی کچھہ نہیں
سیامک تھا اُس شاہ کا اک پسر
خردمند مثل پدر نامور
کیومرث کا دشمن اک دیو تھا
ارادہ اُسی اُس سے تھا جنگ کا
غرض بچہ اُس دیو کا ایک بار
پدر سے لگا کہنے اے نامدار
یہ ہے عرض میری کہ جو حکم ہو
تو جاؤن کیومرث کی جنگ کو
سنا اُس نے جب یہ بیان پسر
تو دیوونکی فوج اُسکے ہمراہ کر
کیا اوسکو وہین روانے سوئے شاہ
کہ ہو کیومرث سے کینہ خواہ
سیامک نے جو دم سنی یہ خبر
کیا عرض جا کر حضور پدر
کہ اب حکم کا ہون مین امیدوار
جو ہو حکم جاؤن پئے کارزار
کیومرث نے اُس کو رخصت کیا
بہت اُس کے ہمراہ لشکر کیا
جو وہ بادشہ زادہ جنگ جو
ہوا بچہ دیو کے رو برو
تو پھر بچہ دیو کے ہاتھہ سے
نہ ہرگز ہوئی پھر رہائی اوسے
سیامک ہوا رزمگہ مین ہلاک
ملا جسم اُسکا تہ خون و خاک
یکایک جو لشکر نے کھائی شکست
سپہ پرورین نے کیا اُسکو پست
حضور کیومرث آئے دوان
ہوا شاہ غمگین و گریہ کنان
سیامک کا یک سال ماتم رہا
دل و جان کو اپنے پر غم رکھا
سنی بعد اُسکے اک آواز غیب
ہوا شاہ کو یون عیان از غیب
کہ بس اب صبوری کو کر اختیار
زیادہ نہو نوحہ گر زینہار
ذرا رکھہ تو دلکو قرین خوشی
کہ اب جا کے دیونسے لشکر کشی
مظفر تو ہوگا بفضل آلہ
دلیرانہ دیوون سے ہو کینہ خواہ
زمین دیو ناپاک سے پاک کر
یہ سب دیو سرکش تہ خاک کر
کیومرث نے جب سنی یہ ندا
تو ہوشیار و آمادہ سئے شہا
کیا اپنی آراستہ فوج کو
ہوا ساتھہ دیوونکے پھر جنگجو
سیامک کا اک پور ہوشنگ تھا
کہ سرتا بپا ہوش و فرہنگ تھا
دلیر و ہنرمند اہل تمیز
کیومرث کا جان و دل سے عزیز
کیا شاہ نے اُسکو سردار فوج
روانہ ہوا پھر وہ مانند موج
درندا و چرندا و ہر جانور
سدا تھے مطیع شہ نامور
کیومرث کے ساتھہ سب دام و دد
روانہ ہوئے وان سے بہر مدد
چو پہونچا وہ لشکر تو یہ دیو بھی
ہوا آکے شہ کے مقابل تبھی
پئے رزم شاہنشہ نامدار
وہ لایا بہت لشکر دیو سار
ہوا گرم بازار رزم و ستیز
ہوئی ایک برپا وہان رستخیز
زبس گرم کین ہر دلاور ہوا
تو مغلوب دیوونکا لشکر ہوا
ہوئے دیو عاجز دو دام سے
نفاز ندگی کے ہوئے نام سے
ہزارون ہوئے کشتہ و خستہ بس
رہی جنگ کی پھر نہ جی مین ہوس
کیومرث کے ہاتھہ سے دیو سار
ہوا کشتۂ خنجر آبدار
غرض دیو سار اور بچہ دیو بھی
ہوئے قتل اور اُسکا لشکر سبھی
کیومرث کی فتح شامل ہوئی
تمنائے دل اُسکی حاصل ہوئی
کیومرث شاہ خجستہ خصال
جہان مین رہا حکمران تیس سال
بصد فرخندہ فالی ہوا بعد ازان
وہ ہوشنگ فرمانروا جہان

بیان احوال سلطنت ہوشنگ

ہوا جبکہ ہوشنگ فیروز بخت
بصد فرخی مالک تاج و تخت
جہان پر رہا اُسکے اختیار
کیا عدل و انصاف لیل و نہار
جہان داد سے اُسکی آباد تھا
نہ تھا نام غم کا ہر اک شاد تھا
کیا اُس نے یہ کام فرہنگ سے
کہ آتش نمودار کی سنگ سے
جب آیا یہی اُسکے پیش نظر
تو شاہ جہاندار فرخ سیر
سپاس خداوند لایا بجا
یہ ارشاد تاکید سے پھر کیا

کہ آتش ہے نور الٰہی تمام
کرے خلق آتش پرستی تمام

جہاندار نے پھر بہ آئین نیک
کرا جشن شاہانہ ترتیب ایک

سوئے شہر لایا وہی آب جو
بآئین و عجیب و طرز نکو

بجز میوہ و غیر برگ و شجر
نہ پوشاک تھی نہ خورش پیشتر

نشان اسنے دی رسم نان و طعام
دل مردمان کو کیا شاد کام

سمور اور سنجاب اور پوستین
کئے اسنے پیدا بروئے زمین

جہان میں ہوا آہنگری کا ہنر
کیا اسنے ظاہر نہ تھا پیشتر

چہل سال باداد و دانش رہا
جہاندار ہوشنگ فرمان روا

جو عمر اسکی آخر ہوئی بعد ازان
ہوا شاہ طہمورث شاہ جہان

دربیان احوال سلطنت طہمورث

وہ طہمورث شاہنشہ ارجمند
جسے خلق عالم کہے دیوبند

رعیت نواز اور تھا دادگر
تھا کام جز داد شام و سحر

تمنائے خاطر تھی بہبود خلق
مراد دل بادشہ سود خلق

جو تھے عہد میں اسکے دانشوران
یہ اون سے لگا کہنے شاہ جہان

کہ تدبیر ایسی کرو کوئی اب
کہ ہو منفعت خلق کو روز و شب

پھر آغاز وان پشم بافی ہوئی
کہ پوشاک مردم کو کافی ہوئی

سیہ گوش اور یوز و شاہین باز
بعہد شہنشاہ گردون فراز

ہوئے سب گرفتار و رام آنکہ
وہ سیکھے شکار افگنی سر بسر

شہ پرورش کا تھا اک وزیر
خردمند دانا و روشن ضمیر

وہ قید ابلدن کرکے اک دیو کو
لے آیا حضور شہ نامجو

وہیں دیو غیرت میں آئے تمام
کیا عزم رزم شہ نیکنام

فراہم ہوئے وہ پئے جنگ شاہ
ادھر سے ہوا شاہ بھی کینہ خواہ

جو سر کردہ دیوؤں کی تھا فوج کا
سو اس دیو سرکش کا غو نام تھا

صف آرا ادھر تھے وہ خونخوار دیو
ادھر تھے دلیران و گہیان خدیو

بہم جنگجو ہر دو لشکر ہوئے
ہزاروں جدا سر سے وان سر ہوئے

وہ غو شاہ کے جب مقابل ہوا
تو غو کا شہنشاہ قاتل ہوا

بیک گرز توڑا سر کینہ خواہ
دکھائی عدم کی وہیں اسکو راہ

رہے زندہ میں انمیں جو اور دیو
ادہیں قید کرنے گیا وہ خدیو

پھر ازنگہ سے جو وہ فتحیاب
کیا حکم تب شاہ نے یون شتاب

کرو قتل دیوؤنکو یکدست اب
لگے کہنے دیوان خونخوار تب

اگر ہووے جانبخشی آتا جو ہر
تو سکھلاویں ہم ایک طرفہ ہنر

پذیرا کیا شہ نے یہ التماس
وہ لائے دوات و قلم شہ کے پاس

شہنشہ کو لکھنا سکھایا وہیں
وہ حرفوں کا پڑھنا بتایا وہیں

شہنشہ نے سی سال کی داوری
رہے اسکے محکوم دیو و پری

پسر تھا جو جمشید طہمورث کا
ہوا بعد اسکے وہ فرمانروا

بیان احوال سلطنت جمشید

جہاندار جمشید عالی وقار
خردمند دانشور و ہوشیار

خداوند اورنگ شاہنشہی
سپہ دار اقلیم فرماندہی

دلیر و قوی زور آفاق گیر
ہر اک شاہ تھا اُس کا فرمان پذیر

شجاعت بہت تھی تو ہمت بلند
اور اقبال و دولت سے تھا ارجمند

بیان سے فزون اسکا جاہ و حشم
سدا خلق پر اسکا لطف و کرم

ہنرمند آگاہ و ذوفنون
فراست سے ہر چیز کا رہنمون

فن پارچہ بافی و کشتکار
کیا شاہ جمشید نے آشکار

قز و خز و دیبا و ریشم کتان
زرہ جوشن و تیغ و برگستوان

ہوا عہد میں اسکے پیدا یہ سب
ہوئے اس جہانمیں جو پیدا سبب

زراعت کے قابل زمین تھی جہان
سیا اسکے جیحا تھا آب روان

کیا شہ نے مردم کو مسکن گزین
ہوا ہر کوئی ہر مکان میں مکین

ہنر اور ہر شخص کے ہر مکان
دیا اور کیا حکم یہ بعد ازان

کہ اب اس مکان میں زراعت کرو
نہ بے شغل و بے کار ہرگز رہو

یہ دیوؤنکو ارشاد پھر وان کیا
کہ تم طرز و نقشہ مکانات کا

سکھاؤ یہاں مردمان کو تمام ۔ کہ کرنے لگیں سب عمارت کا کام
ہوا جبکہ حکم شہ نامدار ۔ ہوئے دیو تب وہیں مشغول کار

وہ حمام اور قصر و دیوان و کاخ ۔ بنائے گزند و بلند و فراخ
بنائے گچ و خشت اور رنگ سے ۔ طرحدار و دلچسپ ہر رنگ سے
بہت دلکش اور بہت استوار ۔ سراپا لطافت سراپا بہار
پھر اک تخت شہ نے مرتب کیا ۔ بیاقوت و گوہر مزین کیا
اور اس تخت پر بیٹھتا تھا مدام ۔ رہے تھا سدا خرم و شادکام
کبھی حکم کرتا وہ یوں دیو کو ۔ بروئے ہوا تخت کو لے چلو
غرض دیو دن رات دوش پر رکھکے تخت ۔ جہاں چاہتا وہ شہ نیکبخت
پھونچتا وہاں یکدم میں بشوق ۔ تھا دل میں اندیشہ تخت و فوق
شہنشہ نے کشتی بھی تیار کی ۔ محیط جہاں میں یہ پہلے نہ تھی
ہر سال گاہے جو نوروز نام ۔ سوا اسکا ہی تو جبکہ شہ ذوالکرام
جب آیا یہ نوروز عشرت قرین ۔ تب اک جشن ترتیب کرتا یہیں
مہیا مے و نغمہ ہوتا وہاں ۔ غرض عیش کرتا وہ شاہ جہاں
جن و انس و دیو پری کو مدام ۔ گھر بخشتا خسرو نیک نام
بعیش و طرب ہفتصد سال تک ۔ رہا حکمران شاہ زیر فلک
رہی خلق آسودہ بے خطر ۔ بہت خرم و شاد شام و سحر
نہ بے شغل کوئی نہ بیکار تھا ۔ کوئی دردمند اور نہ بیمار تھا

نہ تھا کوئی رنجور اُس دور مین
رہے مرگ بھی دور اُس دور مین

جو گذرے برس سات سو اسطرح
کیا ہے بیان جسنے یان جسطرح

تو شہ سے ہوئی دور دانش و فرو
ہوا شاہ کے دل مین پیدا غرور

یکایک جو اپنی طرف کی نظر
کہ جاہ و حشم ہے مرا اسقدر

تو آیا یہ دل مین جمشید کے
کہ ہمسر ہون مین ماہ و خورشید کے

بجاہ و حشم زیر چرخ برین
برابر کوئی اپنے دیکھا نہین

اکابر جو تھے انکو کر کے طلب
یہ جمشید لایا زبان پر کہ اب

بتاؤ کہ دنیا مین ہے کوئی شاہ
کہ جسکا برابر مرے ہووے جاہ

خداوند اورنگ و افسر ہون مین
جہاندار و بخشندہ زر ہون مین

جہان کو کیا مین نے آراستہ
جہان سے ہوا رنج برخاستہ

خور و خواب و آرام اہل جہان
یہ جمعیت خاطر مردمان

نشاط و خوشی نغمہ و جام مے
مری ہی سبب سے ہے ہر ایک شے

جہان مین ہوا مجھسے پیدا ہنر
نہیں کوئی مجھہ سا ہنر نامور

سنا جبکہ جمشید سے یہ سخن
لگے کہنے دانشوران زمن

کہ بس ہے تو بخشندہ و دادگر
نہیں اور تجھہ سا کوئی تاجور

وے دل مین سمجھے یہ یزدان شناس
کہ جمشید حق سے ہوا ناسپاس

ہوا رخصت اُس سے جب اقبال و بخت
نصیبون سے اُس کے گیا تاج و تخت

کوئی دن کو دیکھے ہی یہ روز بد
ہوئی فرو فرمان دہی اُسکی رد

وہ فرمانبران شہ نامدار
کنارا لگے کرنے بے اختیار

خفا ہوکے شہ سے وہ یکبار سب
غرض اوٹھ گئے وان سے سردار سب

شہنشہ کے دل مین یہ آیا ہراس
وہین اوڑ گئے اُسکے ہوش و حواس

یقین ہوگیا یہ کہ یزدان پاک
مقرر ہوا مجھسے اب خشمناک

لگی دولت اُس شہ سے منہ پھیرنے
لگی اُسکو بیدولتی گھیرنے

جہاندار جمشید انجام کار
ہوا بس تبہ اور پریشان و خوار

گرفتار قہر الٰہی ہوا
جدا شاہ سے تخت شاہی ہوا

علا الغرض خاک مین بخت جم
ہوا جائے ضحاک پھر تخت جم

لکھون آگے ضحاک کی داستان
کرون اُسکی اب سلطنت کا بیان

بیان احوال سلطنت ضحاک تازی

سپہ دار مرتاض تازی بنام
شہ کامران خسرو ذوالکرام

کہ تھا تازیان مین وہ فرمانروا
رعیت نوازی مین مشغول تھا

ہزارون بز و اشتر و گاؤ میش
رکھے تھا سپہ دار فرخندہ کیش

نسب روز اُن چارپایونکا شیر
غریبون کو دیتا سدا بیشتر

پسر ایک تھا اُسکا ضحاک نام
جوان و دلیر و بلند احتشام

مسکے اسپ تازی تھا وہ بس ہزار
بڑا جاہ تھا اور بڑا اقتدار

حضور اوسکے ابلیس ناراست گو
ہوا حاضر اکدن بشکل نکو

گذارش کئی نقلین کین آن کر
کہ دلچسپ اور نغز تھین سربسر

وے تھا فریب اُسمین کمیسر بھرا
خدع سے سخن کوئی خالی نہ تھا

معرا تھا ضحاک جو عقل سے
ہوا خرم و شاد اس نقل سے

لگا کہنے ابلیس سے اور بھی
بیان کر لطیفہ بلطف و خوشی

وہ بولا اے شاہ فرخ نہاد
سخن خوبتر ایسے ہین مجھکو یاد

ولیکن مین کہتا ہون اس شرط سے
کہ گر عہد اور قول دے تو مجھے

کہ جو کچھ کہون مین کرے تو وہی
کسی سے نہ یہ راز کھولے کبھی

قسم کھا کے ضحاک نے یہ شتاب
دیا اُسکو گفتار کا یہ جواب

یہ مذکور کیا جو ترے راز کو
کرون ظاہر اے مرد فرخندہ خو

ہوا جبکہ آپس مین عہد استوار
یہ ابلیس بولا کہ اے نامدار

جو مرتاض تازی ہے تیرا پدر
تو اُسکو شتابی کہین قتل کر

کہ تو ہے جوان اور ترا باپ پیر
نہ تجھکو ہے زیبندہ تاج و سریر

یہ سنکر ہوا دل کو اُسکے درد
لگا کہنے اُس سے کہ اے نیک مرد

یہ گفتار تو ناپسندیدہ ہے
نہ میزان دانش مین سنجیدہ ہے

رہ دین و دانش سے جو دور ہو
وہ بیداد کب مجھکو منظور ہو

کہی شاہزادہ نے یہ بات جب
رہے تیری گردن پہ سوگند بند
یہ پوچھا کہ کسطرح تجہے ہلاک
کنوان ایک وس شاہ کی راہ مین
وہ شاد اس مکان مین زروئے طرب
کیا اُس کو خس پوش پہر سر بسر
گئے ٹوٹ اوسکے سر و دست پا
پہر ابلیس بدذات نے یون کہا
مری دانش و عقل و تدبیر پہ
سراسر جہان کی تجہے خوبیان
نوازش بہت اوسپہ مصروف کی
خورش خانۂ خسرو نامور
وہ تیار کرپیش فرمان روا
ہوا کہا کے اُس کو بہت شادکام
کہ اے قدردان شاہ فرخ سیر
بصد لطف کیک تو قدر و سعید
زروے عنایت کہا یون کہ اے
مری آرزو ہے کہ شام و پگاہ
برآوے مرا مدعا کیا عجب
نوازش سے تجہکو کرون ارجمند
جو کتف اپنے شہ نے برہنہ کئے
یہ کردار بد کرکے وان آشکار
کیا چارہ دانشوروں سے طلب
پہر اتنے مین ابلیس پیدا ہوا
ہوا وہ لکہا جو نصیبون مین تہا

یہ بولا وہ ابلیس ناپاک تب
تو ہو خوار اور تجہکو پہونچے گزند
بتا کوئی تدبیر بیخوف و باک
کرون کندہ تا وہ گرے چاہ مین
عبادت کو جاتا تہا ہنگام شب
شہ نامور کو نہ تہی کچہہ خبر
ہوا قید ہستی سے دم مین رہا
کہ صد شکر الشاہ کشورکشا
عمل تو کرے ہر شب و روز گر
میسر ہون اب بادشاہ جہان
کلید خورش خانہ پہر اُسکو دی
ملا جبکہ اوسکو تو شام و سحر
کبہی مرغ لاتا کبہی چار پا
کہ تہا خوشتر و نغز تیکو طعام
خورش لاؤنگا اس سے کل نغز تر
پکا لیگیا با دل پر امید
جو کچہہ چاہئے مجہہ سے کر تو طلب
کہ دون ایک بوسہ سر کتف شاہ
مجہے کامیابی ہو با صد طرب
کہ ہو نام تیرا جہان مین بلند
تو شیطان نے اوسپہ بوسے دئے
نظر سے وہ غائب ہوئے نابکار
لگے کرنے تدبیر و تجویز سب
بشکل طبیبان ہویدا ہوا
نہین دفع ہوتی یہ ہرگز بلا

اگر اس کام سے تو کرے درگذر
نہ خون پدر اُس کو منظور تہا
لگا کہنے پہر وہ کہ اے نامدار
مکان ایک بیرون دولتسرا
ستمگار ناپاک نے ایک چاہ
گیا جب اُدہر کو تو بس راہ مین
وہ ضحاک بیرحم و بیدادگر
ہوا میری تدبیر سے اب تو شاہ
تو ہو بادشاہ ہفت اقلیم کا
یہ سنکر ہوا شاد ضحاک شاہ
خوراک و رجز میوہ و نان دان
پکانے لگا نغز و خوشتر طعام
پکا ایک دن بیضۂ مرغ دان
زروے طرب شہ نے بخشی آفرین
غرض دوسرے روز پہر شاد شاد
وہ ضحاک نے جبکہ کہایا طعام
کیا عرض ابلیس نے پہر شتاب
یہ رتبہ نہیں گرچہ میرا وے
یہ ضحاک بولا کہ اے نیک خو
یہ کہکر دئے کہول کتف اپنے بس
دیئے جبکہ بوسے سر کتف شاہ
جہاندار ضحاک حیران ہوا
پہر اس درد کا کچہہ نہ پایا علاج
وہ آکر حضور شہ نامدار
تری زندگی اب تو دشوار ہے

پہرے عہد سے نہ اے نامور
ولیکن وہ ناچار و مجبور تہا
یہ کچہہ کام مشکل نہیں زینہار
شہ نامور نے کیا تہا بنا
کیا کندہ وہ وہین سر راہ شاہ
گرا شاہ آزاد اُس چاہ مین
سر تخت بیٹہا بجاے پدر
مبارک ہے تخت و تاج و کلاہ
خداوند ہو تخت و دیہیم کا
تملق لگا کرنے شام و پگاہ
نہ تہی اون دنون جہاں جہان
مزیدار و خوش ذائقہ ہر طعام
خورش کو وہ لایا تو شاہ جہان
یہ سنکر کیا عرض اوسنے وہین
حضور جہاندار فرخ نہاد
نہایت ہوا خرم و شادکام
کہ اے شاہ ضحاک عالی جناب
مگر شہ کے لطف و عنایات سے
ترے دلکی بر لاؤن یہ آرزو
یہی دل مین ابلیس کے تہی ہوس
ہوئے وہین پیدا دو مار سیاہ
بہت اپنے دل مین پشیمان ہوا
کسیکو بہی اسکا نہ آیا علاج
لگا کہنے شہ سے کہ اے شہریار
خرد چارہ سازی سے ناچار ہے

ہوا اُس سے ضحاک اندوہگین
لگا کرنے فریاد و زاری وہین
یہ کہنے لگا پھر زروئے نیاز
کہ اے مرد فرزانہ و چارہ ساز
کسیطرح سے چارہ سازی تو کر
شتابی سے عاجز نوازی تو کر
کیا شاہ نے جب بہت انکسار
تو بولا وہ پھر یون کہ ابے اعذار
نہین اس سے چارہ کوئی اور نغز
کہ سانپون کو دے آدمی کا تو مغز
تری جان کو پھر نہ پہونچے گزند
رہے پھر نہ تو اسقدر دردمند
بتایا جو ابلیس نے یہ علاج
لگا کرنے دایم خداوند تاج

آمدن سلطنت ایران بدست ضحاک

و آوارہ شدن جمشید و رسیدن تنہا در زابلستان بلباس دیگر و شناختن او را دختر والی زابلستان و عقد بستن با او

یہ ہر ملک و کشور مین پہونچی خبر
کہ ضحاک شاہنشہ تاج ور
رکھے ہے دو مار سیہ اپنے پاس
جسے دیکھہ اوڑتے ہین ہوش و حواس
یہ ہیبت ہوئی شاہ کی دہر مین
کہ ڈرنے لگے لوگ ہر شہر مین
بزرگان ایران کے جمشید سے
ہوئے منحرف تھے سو وہ آنکے
ہوئے پیش ضحاک حاضر سبھی
کمر چست باندھی پئے بندگی
بیان کر کے احوال ایران تمام
کیا عرض یون آکے شہ ذوالکرام
اگر فوج بہر کار جاوے ادہر
تو ہاتھہ آوے وہ ملک بھی زود تر
یہ سن کر دہین لشکر بیکران
کیا شاہ نے ساتھہ اونکے روان
وہ جمشید بھی آ مقابل ہوا
و لے کام دل کچھہ نہ حاصل ہوا
شکست اونے کہائی بہنگام جنگ
گریزان ہوا شاہ جم بیدرنگ
جو اقبال او بخت برہم ہوا
تو جم او ر بتہ لشکر جم ہوا
رہا کوئی بہی پھر نہ ہمراہ جم
کسی سمت تنہا گیا شاہ جم
ہوا شاہ ضحاک ایرن کا شاہ
ہوا او نصیب اوسکے تاج و کلاہ
کئے لوگ ضحاک نے پھر روان
کہا یون شہ جم کو پاؤ جہان
اوسے قید کر کے یہان لاؤ تم
تفحص کنان ہر طرف جاؤ تم
کرون پھر ہر اک کا مین رتبہ فزون
زر و گوہر و لعل انعام دون
ہر اک طرف نکلے پھر طرقدار کو
گیا دو دن ہی حکم شہ نا جو
کہ لاوے اوسے جو گرفتار کر
رضامند اُس سے مین ہون بیشتر
بڑا رتبہ اوسکا ہو میرے حضور
غم و فکر دُنیا رہے دل سے دور
ستمدیدہ چرخ پر فتنہ جم
شب و روز با خاطر پر الم
سو گئے وادی و کوہ آوارہ تہا
نہایت غریب اور بیچارہ تہا
ہر اک سے چھپاتا تہا وہ آپکو
نہ ہرگز جتاتا تہا وہ آپ کو
پری وار مردم سے پوشیدہ تہا
کہ آفت رسیدہ و غم دیدہ تہا
غرض رفتہ رفتہ بصد رنج و غم
گیا زابلستان مین وہ شاہ جم
شہپدار اورنگ زابل کا شاہ
رکھے ایک تہا دختر رشک ماہ
مہ و مہر سے حُسن مین خوب تہی
دلارام و دلدار محبوب تہی
وہ زلف دوتا اُس کی دام بلا
گرفتار جسکا نہووے رہا
وہ ابرو تھے یا تیغ بران تھے
وہ مژگان نہ تہے بلکہ پیکان تہے
کئے سیکڑون ایک نگہ سے ہلاک
ہزارون ملائے تہ خون و خاک
وہ قامت کہون یا قیامت کہون
قیامت ہے بالا وہ قامت کہن
کہون کیا کہ رفتار نے کیا کیا
کہ ہر گام پر فتنہ برپا کیا
لبون سے جو کچھہ اوسکے ہوا آشکار
دم عیسوی سے نہو زینہار
وہ چشم اوسکی خونریز مردم علام
ہوئی جس سے ترکون کی ترکی تمام
سوا خوبی و حسن کے وہ صنم
نہ مردون سے تہی کچھہ شجاعت مین کم
ہنر پہلوانی کے تہے اوسکو یاد
وہ تہی پہلوانی مین بہی اوستاد
جو درپیش آجاتی تہی کوئی جنگ
تو بیخوف و اندیشہ بن بیدرنگ
پہنتی تہی پوشاک مردانہ وہ
پئے رزم جاتی دلیرانہ وہ
دس پندرہ کی تہی وہ دلستان
خردمند و دانشور و نکتہ دان
جوان تہی و لیکن بہ تدبیر پیر
شعور و فراست مین تہی بے نظیر

ادسی سال مین جو منوچہر شاہ
کئیو زابلستان لایا پناہ
دلیر و ہنرمند صاحب جمال
جہان مین تھی وہ دلربا بیمثال
دلے باپ کو اُس کے انکار تھا
کسی کو نہ دیتا وہ زنہار تھا
رکے وصل کی اپنے جی مین ہوس
خوشی سے وہ ہمبستر اوسکا ہو بس
سو اُس دایہ نے ایکدن دخت کو
کہا تھا کہ اے دخت فرخندہ خو
کہ ہووے تو ہمخوابہ شاہ جم
اور اُس سے ہو اک طفل فرخ شیم
کہا تھا وہ دایہ نے جا کر شتاب
حضور شہنشاہ عالی جناب
یہ مژدہ جو تونے سنایا مجھے
تو راز نہان سب جتایا مجھے
وہ جم اتفاقاً وہان جو گیا
سر راہ اک باغ تھا شاہ کا
یہ تھی آرزوئے دل شاہ جم
کہ اس باغ مین چل کے اب کوئی دم
دلے حاجیون نے نہ جانے دیا
وہ ناچار مجبور سا رہ گیا
تلے اک شجر کے گیا بیٹھ جم
کہ ہو دور دل سے اغبار الم
پڑی اُس کی جمشید پر جو نظر
تو حیران ہوئی بس وہین دیکھکر
یہ پوچھا کہ تو کون ہے اے جوان
عیان کر تو مجھسے یہ راز نہان
کہون کیا کہ رکھتا تھا دولت عظیم
بہت حشمت و جاہ و شوکت عظیم
مجھے خواہش بادۂ ناب ہے
کہ دل رنج سے سخت بیتاب ہے
کہ ہو خاطر غمزدہ کو سرور
ذرا ہووے کلفت مرے دل سے دور
کہا یہ کہ اے بانوئے مہربان
در باغ پر ہے اک آیا جوان
اوسے اور ہرگز نہین کچھ ہوس
طلب وہ ساغر کی رکھتا ہے بس
کہا اوسنے تو بس صرف چاہی شراب
دلے اُسکو پہونچاؤنگی مین شتاب
یہ کہکر اوٹھی بس وہ سرو روان
پرستار کے ساتھ آئی وہان
یہ سمجھی وہین وہ بت دلستان
کہ ایرانیون مین سے ہے یہ جوان
اثر کر گیا عشق جمشید کا
گرفتار الفت ہوئی دلربا
تو پوچھا ہے اب کون زیر شجر
تو ٹھیرا ہے کیون سایہ مین آنکر
بس اب دیکھکر اس پرستار کو
تجھے یاد ہے آئی اے نیک خو

تو تدبیر سے اوسکی بدخواہ پر
شہ زابلستان نے پائی ظفر
بہت اوسکے شاہان طلبگار تھے
بہ نقد دل و جان خریدار تھے
یہ بس عہد واثق تھا باہمدگر
کہ وہ ماہ پیکر جسے دیکھکر
زن عاقل اک دایہ تھی دخت کی
کہ انجم شناس و خردمند تھی
ترے مین نے دیکھی جو طالع تو ہان
ہوا یون عیان مجھپہ راز نہان
یہ سن کر تو بیحد مسرت ہوا
بہت شادی مین تھی وہ دلربا
یہ سن شاہ نے مژدہ دلفروز
کہا قابلہ سے کہ اے نیکروز
غرض اس سبب سے وہ شاہ زمن
نہ سنتا تھا خواہشگرونکا سخن
اور اُس باغ مین تھی وہ دلدار بھی
جو دن رات جم کی طلبگار تھی
ذرا جی کو وان اپنے بہلائیے
صبا کی طرح سیر کر آئیے
ہوا خوش جو آئی تو بیرون باغ
وہ ٹھہرا اذرا با دل داغ داغ
کسی کام کیواسطے ناگہان
کنیز اُس پریزاد کی آئی وہان
عیان جم کی صورت سے تھی نیکوئی
درخشندہ تھی شوکت خسروی
دیا اُسکو جمشید نے یہ جواب
کیا چرخ نے میرا خانہ خراب
پر اب گردش بخت برگشتہ ہون
خراب و پریشان و سرگشتہ ہون
خداوند سے باغ کے لا شتاب
ابھی جا کے دو تین جام شراب
پرستار نے جب سنا یہ سخن
گئی باغ مین پیش رشک چمن
اگرچہ وہ آفت رسیدہ ہے پر
رخ خوب اوسکا ہے رشک قمر
پرستار سے سنکے وصف جوان
لگی کہنے وہ دختر دلستان
ہے لعل اور ساغر دلنواز
سرود و دف و چنگ و عشرت کا ساز
در باغ پر جب ہوئی جلوہ گر
تو صورت کو جمشید کی دیکھکر
ہوا زرد غم سے رخ لالہ رنگ
طرح غنچے کے ہی یہ جی سے بتنگ
لگی پوچھنے یون کہ اے خستہ حال
گرفتار تشویش رنج و ملال
مگر اس کنیزک پہ مایل ہوا
اسیر محبت ترا دل ہوا
اگر تجھکو ہے آرزوئے شراب
تو اس باغ مین لیجاؤن شتاب

کیا جب طلب اوس نے جمشید کو
تو سوچا یہ جمشید فرخندہ خو

کیا جم نے جانے مین آخر حذر
ولیکن وہ بولی حذر کچھ نکر

رکھے جان سے ہی گرامی مجھے
بہت پاس خاطر ہے میرا اوسے

غرض شوق سے تو یہان لن شتاب
کہ شاہد بہی ہو سرود و شراب

اور اب اوسکو دیکھا تو شیدا ہوا
اثر عشق کا دل مین پیدا ہوا

شہ جم کے رکھہ ہاتھہ مین اپنا ہاتھہ
خرامان چمن مین ہوئی اوسکے ساتھہ

کنیزان گل چہرہ آئین دہان
ہوئین جم کے آگے وہ سجدہ کنان

کیا شیشہ و جام پہر وہان طلب
ہوا دور عیش و نشاط و طرب

جو حکم اُس پریچہرہ نے یون کیا
تو پہر جام ساقی نے جم کو دیا

برسم شہان جو ہوا بادہ کش
یہ کہنے لگی جی مین وہ حور وش

کہا پہر یہ جمشید سے اے جوان
رہ دور سے ہے تو آیا یہان

لگی کہنے پہر یون وہ رشک قمر
تجھے خواہش بادہ ہے اسقدر

دیا شاہ جمشید نے یہ جواب
کہ ہے بیشتر مجھکو میل شراب

عجب چیز ہے بادہ اے نازنین
کہ دل سے کرے دور کلفت وہین

کرے بزدلون کو دم مین دلیر
پئے مے جو کوئی کرے کار شیر

خورش کے مزہ کو زیادہ کرے
غم دل کو بس دور بادہ کرے

زبس مجھکو تہی راہ کی ماندگی
تمنا ہوئی بادۂ ناب کی

کہ جمشید شاہ جہان ہے یہی
جہاندار شاہ شہان ہے یہی

یکایک یہ خاطر مین گذرا کہ اب
شبیہ شہ جم کو کرون مین طلب

تو دیکھے مین گلشن کی دیوار پر
پڑی اُس پریچہرہ کی جو نظر

کوئی شوق سے جیسے بیدرد و غم
ملاوے لب یار سے لب بہم

جو یون بیٹھے دیکھے کبوتر بہم
تو کچھ شرم سی آگئی پیش جم

تو فرمایئے انہیں سے اسدم جسے
کرون جیسا اوسکو مین ایک تیر سے

کہ زن بیشتر ہستی کرے وقت کار
نکر بیشتر ہستی تو اب زینہار

ولے ہمسری مرد سے کیا کرے
کرے ہمسری گر تو بیجا کرے

جو جاؤن مین مثل بت ودستان
مبادا بلا کوئی آوے یہان

پدر ہے مرا شاہ زابلستان
مین اوسکی ہون اک دختر دلستان

مجھے ہے یہ پراونگی روز و شب
جسے چاہون اُسکو کرون مین طلب

سنا تہا یہ جمشید نے پیشتر
کہ اک دخت ہے رشک شمس و قمر

گیا باغ مین شاہ جم پہر وہین
ہوئی شاد و خرم بت نازنین

گئی سیر کرنے وہ اک حوض پر
ہوئی فرش شاہانہ پر جلوہ گر

بحکم پریرو بمشک گلاب
شہ جم کے پہر پاؤن دہوئے شتاب

کہا نازنین نے کہ اب بیدرنگ
پلاؤ اسے بادۂ لالہ رنگ

کئے نوش جم نے پیالے سہ جام
ہوا دور اندیشہ دل سے تمام

کہ ہے یہ جوان یگان بادشاہ
کیا چرخ نے لیکن اس کو تباہ

ترے واسطے ہوئے حاضر طعام
وہ بولا کہ تم اور دو مجھکو جام

کہ جز بادہ تو کچھ نہین چاہے اور
نظر آئے مجھکو عجب ہے یہ طور

کبھی گر نپاؤن تو بیتاب ہون
مین بے صبر بے بادۂ ناب ہون

دل تیرہ کو روشنائی ہے مے
جسے کوفت ہو مومیائی ہے مے

جو ہو پیر فرتوت بہی بادہ کش
تو ہووے جوان پیکے انگور وش

کرے دفع سب ماندگی ہاے تن
لگے مے سے خوشتر بہار چمن

کیا جب فصاحت سے جم نے سخن
گمان ہے گئی تب وہ رشک چمن

لگی کہنے پہر جی مین یون داستان
کہ کیونکر یقین ہو مرا یہ گمان

کسی سے کہا یون کہ جا و شبیہ
مرے پاس ہے جم کی لاؤ شبیہ

تو دیکھا کہ بیٹھے کبوتر ہین دو
ملا کر بہم اپنی منقار کو

وہ دونون تہے سرگرم راز و نیاز
اُدہر سے نیاز اور ادہر سے ہے ناز

طلب کرکے پہر دو مین تیر و کمان
لگی کہنے جمشید سے یون کہ ہان

شہ جم یہ بولا کہ اے نازنین
جہان مرد ہون واں یہ لازم نہین

اگر لاکھ ہون زن ہو شجاع و دلیر
قوی اپنے نزدیک ہو مثل شیر

کہ زن زن ہے آخر کو مرد مرد
شعور زنان پیش مردان ہے گرد

دلیری و تدبیر و زور و ہنر / رکھے مرد ہی زن سے ہان بیشتر
یہ سنکر پریرو ہوئی شرمگین / عرق آگیا چہرے پہ بس ڈہین
کمان ہاتھ سے اُسکے جم کے گری / کیا عذر بھی اور بہت عاجزی
تو پھر دل جسے چاہا اُس زن کو یون / بصد شوق ہم بستر اپنا کرون
پریرو بھی اس رمز کو پا گئی / یہ بات اُسکے بھی دھیان مین آگئی
کمان سے ہوا تیر جس دم رہا / گری مادہ بسمل ہو نر اوڑ گیا
وہ پر زور تھی نازنین کی کمان / کہ زابل مین تھے جسقدر پہلوان
لگی جی مین کہنے کہ کیا احتیاج / شبیہ شہ جم کی دیکھون مین آج
غرض قوت و زور جم دیکھکر / ہوئی آفرین خوان وہ رشک قمر
تصور مین جم کے پیا پھر شتاب / پریچہرہ نے ایک جام شراب
کبوتر جو بیٹھا ہے پھر آن کے / نشانہ کرون تیر کا کر اوسے
مرادہ ہم آغوش ہو شوق سے / کرون اُسکو نخچیر مین ذوق سے
سمجھ یہ گیا شاہ جم بھی وہین / کہ میری طلب گار ہے نازنین
کہا اوس نے یہ ماجرا اک قلم / نگہ کی وہین دایہ نے سوئے جم
جو دیکھا تھا طالع مین تیر کو صواب / ہوا آشکارا بالطاف رب
بکر دیر جو وصل سے کامیاب / خوشی سے ہوا بہتر اُسکی شتاب
سنا اوس نے دایہ سے جب یہ سخن / ہوئی اور بیدار وہ سیمتن
سو دایہ سے بولی جو تو نے کہا / زرو سے کرم راست لاوے خدا
جو صورت سے جم کے مقابل ہوئی / تو بس باعث فرحت دل ہوئی
تو اورنگ و دیہیم کو یاد کر / دل پر الم سے کیا نالہ سر
پریرو نے دیکھا جو یہ حال جم / تو پوچھا کہ کیون تو نے کی چشم نم
یہ صحبت ہی دلچسپ بزم طرب / یہ اوقات گریہ کا کیا ہو سبب
یہ کہنے لگا جم کہ اے گلعذار / جو دنیا مین ہین عاقل و ہوشیار
سوئے پرنیان کی جو مین نے نگاہ / تو دیکھی شبیہ جم اے رشک ماہ
لگا رونے جون ابر بے اختیار / رہا کچھ نہ دل مین شکیب و قرار

حوالے مرے کر یہ تیر و کمان / ہنر دیکھ میرا تو اے دلستان
ولیکن دل مین افزون محبت ہوئی / زیادہ شہ جم کی الفت ہوئی
کہا پھر یہ جم نے کہ اے نیک خو / کرون گر ہدف تیر کا مادہ کو
مراد اس سخن سے تھی وہ رشک ماہ / کہ ہووے ہم آغوش جمشید شاہ
پیا جام پھر جم نے اور بیدرنگ / کمان کھینچکر ایک مارا خدنگ
پھر اک دم مین بیٹھا وہ نر آن کر / کہ بیٹھا ہوا تھا جہان پیشتر
کوئی کھینچ سکتا تھا اُسکو نہین / ولے جم نے کھینچی تو وہ نازنین
ہوا این یقین یون کہ جمشید ہے / تہ ابر پوشیدہ خورشید ہے
طلب گار جم کی ہوئی دل مین بس / ہوئی وصل کی اوسکے جی مین ہوس
شہ جم سے پھر آپ لیکر کمان / یہ کہنے لگی وہ بت دلستان
تو جس مرد فرخ پہ مایل ہو دل / ملاقات کا اُس کے سایل ہو دل
یہ اس گفتگو سے تھی اُسکی مراد / کہ ہو جفت جمشید فرخ نہاد
بہم گفتگو دان خوشی سے یہ تھی / کہ دایہ بھی آپہونچی اُس دخت کی
لیا جم کو پہچان اور یون کہا / کہ اے دختر مہوش دلربا
طلب گار تھی جسکی سو ہے یہی / شہ جم شہ نامجو ہے یہی
وہ دختر کہ تھی عاشق روئے یار / رکھے تھی تمنائے بوس و کنار
اور اپنے ہوئی دل مین خوش بیشتر / کہ معشوق مطلب ہوا جلوہ گر
پھر اتنے مین دان جم کی آئی شبیہ / وہ دایہ کو اوسنے دکھائی شبیہ
شہ جم کو دایہ نے پھر دی شبیہ / اور اُس نے وہ اپنی جو دیکھی شبیہ
لگا کھینچنے نالہ پھر شہریار / ہوئی زار بھی نرگس اشکبار
نگہ کرکے اب تو سوئے پرنیان / ہوا کس لئے یان تو نالہ کنان
گیا کسطرف ہائے تیرا خیال / مگر مجھ سے کچھ تو نے پایا ملال
ستمدیدگان کے وہ احوال پر / غم و درد سے نالہ کرتے ہین سر
مجھے یاد آیا وہ جاہ و حشم / بزرگی و اورنگ و تاج و علم
کیا جور چرخ ستمگر نے ہائے / کیا ظلم اس سفلہ پرور نے ہائے

کیا شاہ جمشید کو یون تباہ
دو مار سیہ جس کی ہین کتف پر
کراب ہے وہ برگشتہ اختر کہان
کہین ہے اسیر بلائے بزرگ
کہ ہے آپ جم یہ شہ ناجو
کہا پہر یہ خلوتین تو ہی ہی جم
شہ جم یہ بولا کہ اے دلستان
تعلق بہت نازنین نے کیا
کریگا تو انکار گر لا کہہ پر
بہانہ تو کرتا ہے اب بار بار
ترے وصل کا مجھکو مژدہ دیا
تری ہی تمنائے دیدار تہی
نہ آرام جان ہے نہ کچھ مجھکو تاب
غرض آخرکار لایا ادھر
بہت شاہ سے ہو کے خواستگار
تو مجھ سی دلارام و دلدار سی
جدائی کے ہون درد سے بیقرار
یہ کہکر لگی رونے بے اختیار
یہ دل تجھ پہ صدقے کرون بلکہ جان
کیا دخت نے جب بہت لگار
مخالف مرا ایک تو بخت ہے
مجھے دوسرے تجھ سے اندیشہ ہے
یہ سنکر لگی کہنے وہ گلعذار
کہ بدخواہ تیری نہون زینہار
یہ جب درمیان آئے قول و قسم

لیا چھین یکدست تاج و کلاہ
وہ صورتین ہین دیو سے بہی بتر
بجز نام اوسکا نہین کچھ نشان
ہوا یا کہین لقمہ شیر و گرگ
ولیکن چھپاتا ہے یہ آپ کو
نہ پوشیدہ رکھ مجھسے جانین ہین ہم
سراپا غلط ہے یہ تیرا گمان
ولیکن یہ انکار کرتا رہا
کرونگی نہ تجھسے مین اب درگذر
نہین جائیگا پیش کچھ زینہار
اور اس راز سے مجھکو واقف کیا
دل و جان سے تیری طلبگار تہی
نہ دلمین شکیب اور نہ آنکھوں مین خواب
مرا جذبہ دل تجھے کھینچکر
نہ اقبال مین نے کیا زینہار
پریچہرہ و ماہ رخسار سے
خدا کے لئے مجھ سے ہو ہمکنار
زبان پر یہ لائی کہ اے نامدار
تو کر مجھ سے راز نہفتہ عیان
یہ کہنے لگا تب شہ نامدار
مرا دشمن جان وہ کمبخت ہے
کہ زن کا نہ ہرگز وفا پیشہ ہے
کہ ہر زن نہین بیوفا زینہار
دل و جان سے تیری مین ہون وفادار
تو ایمن ہوا بس وہین شاہ جم

جہان کا کیا شاہ ضحاک کو
نہین ہے خبر شاہ جمشید کی
خدا جانے جیتا ہی یا مر گیا
یہ قصہ بیان جب کہ جم نے کیا
کنیزونکو یکسر کیا وان سے دور
کہا مین نہین جم تو بولی کہ ہان
مجھے جم جو سمجھی تو اے مہ جبین
بہت کر کے پہر عجز اور انکسار
کہ تجھکو لیا مین نے پہچان اب
یہ دایہ جو بیٹھی ہوئی ہے یہان
کہ تجھ سے خدا دے مجھے اک پسر
تری شیفتہ ایک مدت سے ہون
خدا سے یہ خواہش تہی آنا مجو
غنیمت سمجھ تو مرے وصل کو
کہ تجھ پر دل زار دیوانہ تہا
نہو شوق سے گر ہم آغوش اب
نہین تو کرون اپنے سینے کو چاک
مقرر ہے تو جم مجھے ہے یقین
جو کچھ راستی ہے وہی بات تو
مجھے راستی سے نکیون ہو حذر
خبر اوسکو پہونچے مبادا کہین
نہین ہے پسندیدہ عاقلان
قسم ہے مجھے اب تری جان کی
نہ کر خوف و اندیشہ آ نامور
کہا قصہ پہر جم نے اپنا تمام

دیا تاج و تخت ایک ناپاک کو
نہین حال سے اوسکے کچھ آگہی
ہوا اوسکا کیا جانے احوال کیا
تب اوس دخت دایہ نے جی مین کہا
رہی دایہ اور وہ بت رشک حور
یہ کہتی ہے کیا پیکر پرنیان
مگر کوئی ہمشکل ہوتا نہین
وہ بولی کہ اے خسرو نامدار
تو مت جان مجھکو انجان اب
خبردار ہے راز سے یہان
یہ سنکر شب و روز و شام و سحر
گرفتار غم ایک مدت سے ہون
کہ کسطرح تیری ملاقات ہو
کسی طرح تیری ملاقات ہو
ترے عشق مین سب سے بیگانہ تہا
تو صد حیف ہے اور بڑا ہی غضب
کرون آپکو ایکدم مین ہلاک
تو اقرار کرتا بہلا کیون نہین
رکہے ہے تو پوشیدہ آنا مجو
کہ رکھتا ہون دو چیز سے مین خطر
اور آجائین لوگ اوسکے آنا زمین
کہ زن پر عیان ہو مجھے راز نہان
قسم ہے مجھے اپنے ایمان کی
سمجھ اس مکان کو نہ جائے خطر
کیا ظاہر آگے پریوش کے تمام

پری چہرہ کے ہاتھ مین جم کا ہاتھ — طرف قصر کے لیگئی اپنے ساتھ
کیا جا کے آراستہ تخت زر — ہوئی ساتھ جمشید کے جلوہ گر
بندھا عقد جسطرح آئین تھی — ادا کی جو رسم رہ دین تھی
ہوئے عہد پیمان محکوم باہم — ہوا ساتھ گلرو کے پیوند جم
ہوئے عقد پر بخت و دولت گواہ — ہوئی شہ کی منکوحہ وہ رشک ماہ
سر مہد زرین ہوئی جا گزین خواب — ہوا اتصال مہ و آفتاب
ہوئے بے حجابانہ وہ ہمکنار — عجب رنگ کی وہ گھڑی تھی بہار
ہوا چہرہ فیروز رنگ مراد — نشانہ پہ بیٹھا خدنگ مراد
وہ باہم لگے عیش کرنے مدام — مئ عیش کے وہ لگے پینے جام
کئی روز گذرے کہ وہ سیمبر — بہت کم لگی آنے پیش پدر
تو کرنے لگا اُس کی جستجو — کسی نے خبر دی کہ وہ ماہرو
ہوئی اک جوان سے گرفتار اب — رہے ہے ہم آغوش وہ روز و شب
یہ سنتے ہی بس وہ ہوا خشمگین — اور آئی رہ جب دختر نازنین
تو چین بر جبین ہو کے ازرہ خشم — لگا کہنے اُس سے کہ اے شوخ چشم
ہوئی اسقدر ہائے بیباک تو — اوڑانے لگی سر بسر خاک تو
کیا چاک سب شرم کا پیرہن — لیا جامۂ بیحیائی پہن
کیا رات کو تو نے ہم سے نہان — دلے رنگ رو سے ہے تیرے عیان
وہ تھی حاملہ اُن دنون گلبدن — ہوا زرد تھا رنگ رشک چمن
کیا عرض اُسنے کہ سُن اے پدر — دیا حکم تھا تو نے یہ پیشتر
کہ چاہے جسے اوس سے بیخواب ہو — سو آیا عمل مین بطرز نکو
وے شیشۂ ننگ توڑا نہین — رہ نیک سے منہ کو موڑا نہین
رکھا مین نے ناموس کو مد نگاہ — کیا جفت وہ شاہ عالم پناہ
جہان مین کوئی اُسکا ہمسر نہین — کوئی جاہ مین اُس سے برتر نہین
یہ دایہ نے بھی عرض شہ سے کیا — شہا مین نے جو تجھکو مژدہ دیا
بفضل خدا اوسنے پایا ظہور — ہوا جلوہ گر مہر مقصد کا نور
شہ جم یہان آ گیا ناگہان — ہوئی حاملہ اوس سے یہ دلستان
سنی دایہ سے اوسنے یہ بات جب — شہ زابلستان ہوا شاد تب
یہ بولا کہ خوش تو نے مژدہ دیا — مرے دلکو مسرور و شادان کیا
یہ ہے یاوری بخت کی سر بسر — ہوا جو گذر شاہ جم کا ادہر
مقرر اوسے باندھکر صبح گاہ — روانہ کرون سوئے ضحاک شاہ
کہ ہو مجھ سے خوشنود وہ شہریار — فزون ہو مرا عز و جاہ و وقار
مجھے لطف سے اور اقلیم دے — دُر و لعل بخشے زر و سیم دے
یہ سنکر وہ دلدار رونے لگی — وہ بیصبر و بیتاب ہونے لگی
یہ بولی کہ اے خسرو نامجو — تو جور و تعدی کے در پئے نہو
روا رکھ نہ خونریزی شاہ جم — مری جان پر تو نہ کر یہ ستم
جو لے اپنے کشور مین آ کر پناہ — دغا ساتھ اوسکے ہے بیداد شاہ
اُٹھا اپنے دل سے ذرا یہ خیال — نہ لے اپنی گردن پہ ناحق وبال
سدا تخت و دیہیم رہتا نہین — ہمیشہ زر و سیم رہتا نہین
نہ اپنا سمجھ ملک و دیہیم کو — سمجھ خاک لعل و زر و سیم کو
نہ بیچارے پر جور و بیداد کر — خداوند جان آفرین سے بھی ڈر
گزند غریبان نہ کر تو پسند — نہ بدنام ہو اے شہ ارجمند
تو جمشید کو مجھسے مت کر جدا — وگرنہ مرے تن سے کر سر جدا
یہ کہکر وہ رونے لگی زار زار — فغان بس لگی کرنے بے اختیار
ہوئی بسکہ گریہ کنان نازنین — تو رحم آ گیا باپ کو بالیقین
یہ بولا کہ اے دخت والا تمیز — مجھے تیری خاطر بہت ہے عزیز
تو خاطر کو رکھ جمع شام و سحر — کہ اس کام سے مین نے کی در گذر
اذیت نہ جم پر رکھونگا روا — نہ ہرگز گزند اُسکو پہنچاؤنگا
اوسے بلکہ دون ملک ایران پناہ — زیادہ کرون عز و توقیر و جاہ
یہ کہہ جا کے میر لطیف سے خطاب — کہ اے بادشاہ ثریا جناب
سحر مین بھی آؤنگا تیرے حضور — غم و فکر کو رکھ تو اب اپنے دور

ہوئی شاد وہ دختر دلستان / گئی پیش جمشید دوڑیں دوان
سنا تھا جو کچھ باپ سے سو کہا / دل شاہ کو مطمئن کر دیا

فروزاں ہوا جب کہ نور سحر / ہوا مہر خورشید جب جلوہ گر
گیا پیش جم شاہ زابلستان / جھکا کر سر اپنا پھر اوسنے وہاں

کہا یوں کہ اے شاہ عالی تبار / نہو بدگمان مجھ سے اب زینہار
یقین جان تو جب تلک زندہ ہوں / یہ دختر کنیز اور میں بندہ ہوں

نہ دنیا کچھ اندیشہ کو دل میں راہ / کہ خدمت میں حاضر ہونگی شام و پگاہ
دلاسا وہ دیتا تھا شام و سحر / دیے دلیں جمشید کے تھا خطر

یہی قصد تھا یاں سے ٹل جائیے یہ / ملے جبکہ قابو نکل جائے یہ

گریختن جمشید از زابلستان بطرف ہندوستان و گرفتار آمدن از راہ بدست مردمان ضحاک و کشتہ شدن او

بہت دن رہا شہر زابل میں جم / و لے دل کو تھا اوسکے آرام کم
وہ دلدار تھی رات دن اوسکے پاس / وہ تسپر بھی رہتا تھا ہر دم اداس

رہی تھا شب و روز اندیشہ مند / کہ پہونچے مبادا یہاں کچھ گزند
کسی نے کہا آکے شہ بینظیر / یہ جا ہے ہیں یانکے وزیر و امیر

کہ تجھ کو پکڑ کر بحال تباہ / روانہ کریں سوئے ضحاک شاہ
نہیں تو وہ لشکر ادہر کھینچکر / کریگا تبہ ملک کو سربسر

ہوا جب خبردار اس بات سے / گریزاں ہوا شاہ جم گھات سے
وہ زابل سے چلکر سوئے چین گیا / ولیکن وہاں بھی بہت کم رہا

وہاں سے سوئے ہند راہی ہوا / بیابان نورد تباہی ہوا
جو گھبرا گیا راہ کے رنج سے / گیا بیٹھ سایہ میں اک نخل کے

وہ از بسکہ تھا اپنے جی سے بتنگ / لگا بخت ناساز سے کرنے جنگ
کہ اے بخت کمبخت کیا جور ہے / بھلا یہ بھی ظالم کوئی طور ہے

خراب اور آوارہ مجھکو کیا / ملا خاک میں ہائے تونے دیا
ہوا پھر مخاطب سوئے فلک / کہ اے چرخ بیداد کب تک تلک

کہاں تک پھروں یوں میں بے صبر و تاب / کہاں تک پھریں میں تباہ و خراب
یہ ناسازی بخت سے سربسر / کہ سرگشتہ ہوں میں یوں شام و سحر

عدم سے نہ آتا میں ہستی میں کاش / نہوتا مجھے یہ غم جان خراش
یہ کرتا ہوا زاری و آہ جم / ہوا سے ذرا سو گیا ایکدم

اوسے آگیا خواب ور ناگہان / ہوا فتنۂ خفتہ بیدار وان
اجل بھی کمین گاہ میں تھی کہیں / سو وہ آگئی اوسکے سر پر یہیں

غرض ایک ضحاک کا ایلچی / کہ ساتھ اوسکے تھوڑی سی تھی فوج بھی
کہیں اتفاقاً جو گذرا ادہر / وہ تھا سوئے خاقان چین پہر

شہ جم کو پہچان اوسنے لیا / گرفتار اوسکو وہیں کیا
بحال پریشان و بندگران / گیا سوئے ضحاک جم کو روان

کسی کا نہیں یہ جہان دوستدار / کسیکا نہیں چرخ گردندہ یار
عبث ہے جو دولت پہ پھولے کوئی / طرح گل کے شادی سے پہولے کوئی

کہ دولت بھی ہے آہ ناپایدار / نہ دنیا کو ہے کچھ ثبات و قرار
ذرا دیکھنا حال جمشید کا / کہ تھا چرخ پر جسکا تاج و کلاہ

ہوا پھر گرفتار زنجیر و بند / اوسے چرخ گرداں سے پہونچا گزند
خبر سنکے بولا یہ ضحاک شاہ / کہ ہاں جم کو لاؤ بحال تباہ

گیا جبکہ جم آگے ضحاک کے / پس پشت تھے ہاتھ دونوں بندھے
فقط پاؤں میں کچھ نہ زنجیر تھی / بندھی تھی رسن اوسکی گردن میں بھی

الم سے تمام اوسکا چہرہ تھا زرد / گرفتار خواری تھا وہ نیکمرد
اٹھاتا نہ تھا شرم سے سر وہان / اور آنکھوں سے تھے اوسکے آنسو روان

خوشی سے وہ ضحاک بیٹھا ادگر / ہو خندہ زن حال یہ دیکھکر
لگا کہنے ظالم یہ جمشید سے / فروزاں تر از رتبہ خورشید سے

پر اب اسطرح کیوں ہوا خوار تو | خرابی میں کیوں ہی گرفتار تو
ہوا کسلئے تجھسے برگشتہ بخت | کہاں ہی ترا اب وہ دیہیم و تخت
کہاں بادشاہی و تاج و علم | کہاں لشکر و فوج و جاہ و حشم
کہاں حکمرانی کہاں گیر و دار | کہاں وہ ترے رسم و آئین کار
جواب اوسکو جمشید نے یہ دیا | کہ مجھسے نصیبا جو یوں پھر گیا
تو بیجا ہی اس بختیاری پہ ناز | عبث ہی پھر اس تاجداری پہ ناز
نہ مغرور دولت پہ ہو اسقدر | ذرا روز بد کا بھی اندیشہ کر
تجھے بھی یہ پیش آئیگا ایکروز | رہیگا نہ تیرا صدا نیک روز
کریگا فلک تجھکو خوار اسطرح | کہ دیکھے ہی تو مجھکو اب جسطرح
لگا کہنے پھر یوں کہ بیداد گر | کہ کھینچوں تجھے اسگھڑی دار پر
کروں یا قلم سر کو شمشیر سے | پیروؤں ترے تن کو یا تیر سے
ذرا کہہ کہ کیا ہے تری آرزو | وہ منظور ہے جو کہے مجھسے تو
یہ گفتار سنکے لگا کہنے جم | کہ مجھکو نہیں اسقدر کچھ ہی غم
قضا نے یہ چاہا تو کیا خوف و باک | تو جسطرح چاہے مجھے کر ہلاک
یہ ضحاک نے پھر کسی کو کہا | کہ چیروا سے ایک آرہ منگا
وہ دو تختے لایا اور ایک آرہ بھی | شہ جم کو تختے سے باندھا تبھی
پھر آرہ سے چیرا اوسے بس وہاں | ہوئی ایک جم سے دو پیکر عیاں
جہاں سے عبث ہی امید وفا | کہ بیمہر ہے اور سراپا خطا
نہ دور فلک کا ہی کچھ اعتبار | کہ پھرتا رہے ہے یہ لیل و نہار
جو ہو ار جمشید اوسکو یہ چرخ دوں | کرے آخر کار اوسے سرنگوں

پھر اکدم ہی موجود یہان سازمرگ ۔ سدا گوش زد تھی یہ آواز مرگ
عجب اوس نازنین کو یہ پہونچا جو غم ۔ تو رنج و الم سے ہوئی نوحہ گر
اوسے کام تھا اشکباری کا ساتھ ۔ سدا شغل تھا آہ و زاری کے ساتھ
وہ ٹوٹا یا بست اوسکی بیداد دہر ۔ پھر آخر کو وہ مرگئی کھاکے زہر
کہ خلق تھی ایک کو شہرناز ۔ اور اس دوسری کا تھا نام ارنواز

خبر یہ گئی سوے زابلستان ۔ ہوا قتل جمشید شاہ جہان
نہ آنکھوں مین خواب اور نہ دلکو قرار ۔ لگی رہنے بیتاب لیل و نہار
نہ تھی آشنا وہ خور و خواب سے ۔ وہ بیگانہ تھی صبر اور تاب سے
وہ ہمشیر تھین شاہ جم کی کہین ۔ اونہین لوگ لائے پکڑ کر وہین
انہین شاہ ضحاک نے کر طلب ۔ رکھا اپنے گھر مین بلطف و طرب

خواب دیدن ضحاک و ترسیدن ازان خواب ہولناک

وہ ضحاک تا زیست اپنی قتل جم ۔ جہان مین لگا کرنے جور و ستم
گئے قتل اور گاہ غارتگری ۔ ہوئی تازہ رسم ستم پروری
و در مرد جوان کو وہ بے خوف و باک ۔ طلب کرکے ہر روز کرتا ہلاک
وہ ہوتے غریب اور با ارجمند ۔ روا جان پر اونکی رکھتا گزند
غرض مغز کو اونکے لیکر تمام ۔ کھلاتا وہ سانپونکو ہر صبح و شام
لگا کرنے بیداد وہ بیحساب ۔ پھر اوسنے کہین رات کو ایک خواب
یہ دیکھا کہ پیدا ہوئے تین گرد ۔ اور اونمین سے دو مین کلان ایک خرد
کیا حملہ تینون نے ضحاک پر ۔ ہوا جس سے عاجز وہ بیدادگر
وہ گرد دلاور کہ تھا نوجوان ۔ سو اوسنے دہن ایک گرز گران
جو مارا سر شاہ ضحاک پر ۔ تو یکسر پریشان ہوا مغز سر
ستمگر کے ہاتھونکو باندھا شتاب ۔ رسن ڈال گردن مین کھینچا شتاب
اوسے لیگئے کھینچ بالاے کوہ ۔ کیا سخت اوسکو زبون و ستوہ
ہوا دیکھکر خواب وہ ہولناک ۔ ہوا دل کو اندیشہ و خوف و باک
کیا خواب مین اسقدر اک فغان ۔ کہ لرزان ہوا سر بسر وہ مکان
ہوئے وہ جو بیدار اہل حرم ۔ دل اونکا ہوا ہول سے پر الم
لگے پوچھنے شاہ سے کیا ہوا ۔ یہ فرماؤ کیا فتنہ برپا ہوا
فغان خواب مین کیون کیا اسقدر ۔ لگے کانپنے جس سے دیوار و در
یہ ضحاک بولا جو یہ داستان ۔ سنو تم تو یکسر پریشان ہو جان
مری زندگانی سے ہو نا امید ۔ نشاط جوانی سے ہو نا امید
کہا اوسنے پھر قصۂ خواب شب ۔ یہ ٹھہرا کہ ہو جلوہ گر صبح جب
تو اختر شناس آکے حاضر ہون یہان ۔ کرین اسکی تعبیر یکسر بیان
جو تابان ہوا چرخ پر آفتاب ۔ تو حاضر ہوے موبدان شتاب
سنی داستان خواب کی یک قلم ۔ گئے ہوش اور ہوگیا بند دم
یہ دریافت دانشوران نے کیا ۔ ہوا بخت برگشتہ ضحاک کا
زوال اوسکی دولت کا پہونچا قریب ۔ ہوئی اوسکو بیدولتی اب نصیب
ولے خوف جان سے وہ خاموش تھے ۔ نہ زنہار اونکے بجا ہوش تھے
یہ اندیشہ تھا گر کہین راست اب ۔ تو ہووے شہ نامور پر غضب
ابھی جان پر اپنے پہونچے گزند ۔ نہ کہتے تھے کچھ اسلیے ہوشمند
دیا تین دن تک نہ ہرگز جواب ۔ بیان کی نہ زنہار تعبیر خواب
جو روز چہارم ہوا شہ خفا ۔ تو ناچار یون موبدان نے کہا
کہ اے شاہ اقبال راہی ہوا ۔ تہی تجھسے اب تخت شاہی ہوا
ہوئی عمر آخر بس آیا زوال ۔ ہوا تو گرفتار رنج و ملال
فریدون کوئی شخص ہوویگا ۔ بصد شوکت و حشمت و عز و جاہ
وہ ممتاز نسل کیان ہوویگا ۔ وہ فرمانروای جہان ہوویگا
کہین ہوویگی گاؤ پرمایہ ایک ۔ سو پالیگی اوسکو بآئین نیک
ہوا لیکن ابتک وہ پیدا نہین ۔ کچھ آثار اوسکے ہویدا نہین

کہا شہ نے پہر خواب مین کسنے ہان — مری سر پہ مارا ہی گرز گران
لگے کہنے یون عاقل و ہوشیار — فریدون بھی ہوگا وہ ای شہریار
وہ ماریگا اک گرزہ گاو سر — کریگا تجھے یان سے آکے بدر
یہ پوچھا پہر اوسنے کہ ظاہر کرو — فریدون مرا کیون بد اندیش ہو
وہ بولے کہ ای شاہ بیخوف و باک — کریگا پدر کو تو اوسکے ہلاک
غرض تجھسے چاہیگا خون پدر — کریگا تجھے قتل وہ آن کر
سنی شاہ نے جب وہ تعبیر خواب — ہوا درد و غم سی وہ بیصبر و تاب
نہ ٹک ہوش قایم رہی شاہ کو — زمین پر گرا بس وہین تخت سی
جو ہوش و حواس اوسکے آئی بجا — تو پہر تخت پر پاؤن اوسنے رکھا
وہ بیخور و بیخواب رہنے لگا — شب و روز بیتاب رہنے لگا
نشانِ فریدون کی تہی جستجو — لگے ہاتھہ دشمن یہ تہی آرزو
کئے لوگ چارو نطرف کو روان — کرین جستجو تا بگرد جہان
کیا حکم یون شاہ ضحاک نے — دیا سب کو فرمان یہ ناپاک نے
کہ نسل کیان سی جسے پاؤ تم — گرفتار کرکے یہان لاؤ تم

سناؤن فریدون کی اب داستان — بخوبی کرون مین یہ قصہ بیان

داستان تولد شدن فریدون

ملک زادہ اک آبتین نام تہا — خرد مند اور نیک فرجام تہا
وہ تہا نسل مین شاہ طہمورث کی — خطا اصل مین اوسکی ہرگز نہ تہی
گرامی تبار و خجستہ نژاد — پدر بر پدر شاہ فرخ نہاد
ہمیشہ تہا ایران مین مسکن گزین — وے گہر سے نکلے تہا باہر نہین
کہ ضحاک ناپاک کے مردمان — کیانی کو بس دیکہہ پاتے جہان
تو لیجاتے اوسکو گرفتار کر — یہی جی مین تہا خوف شام و سحر
رہے تہا وہ پوشیدہ گہر مین مدام — کہین آنے جانے سے تہا کچھہ نہ کام
اوسے جاودان بیم ضحاک تہا — دل اوسکا شب و روز غمناک تہا
اور اوسکی تہی اک زوجہ سیم فام — کہ فرزانگ و ہنرائین کا تہا تمام
ہوئی وہ زن مہر وش باردار — ہوا اوس سے پیدا پہر اک گلعذار
جبین سے عیان اوسکی شان تہی — نمودار تہا فر شاہنشہی
فریدون نہ کہا باپ نے اوسکا نام — اوسے دیکہکر دل ہوا شاد کام
پہر اوس آبتین نے یہ جی مین کہا — کہ دل بیٹھے بیٹھے تنگ آگیا
نکل گہر سی چلیے اب سوے دشت — وہان چلکے کیجے ذرا سیر و گشت
یہ کہکر وہین سوے صحرا گیا — لگا پہرنے اور سیر کرنے لگا
ادہر ناگہان لوگ ضحاک کے — جو پہونچے تو پہچانکر بس اوسے
گرفتار کرکے بحال تباہ — وہین لیگئے پیش ضحاک شاہ
کیا قتل آخر اوسے شاہ نے — کیا یہ ستم ہاے ناپاک نے
فریدون کی ماں کو یہ پہونچی خبر — تو اندیشہ و لیکن ہوا بیشتر
نہ اوس سرزمین مین رہا زینہار — کہ رہتی جہان تہی وہ لیل و نہار
وہان سے شتابی سی وہ ٹلگئی — فریدون کو لیکر نکل وہ گئی
کہین ایک دلچسپ تہا مرغزار — وہ پہونچی وہان بادل سوگوار
وہان کا نگہبان تہا حق شناس — اور اک گاو پر شیر بہی اوسکے پاس
کہ پرمایہ تہا نام اوس گاو کا — غریبونکو شیر اوسکا بس وقف تہا
غرض مالک گاو نے زود تر — پلایا فریدون کو شیر اسقدر
کہ بس ہوگیا سیر وہ شیر خوار — نہ خواہش رہی شیر کی زینہار
وہان ایک شب وہ زن نیکذات — رہی اور آخر ہوئی جبکہ رات
تو وسواس یہ آگیا ناگہان — کہ چلیے کہین اور نہ رہیے یہان
مبادا کوئی یان نہ پہچان لے — مری اور اس طفل کی جان لے
ولیکن جو غمگین رہی تہی مدام — ہوا شیر تہا خشک اوسکا تمام
وہ سوچی کہ یہ کودک شیر خوار — نہ زندہ رہے شہر مین زینہار
وہ طفل اندنون دودہنی کا تہا — شب و روز سوچ اوسکی جینے کا تہا
وہ ناچار ہوکر بہت بیحواس — گئی دوڑ کر اوس نگہبان کے پاس
لگی رونے وان جاکے بے اختیار — کیا اوسکے آگے بہت انکسار

یہ کہنے لگی ایک دن خستہ ہوں ۔ نہایت بہیچ و اندوہ وابستہ ہوں
یہ بچہ ہے بیچارہ و بے پدر ۔ تو کر پرورش اسکی شام و سحر
ٹھکانا نہیں اور پاتی ہوں میں ۔ ترے پاس اب چھوڑ جاتی ہوں میں
اوسی گاؤ پرمایہ کا دیجو شیر ۔ کہ پروردہ ہو کودک دلپذیر
قبول اوس جوانمرد نے سب کیا ۔ فریدون کو لے پاس اپنے رکھا
ہوئی واں سے رخصت اوسے سونپکر ۔ نہ دیکھا ذرا اوسنے پھر کر ادھر
رواں سوئے البرز وہ زن ہوئی ۔ رہی جاکے واں اور ایمن ہوئی
یہاں مالک اوس گاؤ پرمایہ کا ۔ فریدون پہ رکھتا تھا شفقت بڑا
اوسے جانتا تھا بجائے پسر ۔ وہ کرتا تھا شفقت بجائے پدر
وہ مصروف تھا پرورش میں مدام ۔ پلاتا تھا شیر اوسکو ہر صبح و شام
گئے جب گذر الغرض تین سال ۔ فریدون کی ماں کو یہ آیا خیال
سوئے مرغزار اب ذرا جائیے ۔ وہاں سے فریدون کو لے آئیے
ہوئی کوہ البرز سے وہ رواں ۔ مسافت کو طے کرکے آئی جہاں
کہا اوسنے آکر کہ اے مرد پیر ۔ مجھے دے مرا کودک دلپذیر
کہ البرز میں پاس سے لیجاؤں اب ۔ رکھوں پاس اپنے اسے روز و شب
وہ بولا کہ ہے یہ ابھی خرد سال ۔ اسے ہوویگی واں اذیت کمال
نہ لیجا تو ویرانے میں طفل کو ۔ گزند اسکو کچھ پہونچے ایذا نہو
وہ کہنے لگی یوں کہ اے مرد نیک ۔ مری دل میں گذرا ہے وسواس ایک
خدا کی طرف سے ہوئی رہبری ۔ کہ رکھنے میں یاں کے نہیں بہتری
یہ کہکر اوسے لیگئی بس وہاں ۔ جہاں اسکا البرز میں تھا مکاں
ہوئی شاہ ضحاک کو جب خبر ۔ کہ بیٹے میں ہے آبتین کا پسر
یہ سنکر ستمگار و بد روزگار ۔ رہ کین سے آیا سوئے مرغزار
نگہبان کو اور گاؤ کو کر ہلاک ۔ کیا ظلم اوسنے یہ بیخوف و باک
کیا پھر وہ ظالم شتابی رواں ۔ فریدون کے رہنے کا تھا جو مکاں
نشان کچھ نپایا فریدون کا جب ۔ کیا سارے ایوان کو مسمار تب
بد اندیش تھا گرچہ ضحاک شاہ ۔ ولے تھا فریدون پہ فضل الٰہ
کہ آنے سے ضحاک کے پیشتر ۔ اوسے لیگئی یاں سے ماں آنکر
سر کوہ اک مرد درویش تھا ۔ کہ روشن ضمیر و صفا کیش تھا
فریدون کو وہ لیگئی اوسکے پاس ۔ کہا یوں کہ اے مرد ایزد شناس
یہ بچہ ترا بندہ ہے اور غلام ۔ کرم کی نظر رکھہ تو اسپر مدام
سر عجز سے پہر فریدون کا سر ۔ رکہا مرد درویش کے پاؤں پر
کیا عجز ماں نے فریدونکی جب ۔ اوسے رحم آیا فریدون پہ تب
جو کچھ قوت اوسکو پہونچتا بہم ۔ تو دیتا وہ دونو نکو بے رنج و غم
لگا کہنے درویش پھر ایکروز ۔ کہ یہ طفل فرخندہ و نیک روز
خداوند روئے زمین ہوویگا ۔ شہنشاہ باداد و دین ہوویگا
یہ چھینیگا ضحاک کا تخت و تاج ۔ شہان جہاں سے یہ لیگا خراج
کریگا یہی قتل ضحاک کو ۔ جہنم کو بھیجیگا ناپاک کو
زبان خوش سیر ہی یہ بولا یہیں ۔ کہ ہے طور سے اوسکے مجھکو یقین
کہ بدخواہ سے تخت و دیہیم لے ۔ ظفر مند ہو ہفت اقلیم سے
ہوا الغرض شانزدہ سالہ جب ۔ سر کوہ البرز سے آئے تب
فریدون نے صحرا میں مسکن کیا ۔ نہ زنہار کچھ خوف دل میں کیا
یہ پوچھا کہ اے مادر مہربان ۔ ہمارے پدر کو تہ آسمان
کیا شاہ ضحاک نے کیوں ہلاک ۔ ملایا اوسے کیوں تہ خون و خاک
وہ قصہ تھا جو کچھ کہا اوسنے تب ۔ یہ سنکر فریدون ہوا پر غضب
کہا ہے سوئے ضحاک بیداد گر ۔ میں اب جاکے لیتا ہوں خون پدر
وہ بولی کہ ضحاک ہے بادشاہ ۔ رکھے ہے وہ ساتھ اپنے گنج و سپاہ
تو سکتا ہے کچھ اوسکے ہمسر نہیں ۔ ترے پاس لشکر نہیں زر نہیں
نصیبو نہیں ہے ترے شاہ اگر ۔ تو کیا اضطراب اسقدر اے پسر
ذرا صبر کر تو بالطاف رب ۔ جو کچھ چاہیے سو مہیا ہو سب
کرے شاد لطف الٰہی تجھے ۔ میسر ہو اسباب شاہی تجھے

فریدون یہ سنکر ہوا خشمگین
یہ پاسخ دیا اپنی مان کو وہین
خدا نے کیا ہے مجھے بھی دلیر
اکیلا لڑونگا مین مانند شیر
مددگار میرا ہے پروردگار
نہین خوف ضحاک سے زینہار
کرون ایکدم مین اوسے غرق خون
زر و تاج و اورنگ سب چھین لون
وہ بولی کہ یہ کار دشوار ہے
پسندیدہ تیری نہ گفتار ہے
تجھے قوت و زور اتنا کہان
کہ ہو ہم نبرد اوس سے تو ایجوان
یہ گفتار مستانہ بہتر نہین
کہ سر ہو نہ برباد اسمین کہین
نصیحت مری آپ سر رکھ تو یاد
رکھے حق سدا تجھکو آباد و شاد
سنو آگے احوال اب کاوہ کا
کہ کیا اوسنے کار نمایان کیا

سنحرف کشتن کاوہ آہنگر از ضحاک و ابنوہی بسیار فراہم آوردن و با فرزندان آمادہ موافقت فریدون گردیدن

ستمگار ضحاک بد روزگار
فریدون کی جانب سے لیل و نہار
رکھے دل مین تھا بیم و خوف و ہراس
بجا تھے نہ کچھ اوسکے ہوش و حواس
بہت مردم آزاری اوسنے جو کی
تو ضحاک سے خلق آزردہ تھی
یہ اوسکی شب و روز تھی آرزو
کہ یارب فریدون شہ نامجو
کرے آگے ضحاک کا سر جدا
خداوند ہو تاج و اورنگ کا
تلاش فریدون سے تہا اونکو کام
غرض منتظر وقت کے تھے مدام
کہین ایکدن ظالم کینہ جو
طلب کر بزرگان اقلیم کو
یہ بولا مرا دشمن جان و مال
جہان مین ہے اک کودک خردسال
دل اوسکی طرف سے جو ہو دردمند
شب و روز رہتا ہے بیم و گزند
مجھے یاد ہے قول مردان پیر
سمجھیے نہ دشمن کو ہرگز حقیر
خبر مجھکو پہونچی ہے اگر یہان
کہ اب وہ گیا سوے ہندوستان
اگرچہ ابھی سال مین خورد ہے
ولیکن دلیری مین اک گرد ہے
خردمند شش بزرگان ہے وہ
دلاور بسان دلیران ہے وہ
یہ ہے عزم میرا کہ ای مردمان
پری دیو مردم کی فوج گران
فراہم کرون اور بجا لاؤن ادہر
شتاب اوسکو لاؤن گرفتار کر
سفر مجھکو درپیش ہے دور کا
یہ خرد و کلان سے تمہون مین چاہتا
کہ اک آپ طیار محضر کرین
گواہی و مہر اپنی اوسپر کرین
یہ مضمون ہو مرقوم اوسمین تمام
کہ ضحاک ہے خسرو نیک نام
نہین کار اوسکو بجز عدل و داد
جہان اوسکے لطف و کرم سے ہو شاد
شہ خلق یہ راست گفتار ہے
جہان پرور و نیک کردار ہے
خطر بسکہ تھا اوس ستمگار کا
سبہون نے یہ ناچار محضر لکھا
ہر اک شخص کی پہر گواہی ہوئی
نشانی بفرمان شاہی ہوئی
ولیکن جو کاوہ تھا آہنگر ایک
دلیر و خردمند تھا مرد نیک
کہین نوبت اوسکی تھی فرزند کی
یہ اوسدن ہوس شاہ کے دل مین تھی
کہ کاوہ کے فرزند کو قتل کر
کھلا دیجیے سانپون کو مغز سر
وہ کاوہ ہوا آنکر دادخواہ
لگا کہنے نالان پیش شاہ
کہ ای شاہ سن میری فریاد کو
ذرا کام فرما نہ بیداد کو
تو ہے اژدہا پیکر و پیلتن
جہاندار سالار شاہ زمن
وے کسلیے ہمیشہ سختی و جور
ذرا کیجیے اپنے دل مین تو غور
کہ یہ بہی ہے انصاف کوئی بھلا
لکھے نام تو داد و بیداد کا
کرے میری فرزند کو یون ہلاک
نہ آوے ترے دل مین کچھ ترس باک
پہر اپنی بہلائی کا محضر لکھے
نکوئی کا مضمون سراسر لکھے
یہ گفتار سنکے وہ حیران ہوا
ہراسان ہوا دل مین ترسان ہوا
نہ کہا روا خون بیچارے کا
ادسے اوسکا بیٹا حوالے کیا
لگا کہنے کاوہ سے وہ تاجور
کہ اب مہر جلد اپنی محضر پہ کر
پڑھا جبکہ کاوہ نے محضر روان
ہوا تب خروشان و نعرہ زنان

بزرگان اقلیم سے یون کہا
کہ اے سروران تمنے یہ کیا کیا
خطر سے شہ دیو چہرہ کے اب
گرفتار عصیان ہوئے ہائے سب

کیا تمنے ہرگز نہ کار نکو
غرض سوئے دوزخ رکہا سب نے رو
یہ کہکر شتابی سے بیخوف و باک
کیا اوسنے یکدست محضر کو چاک

کیا اور بہی کچہہ سخنہائے سخت
حضور خداوند دیہیم و تخت
پہاڑ وہ انجمن سے وہین اوٹہہ گیا
اور اوسکا وہ بیٹا بہی ہمراہ گیا

ہوئے آفرین خواہ وہ سب شاہ کو
یہ کہنے لگے اے شہ نامجو
ہوا کاوہ گستاخ اور بے ادب
حق نعمت شہ گیا بہول سب

حضور خداوند روئے زمین
سپہ لیکے آیا پئے رزم کین

ہوئے گرم پیکار جنگ آوران
قیامت ہوئی ایک برپا وہان

سر و سینہ تھا وقف پیکان و تیغ
نہ جان کا تھا اپنی کسیکو دریغ

ہزاروں ہوئے کشتہ و خستہ وال
زمین بن گئی سربسر گلستان

اور آ فوج توران ہوئی چیرہ دست
دل اہل ایران کو ہونے لگی شکست

جہاندار نوذر نے دیکھا یہ جب
کہ لشکر ہوا بیدل و خیرہ اب

ہوا آپ تب عازم کارزار
پکارا یہ میدان میں تاجدار

کہ ہرگز نہیں اسمیں کچھ فایدہ
کہ کشتہ ہو تا حق یہ خلق خدا

رکھے ہے اگر غیرتِ افراسیاب
تو آ کر مقابل ہو میرے شتاب

جسے نصرت و فتح دے کردگار
کرے بادشاہی وہ لیل و نہار

یہ سنکر وہ افراسیاب دلیر
ہوا آن کے رزمجو مثل شیر

ہوئے نبرد دونون طرفسے رواں
ہوا کارنجر نوک سنان

بیان کیجے کیا جو باہم حرب تھی
سنان پر سنان ضرب پر ضرب تھی

ستیزہ کنان ہو گئی شام پر
ہوا زخم کاری نہ کچھ کارگر

کہیں سر سے نوذر کے دیہیم زر
گرا وقت پیکار تھا خاک پہ

غرض رزم موقوف کرکے وہ شاہ
پھرے رزمگہ سے بخوابگاہ

کیا تھا نہ بدخواہ نے کچھ بھی خیال
ولیکن جہاندار تھا پرملال

ملازم کوئی شہ کی سرکار کا
وہاں سے وہ دیہیم لایا اوٹھا

ہوا شاہ دلگیر و اندوہگین
سخن باپ کا یاد آیا وہیں

کہا تھا منوچہر نے یہ کہ ہان
تجھے فوج ایران سے پہونچے زیان

سران سپہ کو فراہم کیا
جہاندار نے پھر یہ اون سے کہا

کہ بدخواہ کی آئی تاب سپاہ
یہ سوچا کہ ہوا کام اپنا تباہ

ظفر اپنی آتی نہیں کچھ نظر
کہ لشکر ہے اپنا زبون سربسر

اگر بھاگئے تو کدہر جایئے
حفاظت کی اب جا کہاں پایئے

یقین ہے کہ پھر دشمنان شریر
مجھے یاں سے لیجائیں کر کر اسیر

یہ بہتر ہے کشتہ ہوں میدان میں
نجاویں ہم اب زندہ زندان میں

جدا ہو وئے تن سے مرا سر اگر
تو قائم رہے نیک نام پدر

سران سپہ نے یہ سن کر کہا
کہ جز جنگ چارہ نہیں ہے شہا

دلے اپنے بیٹونکو رخصت کرو
یہان سے سوئے پارس بہیجو

کہ تخم فریدون سے تا کیدوتن
رہیں زندہ اے سرور انجمن

دو فرزند جو طوس و گستہم تھے
او نہیں لیکے آغوش میں پیار سے

کیا شاہ نے سوئے پارس روان
ہوئے دیدہ تار گوہر فشان

یہ سالار توران کو بھیجا پیام
کہ لشکر تنگ آ گیا ہے تمام

لڑائی رہی دو روز کچھ دہ رنگ
کرو تیسرے روز پھر ہمسے جنگ

رہی جنگ موقوف دو روز تک
رہا لشکر آسودہ زیر فلک

غرض تیسرے روز وقت پگاہ
گیا سوئے میدان پھر وہ شاہ

سواران جنگی یمین و یسار
ہوا جلوہ گر قلب میں شہریار

وہ شاپور و قارن سر سپاہ
پھر سو ستیزندہ کینہ خواہ

ادھر تھا صف آرا افراسیاب | کہ ترکان چین جنگ سے تھے ہم رکاب
یکایک ہوئے ترک چین چیرہ دست | سپہدار ایران نے کھائی شکست

ہوا کشتہ شاپور میدان میں | پڑا تفرقہ فوج ایران میں
نرہ قارن بھی وان سے گریزان ہوا | سوئے ملک پارس شتابان ہوا

فراہم نہ آئے وہ لشکر رہا | نہ میدان میں قائم وہ نوذر رہا
غرض شاہ نوذر ہوا قلعہ بند | مخالف نے گھیرا حصار بلند

روان سوئے فارس ہوا تازیاب | گرفتار ہونا کہ شہزادگان
ہوا سد رہ قارن نام دار | لگی ہونے باہم وہان کارزار

ہوا جبکہ آگاہ افراسیاب | تو فوج اور بھیجی کمک کو شتاب
جو کم رہ گئی فوج گرد حصار | تو پھر قلعہ سے نوذر نام دار

نکل کر ہوا سوئے وادی روان | ولے بر سر کینہ تھا آسمان
سپہ دار توران یہ سنکر خبر | تعاقب کو اُسکے گیا زود تر

ستیزہ نہ وہ بھی ہوا ناگزیر | ہوا آخر کار نوذر اسیر
ہوا اس سے آگے گرفتار روان | ہزار دو صد اور بھی پہلوان

بنیک گردش چرخ بیداد گر | نہ نوذر رہا اور نہ وہ کرّ و فر
جہانمیں رہا حکمران ہفت سال | پھر اقبال کا اُسکے آیا زوال

ہوا بعد ازان جاے افراسیاب | مہر ریه فریدون عالیجناب
سپہ دار کو پھر یہ پہونچی خبر | کہ غالب رہا قارن نامور

ہوا تازیان کشتہ ہنگام جنگ | گریزان ہوئی فوج سب بیدرنگ
ہوا پر الم سن کے افراسیاب | بہت ولکوا دیکے ہوا اضطراب

فرستادن افراسیاب خزروان و سماساس را بسمت سیستان و کشتن نوذر و اغریرث را

سپہ دار نے یہ ارادہ کیا | کہ ملک اب لیا چاہیے زال کا
روانہ کئے پھر پئے کارزار | سواران جنگ آزما سی ہزار

خزروان سماساس نامی یلان | گئے جنکے سالار فوج گران
سنی زال یان نے یہ جسدم خبر | کہ بد خواہ کا لشکر آیا ادھر

کمر کینہ خواہی پہ باندھی ہیں | زرہ پوش ہو کر لیا گرز کین
روانہ ہوا سیستان سے شتاب | کہ تا صبر کی نہ تھی اسکو تاب

لکھا شاہ محراب نے زال کو | کہ ہون مشفق تیرا آئے نا بجو
ہوئے پہلوانان کابلستان | رفیق سپہ دار زابلستان

مقابل ہوئی جب سپاہ عدو | تو باہم سپاہ ہوئے کینہ جو
خزروان نے آکر عمود و سپر | یکایک چو مارا بسر زال پر

شکستہ ہوا مغفر پہلوان | و لیکن نہ کچھ سر کو پہونچا زیان
پکڑ گرز توڑا خزروان کا سر | زمین اُسکے خون سے ہوئی تر بتر

خزروان ہوا کشتہ جب وقت جنگ | تو آیا سماساس پھر بیدرنگ
ولے حملہ آور ہوا زال جب | نہ ٹھرا سماساس میدانمیں تب

گریزان ہوئی اُس کی ساری سپاہ | پراگندہ لشکر خراب و تباہ
تعاقب کیا زال نے پھر بہت | ہزاروں کئے قتل ترکان چین

ہوا پر غضب سنکے افراسیاب | کیا قتل نوذر کو اُسنے شتاب
ہوا پھر وہیں سوئے پارس روان | گئی ساتھ اُسکے سپاہ گران

گیا قصد یہ کر کے وہ کینہ جو | کہ لاؤں پکڑ گستہم طوس کو
ادہر بانسے وہ دونوں گم راہ ہوئے | طرف سیستان کے شتابان ہوئے

گیا جبکہ یہ خبر بن کے زال | کیا اوس اغریرث کا کمال
گئے دونو وہیں سیستان میں رکھا | ز کچھ جمع خاطر یہ اُس نے کہا

وہ قارن تھا ہمراہ شہزادگان | ہوا اُس کے تھے اور بھی پہلوان
ہوا اور پہ شفقت کیا زادہم | کیا لطف مصروف پھر اسکا یہ

جو نوذر کے پرورده تھے مرد بان | سوا آنے لگے ہر طرف سے ادھر
ادھر جب ہوئی پھر فزون سپاہ | جوانان رزم آور و کینہ خواہ

ہر اک کو سلاح و زر و گنج و مال
ولیکن یہی زال کو سوچ تھا
نہیں میں کیا تھی جو ہوں پادشاہ
تو کرکے بد اندیش کو پائمال
بلند اقتدار و معلے جناب
اوسے زال نے ایک نامہ لکھا
اگر آوے یاں تک تو آ نامدار
بد اندیش وہ جو ہی افراسیاب
گیا رے سے زابل کو وہ نامور
ملکزادہ کے پاس اتنی سپاہ
برادر نوازی کی تھی آرزو
کہ رے پر قناعت نکی تو کبھی
دیا پاسخ اُس نے کہ اے نامور
جفا پیشہ تھا بسکہ وہ شہریار
غرض سیستان میں یہ پہونچی خبر
کیا نامدار و نکو اُس نے طلب
دے چاہئے شاہ والا شکوہ
نہیں یہ سزاوار تاج شہی
کہ وہ وارث تخت ایران ہو
منوچہر کے ہاتھ سے وقت جنگ
جزیرے کیجانب گریزاں ہوا
ملکزادہ زو اُس جوان کاہی نام
کرے آج ہم سے زو کو بیان

کیا زال نے دیکھ فرخندہ حال
کسے تاجور کیجئے ایران کا
گیا ان کے بعد رتبہ و تاج و کلاہ
ابھی ملک ایران سے بدنیت نکال
برادر بہائی تھا جنکا افراسیاب
یہ مضمون فرخندہ مرقوم تھا
تو اقلیم ایران کا ہو شہریار
بحال اُسکو ایران دوں پرشتاب
یہ چاہے تہا ہو عازم بیشتر
تہی ساتھ اُسکے جو ہو رزمخواہ
گیا نجطر بہائی کے روبرو
ہوئی رتخت ایران کی تجکو ہوس
خدا کیلئے تو نہ بہتان کر
برادر نوازی نہ کی زینہار
ہوا کشتہ اغریرث نامور
کہا یوں بے کین مکر بافر ہوا
دلیر و جوانمرد و دانش پژوہ
نہیں لائق تخت فرماندہی
شہنشاہ باشوکت و شان ہو
ہوا کشتہ جب سلم تب بے درنگ
وہاں خوف جاکے پنہاں ہوا
سزاوار شاہی ہے وہ ذو الکرام

زمین زاد زیں [illegible] سے
[illegible] نادان آیا
[illegible]
جہاں آیا حاکم شہر رے
[illegible] تہا اُسکا نام
کہ جس نے بہت کی فراہم سپاہ
تہی چاکری اہل ایران کرین
روانہ ہوا پڑھکے اُس نامہ کو
خبر سنکے اتنے میں افراسیاب
گیا لاجرم پیش افراسیاب
ولیکن لگا کہنے افراسیاب
جو دشمن ہیں اُن سے موافق ہوا
مری تاب کیا جو کروں ہمسری
رکہا جور و بیداد و ناحق روا
یہ سنکر ہوا زال اندوہگین
بہ یک ملک سے خصم کو تیجئے
شہنشاہ نوذر کے دو تون پسر
سو اونکے نسل فریدوں سے گر
کیا زال نے جب بیان یہ سخن
ملکزاد طہماسپ اُسکا پسر
غرض ہے پسر ایک طہماسپ کا
سنا زال نے جبکہ یہ ماجرا

ہمیشہ خرم و شاد تفہیم سے
نہیں پادشاہی کے شایان ہیں
[illegible] کے تاج و علم
سزاوار اورنگ شاہان کے
جوانمرد خوش خلق و شیریں کلام
ولیکن نہیں ہے کوئی پادشاہ
ترے آگے کار نمایاں کریں
سو زال اغریرث نام جو
سپاہ گراں لیکے پہونچا شتاب
کہ جو خاش کی تھی نہ زنہار تاب
طرح شعلے کے کہا کے بس پیچ و تاب
مرا تو جہاں میں منافق ہوا
نہیں تجکو دعوی بجز چاکری
کیا تن سے بیچارہ کا سر جدا
زیادہ ہوا اور بھی دلحزین
شتاب اس سے نوذر کا خون لیجئے
نہیں لائق و عقل سے بہرہ ور
کوئی ہو تو تجکو کہہ دو تم خبر
تو کہنے لگے موبدان کہن
قراری ہوا با دل پر خطر
جوانمرد و دانشور و خوش لقا
تو یوں قارن نامور نے کہا
ہوا دو دن ہی القصہ قارن روان

داستان آمدن ملکزادہ زو پسر
طہماسپ ہمراہ قارن طرف سیستان و جلوس بر تخت شاہی ایران

حضور ملکزادہ پہونچا وہ جب
دیا زال کا اُسکو پیغام تب
کہا یوں کہ چلئے سوئے سیستان
تہا ہے اورنگ شاہی جہاں

خوشی سے وہیں ساتھ قارن کے زو / طرف سیستان کے ہوئے تیز رو
جب آیا خداوند تاج و سریر / ہوئے گرد اُسکی فرمان پذیر

ہوا جلوہ گر تخت شاہی پہ زو / ہوئی اک جہاں میں خوشی نو بنو
سو ملک پارس روان کی سپاہ / ہوا اس ولایت میں پھر دخل شاہ

گیا شاہ پھر سوئے افراسیاب / لڑائی کی لایا نہ ہرگز وہ تاب
گیا بھاگ بدخواہ توران میں / تصرف ہوا شہ کا ایران میں

گیا خوار ہوکر جو پور پشنگ / نہ عزت ہوئی کچھ حضور پشنگ
پشنگ اُس سے بولا کہ ای نابکار / نہ آئے تجھے شرم کچھ زینہار

ترا بھائی اغریرث نامور / ترے پاس حاضر ہوا آن کر
کیا تو نے ایلچی اُسکو ہلاک / خدا کا نہ ہرگز کیا خوف و باک

روا تو نے رکھا برادر کا خون / کیا فوج ایران نے تجھکو زبون
نہیں کام تیرا مرے روبرو / مری سامنے سے ہو بس دور تو

نہ کی پھر نہ کچھ قدر افراسیاب / ہوا نا گوار اُسکو آرام و خواب
جہاندار زو خسرو دین پناہ / ہوا جبکہ ایران کا بادشاہ

کیا اوسنے ہر روز و شب عدل و داد / جہان کو رکھا خوب آباد شاد
یل زال زر اور سب پہلوان / شب و روز تھے شاہ کے مدح خوان

جہان میں باقبال جاہ و جلال / رہا شاہ فرمانروا پنج سال
پھر آخر کو پہونچا پیام اجل / گئی جان قالب سے اُس کے نکل

داستان نشستن گرشاسپ شاہ بر تخت و باز آمدن افراسیاب از تسخیر ایران

ہوا باپ کے بعد گرشاسپ شاہ / خداوند اورنگ و تاج و کلاہ
ولے تھا پذیرندہ اے زال / کہ تھا بادشاہ جہان خردسال

پشنگ دلاور کو پہونچی خبر / کہ اک طفل ایران کا ہی تاجور
پشنگ اپنے دل میں لگا کہنے تب / کہ تسخیر ایران آسان ہے اب

بصد لطف تقصیر افراسیاب / معاف اُس نے کر کے کہا یون شتاب
کہ لشکر کشی سوئے ایران کر / لے کینہ خواہی تو باندھ اب کمر

سپاہ گران لے کے پور پشنگ / ہوا سوئے ایران روان بیدرنگ
بزرگان ایران یہ سن کر خبر / لگے زال سے کہنے اے نامور

پھر آیا سپہ لیکے افراسیاب / کیا چاہیے اب تدارک شتاب
وہ بولا کہ میں تو ہوا سالخورد / ستیزہ ہے کار جوانان گرد

مگر کر کے رستم کو اب سرگروہ / اُدھر بھیجنا ہو نہیں باصد شکوہ
یہ سنکر ہوئے شاد سب نامجو / کیا سب نے اقبال اسبات کو

لگا کہنے رستم سے پھر زال زر / کہ حیران ہوں میں کیا کروں اے پسر
ہوا ایک دربیش دشوار کار / کہ جس سے گریزاں ہو تاب قرار

تو کار آزمودہ نہیں اب تلک / کہ ہے ناز پروردہ زیر فلک
تجھے کیونکہ بھیجوں پئے کار زار / سو شیر مردان جنگی سوار

تری مصلحت کیا ہی تو کہہ شتاب / جو ہو تجھکو منظور سو دے جواب
غرض آزماتا تھا رستم کو زال / کہ ہی یا نہیں جنگ کا کچھ خیال

یہ بولا تہمتن کہ ہوں مرد رزم / کروں خیرہ بدخواہ کو ہے یہ عزم
بہ بازوی پرزور دست دراز / نہیں کچھ طلبگار آرام و ناز

کو داؤن اگر اسپ کو وقت جنگ / نہ ٹھہرے مرے آگے شیر و پلنگ
یہ گفتار سن خوش ہوا زال زر / دعا دی کہ یارب ہو تجھکو ظفر

کہا پھر یہ رستم نے اے پہلوان / مجھے چاہیے اسپ و گرز گران
حضور اوسکے لا کر دھر گرز سام / تہمتن ہوا دیکھکر شادکام

دکھائے تہمتن کو پھر سر بسر / وہاں گلہ اسپ تھی جس قدر
رکھا پیٹ پر ہاتھ جس اسپ کی / وہ شدت سے زیر خم ہو گیا بس تبھی

وے مادیان ایک تھی سخت جنگ / ہزار اسکے تھے جسم پر لالہ رنگ
اور اُسکا تھا ایک بچہ پیل تن / ہوا دیکھکر خوش دل صف شکن

یہ چاہے کہ ڈالے کیانی کمند | کرے تاکہ اُس گرہ کو پابند
لگا کہنے رستم سے پھر گرگیان | کمند اسپ پہ سٹ ڈال اے پہلوان
کہ مادہ ہے گرنے کی خونخوار تر | غضبناک اور مردم آزار تر
لگے اسنے ہیں شیر چند خون | مبادا تجھے بھی کرے سرنگون
تہمتن نے آخر کو ڈالی کمند | سر رخش لایا وہین زیر بند
غضبناک ہو کر وہیں مادیان | وہ دان آئی مانند شیر زیان
یہ چاہا کہ چاہا وے تہمتن کا سر | کہ اتنے مین رستم بھی جون شیر نر
ہوا جبکہ میدان میں نعرہ زنان | تو ہیبت سے خیرہ ہوئی مادیان
غرض رخش تھا نام اُس گرہ کا | تواناو زور آور و چست تھا
اگر اوسکے سر پہ ہوئی جبکہ بند | لگا کھینچنے تب یل ارجمند
کیا زور اُس رخش نے اسقدر | کہ رستم کو بس لیچلا کھینچکر
ولیکن تہمتن بھی پر زور تھا | بزور اُسکو قابو مین اپنے رکھا
کیا رخش کو زین ہوا پھر سوار | بصد کامیابی یل نامدار
در گنج پھر زال نے وا کیا | تہمتن کو گنج فراوان دیا
سپاہ گران ساتھ دیکر شتاب | روانہ کیا سوئے افراسیاب
ولیکن ہوا مضطرب زال زر | نہ لایا وہ تاب فراق پسر
گیا آپ بھی بعد دو روز کے | ملا جا کے پھر رستم گرد سے
یہ کہتا تھا ہر روز افراسیاب | کہ رستم ہے کودک کہاں اوسکو تاب
جو مجھ سے کرے رزم کی آرزو | وہ کیا چیز ہے بس سے رو برو
ہوا زال بھی پیر بیرینہ سال | نہیں اب ہے تسخیر ایران محال
سپہ اُسکی تھی پر دل و شادکام | اور افواج ایران تھی بیدل تمام
یہ تھا زال کو سوچ شام و پگاہ | کہ نادان نہایت ہے گرشاسب شاہ
کوئی چاہیئے بادشاہ دلیر | کہ یہان جسکی ہیبت ہو مانند شیر
روانہ کیئے ہر طرف مردمان | کہا زال نے یون اک سے کہ ہان
نژاد فریدون سے کوئی اگر | کہیں ہو تو دو مجھکو آکر خبر
کسی نے کیا آنکر یون بیان | کہ ہے کوہ البرز مین اک جوان
فریدون نسب شاہ فرخ نہاد | دلیر و جوانمرد ہے کیقباد
ہوا یہ خبر سن کے دلشاد زال | ہوا شاد سے غم کے آزاد زال
یہ رستم سے بولا کہ اے نامور | کمر باندھ اور رخش کو زین کر
روان ہو شتابی سوئے کیقباد | یہ کہہ جا کے اے شاہ فرخ نہاد
تمنا یہ رکھتے ہیں سب پہلوان | کہ تو چلکے ہو بادشاہ جہان
مددگار دولت ہو یاور ہے تخت | مہیا ہے تجھکو وہان تاج و تخت
دو ہفتے مین تو پہنچو ولشکر ملک | زیادہ نہو دیر زیر فلک
یہ سنکر وہین وہ یل باشکوہ | روانہ ہوا سوئے البرز کوہ

روان کردن رستم را برائے طلب کیقباد بکوہ البرز و آمدن کیقباد و نشانیدن زال کیقباد را بر تخت

اوتر کوہ البرز سے کیقباد | کہیں آکے بیٹھا تھا مسرور و شاد
ہوا رستم گرد کا وان گذر | وہ شہزادہ حیران رہا دیکھ کر
لگا کہنے دل میں عجب ہے جوان | تماشائے رخش اور گرز گران
ہوا میل خاطر کہ ہو ہم نشین | تہمتن کو آواز دی بس وہیں
کہ تنہا اس قدر تو کہاں ہے جوان | اوتر کر وہ اسپ سے بیٹھ یان
می و نقل دیکھ طیار ہے | وہ بولا نہیں مجھکو درکار ہے
مگر اے جوانمرد فرخ نہاد | مجھے دی نشان شہ کیقباد
وہ کہنے لگا پھر کہ آؤ یہان | تو اوس نامور کا ابھی دون نشان
ترے ساتھ اک دم تامل کرون | مکان تک تجھے اسکے داخل کرون
لگا پوچھنے پھر کہ اے پہلوان | بتایا تجھے کس نے یہ دان نشان
یہ بولا تہمتن کہ اے نامور | پدر میرا ہے پہلوان زال زر
کہا اوسنے مجھکو کہ جا سوئے کوہ | وہان ہے ملکزادہ باشکوہ

ادہر سے بہی وہ ہیں لشکراں شاہ
کمک کو تہمتن کے پہونچی سپاہ

ہزار و دو شصت جنگی جواں
ہوا کشتہ ہاتھوں سے رستم کے واں

گریزاں ہوے ترک و سالار ترک
ہوئی سرد گرمی بازار ترک

ادتر آب جیحوں سے پور پشنگ
گیا خستہ خاطر حضور پشنگ

لگا کرنے فریادیوں باپ سے
کہ پہلے ہی کہتا تہا میں آپ سے

کہ ایرانیوں سے نہ کیجیے مصاف
مجہے رکہئے اس بات سے بس معاف

ہوا کیقباد اب وہاں تاجدار
وہ ہے مرد جنگ آور و ہوشیار

بہت یوں تو ایراں میں ہیں پہلواں
ولے نسل سے سام کی اک جواں

عجب جا جب زور پیدا ہوا
نہ ہم پنجہ شیر نر اوس کا ہوا

یل پیلتن رستم اوسکا ہے نام
نہ یوں اوس سے ہے اپنا لشکر تمام

بیاں اوسکی قوت کا میں کیا کروں
کہ بس روبرو اوسکے میں پشہ ہوں

حملہ اکر کے یکبارگی زین سے
پکڑ لیجلا تہا وہ کین سے

کمر بند میرا جو ٹوٹا وہیں
تو میں ہاتھ سے اوسکے چہوٹا وہیں

ہوا سو ہوا پشتیرا ے پدر
ولے اب گذشتہ تو مت یاد کر

یہ ہے مصلحت آشتی ہو بہم
نہوں کینہ جو کیقباد اور ہم

کہی یہ حقیقت جو پیش پشنگ
تو اک نامہ اوسنے لکھا بیدرنگ

کیا یکے دیشہ کو نامہ رواں

نوشتن نامہ صلح پشنگ والی توران بکیقباد

سوئے کیقباد و شہ خسرواں

حضور جہاں دار و لشہ گیا
سپہدار توران کا نامہ دیا

پشیہا کر کے دانشاہ نے بسر
یہ اوس میں لکھا تہا کہ اے تاجور

اگر تور نے خون ایرج کیا
منوچہر نے اوسکا بدلہ لیا

ہوا پہر اودہر عازم افراسیاب
تحمل کی تہی اوسکو پہر گر نہ تاب

بہت بہد گر کینہ خواہی ہوئی
بہت فوج کی بس تباہی ہوئی

یہ بہتر ہے اب آشتی کیجیے
نہ کینے کو بس دل میں رہ دیجیے

کہ ہم تم نہیں خیر کچہہ زینہار
پہر اور ہیں یکجہتی اے شہریار

موافق فریدوں کی تقسیم کے
رہیں حکمراں اپنی اقلیم کے

کریں تازہ پیماں و عہد استوار
نہ لشکر کشی پہر کریں زینہار

غرض آب جیحوں سے کہہ درمیاں
ادہر ہم ادہر تم رہو حکمراں

یہ پاسخ لکہا شاہ نے پہر وہیں
کہ ہرگز نہیں ہمسے آرا کہیں

ادہر سے ہوئی ابتدا ظلم کی
لیکن خدا نے سزا ہم کو دی

نہیں عہد و پیماں پہ تم استوار
تمہاری نہیں بات کا اعتبار

سر تو اگر ہو دے قول و قسم
تو ہوں صلح پر راضی البتہ ہم

لگا کہنے رستم کہ اے تاجدار
نہ کر صلح اور آشتی زینہار

کیا گرز نے میرے اوسکو زبوں
ملایا عدو کو تہ خاک و خوں

یہ سنکر وہ شاہنشہ نامجو
طلب کر کے محراب اور زال کو

یہ بولا تمہارا جو ہو مشورا
کرو مجہکو آگاہ اوس سے ذرا

یہ بولے وہ شاہ قوی جنگ سے
کہ ہے صلح بہتر شہا جنگ سے

غرض شاہ نے بانشاط و خوشی
سپہدار توراں سے کی آشتی

دیا رستم و زال کو گنج زر
عنایت کیئے خلعت پر گہر

کہا یوں کہ اے رستم نامجو
ترے جسم کا ایک بہی تار مو

بصد ملک توراں نہ دوں زینہار
کرونگا فریدوں تیرا عزو وقار

شہ ہفت اقلیم نے بعد ازاں
روانہ کیئے جا بجا پہلواں

وہ لائے تصرف میں ملک وسیع
ہوے شہ کے شاہان عالم مطیع

بہت نامداروں سے پہر شاد شاد
نہ فرماں سے پہیرا سر کیقباد

بصد کامیابی و فتح و ظفر
گیا سوئے پارس شہ دادگر

یہ دادو دہش شاہ نے کی وہاں
کہ اک خلق با خاطر شادماں

ہوئی بیج خواں شہ کیقباد
فریدوں کو ہرگز کیا پہر نہ یاد

رہا سو برس شاہ گیتی پناہ
جہاں میں خداوند تاج و کلاہ

یہ سوچا شہنشہ کو یکبارگی
کہ آخر ہوئی اپنی اب زندگی

شہ دادگر کے تہے فرزند چار
اونہیں ایکدن شاہ فرخ تبار

طلب کرکے بولا کہ کاؤس کو
عزیز و تمہارا بڑا بھائی ہے

معاون رہو اسکے شام و سحر
کہ فتنہ نہ برپا ہو بار دگر

وہ بولے کہ ہم اسے شہ نامدار
اطاعت سے پھیریں نہ سر زینہار

یہ ہووے خداوند تاج و سریر
رہو تم شب و روز فرماں پذیر

سبھوں نے پذیرا کیا یہ سخن
بجا لائے فرمان شاہ زمن

کئی روز کے بعد پھر ناگہاں
ہوا شہ سوئے ملک عدم کو رواں

داستان جلوس کیکاؤس بر تخت سلطنت ایران

ہوئے بند جب دیدہ کیقباد
تو پھر شاہ کاؤس فرخ نہاد

خداوند اورنگ افسر ہوا
جہاں پرور و عدل گستر ہوا

لگا کرنے وہ عیش روز و شب
لگا رہنے مشغول عیش و طرب

ہوا ایک سازندہ حاضر وہاں
لگا کرنے تعریف مازندراں

کہ آب و ہوا ہے بہت خوشگوار
سدا فصل گل ہے ہمیشہ بہار

یہ سنکر کیا قصد مازندراں
وزیروں سے بولا یہ شاہ جہاں

کہ ہرگز نہیں اب مجھے میل بزم
ہوا دل طلبگار میدان رزم

مبادا اگر ہوں میں آرام گیر
تو برباد ہو ملک و تاج و سریر

فریدوں و ضحاک و جمشید سے
نہیں کم ہے کچھ زور و قوت مجھے

مشقت بھی لازم ہے اونکی بحال
کہ قائم رہے افسر ملک و مال

یہ جی میں ہے کشورستانی کروں
ہر اک ملک میں حکمرانی کروں

سپہ کھینچوں اب سوئے مازندراں
کروں سکۂ خطبہ اپنا وہاں

یہ گفتار خاقان آفاق گیر ہوئے سنکے حیران امیر و وزیر
فریدوں و جمشید عالی تبار منوچہر شاہنشہ نامدار
باین زور و قوت وہ شاہنشہاں نہ عازم ہوئے سمت مازندراں
وہ گرساسپ و گستہم طوس جواں وہ گیو و نزاد و گیو نامی یلاں
ہوئے یکدل اسبات سے گرد سب کیا چاہیئے زال کو یاں طلب
پہونچتے ہی نامہ کے وہ نامور روانہ ہوا سیستاں سے ادہر
یلاں سے جہاندار کشورکشا یہ بولا کہ اب جاؤ تم پیشوا
کہ ہم اور تم چلکے شہ کے حضور کہیں شاہ کو اس ارادہ سے دور
کہ تجھسا شہنشاہ بادادودہش ندیکھا کہیں اور سنا بھی نہیں
شہنشہ نے گفتار لطف و کرم کہیں بیٹھیں زال ستودہ شیم
کیا اوسنے پہر ذکر مازندراں یہ سنکر کہا شاہ نے یوں کہ ہاں
کیا زال نے عرض اے نامور یہ سنکر خبر میں بھی آیا ادہر
فریدوں و جمشید نے بیشتر کیا تہا ارادہ کہ جاویں اودہر
کیا تب نہ رخ سوئے مازندراں حذر تو بھی کر اے شہ خسرواں
لگے کہنے پہر سب افسران سپاہ کہ ہم ہیں ترے بندہ نیکخواہ
یہ پاسخ دیا شاہ نے زال کو کہ اے گرد دانا و فرخندہ خو
خدا ہے مرا یار و دستگیر کروں جاکے دیوونکو فرماں پذیر
لواے زال و رستم پہلواں طرف سے مرے یاں ہو حکمراں
بدلسوزی اے شاہ کشورکشا جو کچھ عرض کرنا تہا ہمنے کیا
معاون ہو یزداں سکا ہر کام کروں جاکری اسکی میں صبح و شام

انجا ہر یہ بولے کہ یہ بات نیک رکہیں خوب شہ یاد پند نصیحت
نہیں ہے مناسب عزیمت ادہر وہاں بہتے بولے تہی باقدرت
وہیں زال کو ایک نامہ لکہا یہ سنکر تعجب ہوا شاہ کو
ملے جاکے جب زال سے پہلواں جب آئے حضور شہ نامور
ہمیشہ تو شاہ جہانگیر ہو وہیں رستم یل کی پہونچی خبر
ارادہ مرا اوس طرف ہے درست رکہوں تا کہ اس عزم سے تجہکو باز
سنا جبکہ ہے خانہ دیو سار یہ تسخیر ہو زور و شمشیر سے
یہ ہے عرض اے شاہ عالیجناب فریدوں سے افزوں ہے میرا حشم
طلسم اور افسوں کو توڑوں تمام لگا کہنے پہر شہ سے وہ نیکخواہ
سمجھ کیجیے رخصت سوئے سیستاں غرض شاہ سے پہر سوئے سیستاں

دلے جی میں کہنے لگا ایک ایک اطاعت میں ناکی تہو دلیو و پری
کہ آتی نہیں کامیابی نظر کہ شہ کو رکے بازاسبات سے
رقم اسمیں احوال سارا کیا کہ بے حکم آتا ہے کیوں نامجو
یہ ادن سے کیا زال نے تب بیاں لگا کرنے تعریف شہ زال زر
ولایت ستان تیری شمشیر ہو وہ بولا دعاگو ہے شام و سحر
کمر ملک گیری پہ باندہی ہے چست ذرا سوچ اے خسرو سرفراز
طلسم اور جادو وہاں بیشمار نہ ہاتھ آئے افسون تدبیر سے
نہیں یہ ارادہ قرین صواب منوچہر و جم سے نہیں ہے عیں کم
سر سرکشاں کو پہوڑوں تمام کہ ہیں بندہ ہم اور تو بادشاہ
کرے حکمرانی کوئی اور یاں مرخص ہوا پہلوان جہاں

رفتن کاوس برائے تسخیر مازندران و گرفتار شدن بدست دیوان

یل نامور ایک میلاد تہا ادسے شاہ کاوس نے یوں کہا
تو پہر زال و رستم کو بہیجو خبر معاون کچہ پہونچے وہ آنکر
گیا لیکے واں لشکر بیشمار یلاں جہانگیر و جنگی سوار

کہ سونپا تجہے میں نے اب تختگاہ کوئی آکے جو تجہسے ہو کینہ خواہ
نگہکر جہاندار کشورستاں روانہ ہوا سوئے مازندراں
بفرمان شاہنشہ نامور گیا لیکے لشکر کو لے بیشتر

جب آئی حد ملک مازندراں — تو بہروان سے وہ جنگجو پہلواں
زراعت کو یکسر جلاتا گیا — مکان خاک میں سب ملاتا گیا
ہوا سامنے جو بعزم ستیز — تو کھینچا اوسے بس تیغ تیز
گیا تا در شہر غارت کناں — بہت مال و زر ہاتھ آیا وہاں
گلستاں سے وہ شہر کچھ کم نہ تھا — زن و مرد خوش منظر و خوش لقا
ہوا شاہ مازندراں قلعہ بند — کہ غالب تھی فوج شہ ارجمند
روانہ کیا ہو کے پہر ناامید — کسی دیو کو سوئے دیو سپید
کہا یوں کہ اب جان سے تنگ ہوں — کیا شاہ ایراں نے مجھکو زبوں
شتابی مدد کر تو اے اہرمن — وگرنہ نہ جانبر ہو یاں ایک تن
یہ سنکر شتاباں ہوا نابکار — وہ لایا بہت لشکر دیوسار
ہوا شاہ سے آنکے کینہ خواہ — ہوئی قتل ایراں کی ساری سپاہ
ہوئے گیو اور شاہ کاؤس بھی — وہ گودرز و گستہم اور طوس بھی
گرفتار چنگال دیواں ہوئے — پراگندہ دل اور حیراں ہوئے
کہا دیو ارژنگ نے شاہ سے — کہ تم خوش ہوے اسطرف آنکے
ہوا اس مکاں کی خوشی آئی تہیں — فضا اس گلستاں کی بھائی تہیں
یہ سنکر کہا شاہ نے دیو سے — کہ آگہ نہ تہا یانکے میں دیو سے
وزیروں نے مجھکو کیا تہا منع — دلے میں نے اونکا نہ مانا کہا
ہوا پہر میں آخر یہاں آکے خوار — نہیں چارہ تقدیر سے زینہار
جہاں قید تھا شہریار زمن — نگہباں تھے بارہ ہزار اہرمن

اسیر شدن کیکاؤس در مازندران و فرستادن گردابیش زال بطرف سیستان و مخلصی یافتن باعانت رستم

بوقت اسیری سو سیستاں — روانہ کیا شہ نے اک پہلواں
کہ پہونچا دے تا زال زر کو خبر — سو اوس پہلواں نے یہاں آنکر
بیاں زال سے ماجرا سب کہا — طرف سے یہ کاؤس کے پہر کہا
کہ اس وقت میں اے یل پیلتن — نہ لایا جو خاطر میں تیرا سخن
تو پائی سزا میں نے آخر کو آہ — ہوئی کشتہ یکدست ساری سپاہ
رہی زندہ باقی جو یاں چند تن — سو ہیں قید در پنجۂ اہرمن
یہ پیغامبر نے کہی جب خبر — تو دلگیر دل ہی ہوا زال زر
یہ رستم سے بولا صد افسوس ہے — کہ والی ہمارا جو کاؤس ہے
سو ہو قید اور ہم مئی و جام سے — گذاریں شب و روز آرام سے
یہی وقت یاری و امداد کا — کہ حق نے تجھے زور بازو دیا
نہ ہرگز رہی مجھکو تاب جنگ — کہ یکسر ہوئے سست بازو و چنگ
تو ہمت کو اب کام فرما شتاب — سوئے شہر مازندراں جا شتاب
قلم نے قضا کی یہ فتح بلند — لکھی تیرے نام اے یل ارجمند
خوشی سے یہ بولا یل نامجو — کہ ہے جنگ دیواں مری آرزو
ولے دور کی راہ سے ہے خطر — کہ واں پھر جانے تلک ہے ادہر
کہیں بدسگالان ناپاک خو — مبادا کہ ضایع کریں شاہ کو
کہا زال نے اوس سے ای پہلواں — کہ ہیں تین رستے پہونچنے کے واں
دو رہ ایک جو والکا ہے دور و دراز — نہیں اوسمیں ملتا کوئی حیلہ ساز
گیا دور کی راہ کاؤس تہا — تو اوس راہ سے اے تہمتن نہ جا
جو نزدیک کی اوسکی ہے ایک راہ — نہیں آدمی کو ملے واں پناہ
بہت راہ میں ہیں بلائے عظیم — ہر اک منزل اوسکی ہے پر خوف و بیم
گر اس راہ سے جاے اے پہلواں — تو پہر سات دنمیں تو پہونچے وہاں
تہمتن یہ بولا خطر کچھ نہیں — بتائید حق زیر چرخ بریں
کروں دفع میں ہر بلا کو شتاب — طلسم اور جادوگراں کو خراب
کروں قتل واں لشکر دیو کو — چھڑا لاؤں کاؤس اور گیو کو
یہ کہکر ہوا رخش پر جب سوار — دعا زال نے دی کہ لیل و نہار

تو ہو کامیاب اے یل نامور
رہے ہمقرین تیرے فتح وظفر
بوقت وداع یل نوجواں
ہوئی خوب رو دایہ گریہ کناں

لگی کہنے درد جدائی مجھے
سنائے تو کیا فایدہ ہو تجھے
تہمتن نے ماں کو یہ پاسخ دیا
کہ زندان میں ہیں بندگان خدا

اب اونکے چھڑانیکو جاتا ہوں میں
بفتح وظفر یاں پھر آتا ہوں میں
غرض ہو کے رخصت سے سو ہفتخواں
روانہ ہوا رستم پہلواں

نہ ساتھ اپنے کوئی لیا زینہار
فقط رخش تہا اور وہ شہسوار

داستان رفتن رستم براہ بلائی ہفتخوان برائے رہائی کیکاوس بطرف شہر مازندران و احوال منزل اول

ہوا گام فرسا بیابان میں
سر شام پہونچا نیستان میں
گیا صید اک گورخر کو وہاں شتاب
لگا کر وہیں وسنے کہائے کباب

دیا چہوڑ صحرا میں پھر رخش کو
گیا خواب میں وہ یل نامجو
نمایاں ہوا ایک شیر ژیاں
طرف رخش کے دوڑ ہی آیا دواں

تگاور سو جنگ مائل ہوا
ہزبر دمان کے مقابل ہوا
اوٹہا شیر کے سر پہ مارا دو دست
چبا کر کیا اوسکو دانتوں سے پست

پھر آخر ہوا شیر جنگی زبوں
رواں اسکے تن سے ہوا بحر خوں
ہوا جبکہ بیدار وہ شیر نر
تو حیران نہایت ہوا دیکھکر

کہا رخش سے ہو کے پھر خشمناک
کہ تجھکو اگر شیر کرتا ہلاک
تو لے کون چلتا سلاح و سلب
بڑا ہی کیا تہا یہ تونے غضب

اگر پھر بلا ہو کوئی آشکار
تو ہونا مقابل نہ تو زینہار
تو بیدار وہوشیار کرنا مجھے
شتابی خبردار کرنا مجھے

احوال منزل دوم و ماجرائے ہلاک نمودن اژدہا بتائید ایزد تعالیٰ

ہوا مہر رخشندہ جب جلوہ گر
تو رستم روانہ ہوا پیشتر
نہ منظر چاہ و چشمہ نہ آیا کہیں
ہوا تشنہ پانی نہ پایا کہیں

خدا سے تہمتن نے کی التجا
کہ مت رکھ تو بندہ پہ سختی روا
نمایاں ہوا ایک آہو وہاں
کہ آیا تہمتن کے آگے دواں

پھر آہستہ کرنے لگا وہ خرام
تو یہ سمجھا وہ رستم تشنہ کام
کہ بیشک ہے بخشایش کردگار
یہ دیکھہ اوسکے دلکو پھر آیا قرار

ہوا پھر وہ دنبال آہو رواں
تو پہونچا سر چشمہ وہ پہلواں
سپاس خداوند لایا بجا
اور تر رخش سے اوسنے پانی پیا

کیا گورکو تیر سے پھر شکار
اور آتش بھی کی سنگ سے آشکار
تناول کئے بس بنا کر کباب
ہوا بس میں پھر گرم آرام خواب

گئی جب گذر نصف شب وہاں
ہوا ظاہر اک اژدہا ناگہاں
کہ ہشتاد گز وہ دراز میں تہا
غضبناک تہا قہر تہا وہ بلا

ہوا رخش گرم خروش و فغاں
کہ بیدار ہو خواب سے پہلواں
ہوا تو وہ بیدار پر اژدہا
نہاں ہو وہیں زیر زمیں ہو گیا

خفا رخش سے ہو کے بولا وہ یل
کہ ناحق کیا مجھکو بیدار کیوں
یہ کہکر تہمتن تو پھر سو گیا
پھر اتنے میں نکلا وہیں اژدہا

کیا رخش نے پھر جو دیکھہ اسکو شور
تو جاگا وہیں رستم پیل زور
ولے پھر وہیں اژدہائے پلید
پہر زیر زمین ہو گیا ناپدید

نہ آیا نظر کچھ جب چپ و راست جب
کیا رخش پر اوسنے خشم و غضب
وہ بولا دوبارہ اٹھایا مجھے
خوش آیا نہ آرام میرا تجھے

اگر پھر ہوئی تجھسے ایسی خطا
تو سر تن سے تیرا کرونگا جدا
پیادہ سو شہر مازندراں
رواں ہونگے لیکے ہم تیغ و گرز گراں

گیا خواب میں جب یل ارجمند ۔ تو نکلا وہیں اژدہائے بلند
ہوا پاس رستم کے آمادہ رخش ۔ ہوا جانفشانی کو آمادہ رخش

جدھر آوے تھا اژدہائے سیاہ ۔ ادھر رخش ہوتا تھا لیس سپاہ
وہ جب آ گیا متصل ناگہاں ۔ ہوا تب خروشاں وہ حملہ کناں

پھر اتنے میں بیدار رستم ہوا ۔ وہیں گرم پیکار رستم ہوا
تہمتن نے پھر کھینچکر ایک تیغ ۔ دلیری سے ماری وہیں بیدریغ

ولیکن نہ ہرگز ہوئی کارگر ۔ تو وہی اژدہا کی ذرا پشت پر
یہ چاہا کرے زخم دیگر بپا ۔ کہ تا ہو دوبارہ تن اژدہا

کہ اتنے میں آیا سوئے پہلواں ۔ زمیں کھر کے وہ اژدہائے دماں
دم اژدہا کم نہ آتش سے تھا ۔ وہ ناچار سوئے غضب ہٹ گیا

جو دیکھا کہ رستم پہ ہے وقت تنگ ۔ کیا کام کیا رخش نے بیدرنگ
کہ دانتوں سے پکڑا اوسی دوڑ کر ۔ پھر اوس اژدہے نے اوٹھایا نہ سر

تہمتن نے اک تیغ ماری وہیں ۔ ہوئی خوں سے اوسکے رنگیں زمیں
ہوا کشتہ جب اژدہائے دماں ۔ تو کرنے لگا شکر حق پہلواں

بیان احوال منزل سوم راہ ہفتخوان و طے کردن تہمتن بتائید پروردگار جہان

روانہ ہوا واں سے پھر صبحگاہ ۔ دراز آئی اوسر زمیں پیش راہ
سر شام پہونچا وہ اک چشمہ پر ۔ کہ سبزہ بھی تھا خوب واں تازہ تر

ہوا جبکہ رستم سکونت گزیں ۔ تب آئی وہاں ایک زن مہ جبیں
صراحی مے ہاتھہ میں اوسکے تھی ۔ نہ تنہا صراحی کہ طنبور بھی

بہت خوب تھا اوسکے بر میں لباس ۔ غرض بیٹھی آکر وہ رستم کے پاس
تہمتن نے اوسکو بغل میں لیا ۔ اور اک جام مے اوسنے لیکر پیا

پھر احوال رستم نے پوچھا تمام ۔ لگی کہنے تب یوں بت لالہ فام
کہ ہو تم زن صالح و حق پرست ۔ مجھے وہ خداوند بالا و پست

بیاباں میں پہونچا ہے نقل و مے ۔ جو کچھ چاہیے یاں سو موجود ہے
ترنم سرا پھر ہوئی نازنیں ۔ ہوا اوسکے رستم مسرت قریں

یہانتک وہ محظوظ و خرم ہوا ۔ کہ پھر نغمہ سنج آپ رستم ہوا
سنجانا کہ یہ زن ہے اک سحر کار ۔ ہوا راز پنہاں نہ کچھ آشکار

ہوئی وہ بھی مستغرق حال جب ۔ زباں پر وہ لایا وہیں حمد رب
سنا جبکہ نام جہاں آفریں ۔ ہوا تیرہ رنگ رخ نازنیں

تہمتن پہ تب یہ ہوا آشکار ۔ کہ ہے ساحرہ یا کوئی دیوسار
کیا اوسکو وونہیں اسیر کمند ۔ غضبناک ہو پھر یل ارجمند

یہ بولا کہ تو کون ہے سچ بتا ۔ زن ساحرہ ہوں یہ اوسنے کہا
قلم تیغ سے کرکے پھر اوسکا سر ۔ گیا خواب میں وہ یل نامور

بیان احوال منزل چہارم راہ ہفتخوان

جو واں سے ہوا صبحدم رہ نورد ۔ تو پہونچا عجب دشت میں شیر مرد
کہ ہوتا تھا خورشید کم جلوہ گر ۔ اندھیرا ہی تھا واں بیشتر

وہ طے کر گیا راہ تاریک کو ۔ سر چشمہ پہونچا یل نامجو
گیا خواب میں وقت شب پہلواں ۔ تب آیا وہاں دشتباں ناگہاں

جڑی ایک چوٹ آنکر پانوں کو ۔ ہوا وونہیں بیدار وہ نامجو
لگا کہنے رستم سے وہ دشتباں ۔ کہ اولاد گرد دلاور جہاں

یہاں کا ہے حاکم بڑا ہی دلیر ۔ کہ جسکے مقابل نہو نرہ شیر
تصرف میں ہے چند فرسنگ زمیں ۔ پرندوں کا بھی یاں گذارا نہیں

تو ہو جان سے سیر آیا مگر ۔ گریزندہ ہو یاں سے اب زودتر
وگرنہ جو اولاد آجائے گا ۔ تو پھر ہاتھ سے جانے نہیں پائیگا

مجھے تجھپہ آتا ہے رحم ای جواں
کہ ضایع کہیں تو نہووے یہاں
یہ سنکہ تہمتن نے ہو خشمگیں
پکڑ کان اوسکے اوکھاڑی وہیں

طمانچہ جو مارا منہ پہ پھر اسقدر
کہ بیٹھی دو دنداں جھڑے سر بسر
گیا دستبستاں پاس اولاد کے
کیا حال سے جا کے واقف اوسے

وہ مشغول صید افگنی تھا کہیں
یہ سنکر سپہ لیکے آیا وہیں
اوسے دیکھکر رخش پر سوار
مقابل ہوا رستم نامدار

یہ اولاد رستم سے کہنے لگا
مجھے ٹک بتا نام تیرا ہے کیا
کہ لینے نام مارا نجادے میاں
یہ گفتار سنکر یل نوجواں

لگا کہنے یوں نام میرا ہے اک
قوی زور ہوں مثل پیل و ہزبر
دلیر دلکا زہرہ وہیں آب ہو
سنی گر کہیں وہ مرے نام کو

پھر اولاد بولا بتا یہ مجھے
کہ آیا ہے تو کونسی راہ سے
یہ بولا وہیں رستم نامور
رہ ہفتخواں سے میں آیا ادھر

بہ نیروے بازوے فضل خدا
سہ منزل میں کیں دفع ہر سر بلا
چہارم یہ منزل جو در پیش ہے
تو تو سد رہ اے بد اندیش ہے

ترے تن سے اب ہی جدا سر کروں
بہ تیغ یکدست لت کر کروں
سنا جبکہ اولاد نے یہ کلام
تو بس اوڑ گئے ہوش اوسکے تمام

کیا خوف و دہشت نے دل پر اثر
نہ ہرگز رہا آپ پھر پیشتر
سواروں سے بولا کہ یکبارگی
کرو حملہ دوڑاکے اب بارگی

وہ جنگ آوراں کھینچکر تیغ کیں
سو رستم گرد آئے وہیں
کوئی پہلواں پیشتر سب سے تھا
اوسے پہلے رستم نے کشتہ کیا

لگا قتل کرنے جب وراس پھر
نہ آیا کوئی پہلواں پاس پھر
سپاہ مخالف گریزاں ہوئی
بیاباں میں یکسر پریشاں ہوئی

پھر اولاد واں سے فراری ہوا
وہیں دشت پیمائے خواری ہوا
کیا پھر نہ آرام رستم نے واں
ہوا اوسکے دنبال دوڑیں واں

وہ جاتا تھا گاہی ادھر گہ اودھر
غرض مثل روباہ تھا حیلہ گر
ہوا اگرچہ عاجز یل نامدار
ولیکن نہ چھوڑا اوسے زینہار

پہنچ اوسکے نزدیک ڈالی کمند
لیا کھینچ اولاد کو کرکے بند
اوسے بند کرکے وہ پھر اٹھ سوار
پھر اک چشمہ کے پاس پکڑا قرار

شتہر سے دیا باندہ اولاد کو
ہوا استراحت کہاں نامجو
کہ دیو سفید اور کاؤس شاہ
ہوئے تھے جو زخم آور [illegible]

بیان احوال منزل پنجم راہ ہفتخواں

وہ احوال کر تو مفصل بیاں
کہی اوسنے القصہ سب داستاں
ہوئی صبح تابندہ جب آشکار
تو بولا یہ اولاد سے نامدار

یہ رستم نے چاہا وہیں بیدریغ
کہ اولاد کو کیجئے زیر تیغ
بصد عجز اوسنے کیا یہ بیاں
کہ مت قتل کر مجھکو اے پہلواں

کروں میں شب و روز فرمانبری
کروں راہ تن خدمت چاکری
لگا کہنے رستم کہ کاؤس شاہ
مقید جہاں ہے بحال تباہ

وہاں تک اگر پہنچے تو مجھے
تو کشتہ کروں مخلص نہ ہرگز تجھے
بتاوے تو گر جائے دیو سفید
تو بر آئے تیری ابھی دلکی امید

پذیرا کیا اوسنے اس بات کو
یہ ظاہر کیا پھر کہ اے نامجو
مکان ایک اسے درمیاں دو کوہ
وہاں شاہ کاؤس گردوں شکوہ

گرفتار ہے اور سر کوہسار
نگہباں ہیں دیو بارہ ہزار
دیا جبکہ زنداں کا اوسنے نشاں
تب اوسپر تہمتن ہوا مہرباں

رہا وہیں اولاد کو پھر کہا
دئے قول اور عہد و پیماں کیا
کہا یوں کہ اب رہنمائی تو کر
مراعات تجھپر کروں بیشتر

وہ بولا کہ نزدیک ہے وہ مکاں
جہاں قید ہے بادشاہ جہاں
وہی شہر مازندراں کی ہی راہ
کہ ہے دیو زادوں کی آرام گاہ

اور اک غار پر ہول ہے درمیاں
کہ سنگ گراں سنگ بھی جہاں
سوا اوسکے اے پہلواں جہاں
ہزار و دو صد فیل جنگی ہیں واں

سراپا تو ہو سنگ و آہن اگر
گذر واں مکاں سی ہی دشوار تر
یہ گفتار سنکر ہوا خندہ زن
لگا کہنے اولاد سے پیلتن

کہ ہو راہبر تو اگر واں تلک — تو واں دیکھنا پھر کہ زیر فلک
کروں ہوں میں کسطرح سبکو ہلاک — ملاتا ہوں کیونکر تہ خون وخاک
ہوا ساتھ اولاد کے پھر رواں — یل پیلتن رستم پہلواں
جہاں تک تعلق تھا اولاد کا — مقابل نہ پھر آئی کوئی بلا
غرض اک شب و روز وہ نیکمرد — ہوا دشت میں بیخطر رہ نورد
کہیں نصف شب قلعۂ کوہ پر — تہمتن کو ناگاہ آیا نظر
کہ آتش ہے افروختہ جابجا — جو پوچھا تو اولاد نے یوں کہا
کہ دروازۂ شہر مازندراں — یہی ہے کہ آتش ہے روشن جہاں
وہ دیو سفید اور بھی دیو سب — سکونت گزیں ہیں یہاں روز و شب
فروزندہ ہر دیو نے آگ کی — کہ دستور انکا ہے ہر شب یہی
یہ سنکر ہوا وہ نسر قریں — ہوا دشت میں وہ سکونت گزیں
کہا اب تو ہے شہر نزدیک تر — رواں یاں سے ہوویں گے وقت سحر
درخت ایک تھا اوس سے اولاد کو — دیا باندھ اور سو رہا نامجو
ہم اگرچہ تھا عہد اور اختلاط — ولے راہ میں شرط تھی احتیاط

بیان احوال پر اختلال منزل ششم راہ ہفت خوان

دم صبح اولاد کو ساتھ لے — روانہ ہوا رستم اوس سمت سے
ولے تھی کمند اوسکی گردن میں بند — وہ سرور تھا پیش یل ارجمند
یہ اولاد بولا کہ اے نامور — یہ منزل ہے پر خوف و بیم و خطر
نگہبان ہیں ارژنگ بیداد رنگ — نہیں جنسے انسان کو تاب جنگ
نہ اندیشہ رستم نے ہرگز کیا — جہاں دیو ارژنگ تھا واں گیا
دلیرانہ جاکر کیا جب غریو — تو خیمہ سے نکلا وہ ارژنگ دیو
تہمتن کے مارے کمر میں دو دست — کہ تا پہلواں کو کرے وہ بھی پست
تہمتن نے ہاتھ اوسکی رکھ کتف پر — پکڑ دوسرے ہاتھ سے اوسکا سر
اوسے خاک پر پھر پراگندہ کیا — سر و دیو ناپاک کندہ کیا
جہاں اور دیوؤں کی تھی انجمن — دیا پھینک انسے سر اہرمن
ہوئے پھر گریزندہ سب دیو تمام — ہوا اونسے رستم رواں شادکام
سر کوہ جس وقت رکھا قدم — وہاں پر توقف کیا ایکدم
روانہ ہوا پھر یل ارجمند — غرض کرکے طے راہ پست و بلند
جہاں شاہ ایراں گرفتار تھا — وہاں ساتھ اولاد کے وہ گیا
موکل وہاں خواب غفلت میں تھے — جہانگیر سلطاں ہوا گرد سے
شہنشہ نے پوچھا جو احوال آہ — تو رستم نے یکسر کہا پیش شاہ
گرفتار زنجیر کا بس تھا — تہمتن نے اوسدم ارادہ کیا
کہ یکدست توڑے وہ بند گراں — کہ اتنے میں جا وہاں پاسباں
لیا گھیر رستم کو بس آن کر — ولے پہلواں کو نہ تھا کچھ خطر
جو سردار تھا قوم کا بند دیو — مقابل ہوا وہ بھی کرکے غریو
وہ بولا کہ میں نے بفضل خدا — کیا تن سے ارژنگ کا سر جدا
خدا نے دیا اسقدر مجکو زور — کہ دیوؤں کو سمجھوں ہوں مانند مور
مرے ہاتھ سے مرگ دیو سپید — ہیں آیا یہی کرکے دلمیں امید
کروں قتل او دیو ناپاک کو — نہ جاں اپنی دے ہاتھ کے تو رزم جو
اطاعت مری کر تو اب اختیار — کہ پرخاش بہتر نہیں ہے یہاں
اگر جنگ کی دلمیں کچھ ہے ہوس — تو سر تیرا اور تیغ براں ہے بس
ہوا دیو فرمانبر اوس کا جبھی — کہ پیدا ہوئی ہیبت تیغ کیں
کہا اوسنے دیواں ناپاک کو — کہ مت آؤ پیش یل نامجو
گرفتار تھے جتنے ایرانیاں — اونہیں لا کے حاضر کیا پہلواں
لگا کہنے رستم سے پھر اہرمن — کہ دیو سپید اے یل پیلتن
ہوا کشتہ گر ہاتھ سے تیرے واں — تو فرماں بری ہم کریں سب یہاں
تہمتن رواں اوس مکاں سے ہوا — اور اک دیو ساتھ اوسکو انسے دیا

بیاباں میں تھا وقت شب سیر ۔ وہ اولاد اور دیو تھا راہبر
پڑا ایک لشکر نظر دور سے ۔ کہ افزوں ملخ سے تھا اور مور سے
یہ اولاد سے پوچھنے وہ لگا ۔ کہ یہ فوج کسکی ہے مجھکو بتا
وہ بولا کہ ہے فوج دیو سپید ۔ شنائی سوا اسکے اور کی نوید
کہ نکلے ہے جب چرخ پر آفتاب ۔ ہر اک دیو ہوتا ہے پھر گرم خواب
گر اس وقت تو اون سے ہو کینہ خواہ ۔ تو پھر ہو مظفر بفضل آلہ
ہوئی بات اولاد کی دلپذیر ۔ ہما رات کو رستم آرام گیر

احوال منزل ہفتم و کشتہ شدن دیو سپید

سحر جبکہ خورشید تاباں ہوا ۔ یل پیلتن تب شتاباں ہوا
جہاں لشکر دیو تھا واں گیا ۔ کوئی خواب میں کوئی بیدار تھا
تہمتن کمر سے وہیں کھینچ تیغ ۔ لگا قتل کرنے اونہیں بیدریغ
ہوئے پھر خبردار یکدست دیو ۔ گیا گرد رستم بھی کرکے غریو
پچھے است تھا تیغ زن پہلواں ۔ جو آیا مقابل ہوا کشتہ واں
رہی جب نہ زنہار تاب ستیز ۔ تو لی دا لنے دیو دل راہ گریز
پھر آیا وہ یل با دل پر امید ۔ سوے خانہ وجا ے دیو سپید
پھر از جادواں تھا وہ یکسر مکاں ۔ نہ تھا نام کو روشنی کا نشاں
وہی دیو سے سپر ہوا رہنما ۔ یل پیلتن کو وہاں لے گیا
کوئی غار تاریک تر تھا وہاں ۔ کہ دیو سپید لعیں تھا جہاں

نکل غار سے وہ مقابل ہوا ۔ سوے رستم گرد مائل ہوا
اوسے دیکھ رستم ہوا خوفناک ۔ پناہ لیگیا سوے یزداں پاک
دلیری سے پھر لیکے نام خدا ۔ کیا زخم شمشیر اوسپر رہا
ہوئی خستہ اوس زخم سے ران دیو ۔ ہلے دونوں کر ادسے کر کے غریو

بغل میں لیا اپنی رستم کو داب — لگا زور کرنے وہ خانہ خراب

جو اپنے بھی وہ سدم کیا جو بجے — دلیرانہ باہم ہوا خوب زد

ادھر یوں کئے تھا یل نامجو — کہ اب دیکھئے جا بری کیا ہو

گئے تھا ادھر دیو سپید — کہ ہو جان سے آج میں ناامید

غرض ہمدگر خوب کشتی ہوئی — ادھر اودھر سے درشتی ہوئی

بہم ہو گئے جا تہمتن پھر جدا — جدا ہو گئے ایکدم توقف کیا

زمیں پر لگا ایک پڑی جو نظر — تو دیکھی زمیں خوف سے رستم نے سر

یقیں یہ ہوا زخم کاری لگا — ہوا اودل قوی رستم گرد کا

اوٹھایا پکڑ کر کمر دیو کو — دیا پھر پٹک خاک پر دیو کو

کیا وہ دل ہی خنجر سے اوسکو ہلاک — نکالا جگر دل کیا اوسکا چاک

کمک کی جو رستم نے پھر سو نگاہ — تو کشتہ وہاں پائے وہ ان سپاہ

یہ پوچھا انہیں قتل کسنے کیا — جواب اوسکو اولاد نے یہ دیا

کہ با جان دیو سپید لعین — ہر اک کی تھی واں جان تشنیں

ہوا قتل جب وہ تو سب مر گئے — جہنم میں ساتھ اوسکے یکسر گئے

یہ کمک کہا پھر کہ اے نامدار — کچھ انعام کا ہوں میں امیدوار

تہمتن یہ بولا تجھے ایجواں — کروں حاکم شہر مازندراں

پھر اولاد کو وہ جگر دیو کا — یل بیلتن نے حوالے کیا

تہمتن وہاں سے پھر اشاد شاد — گیا پیش کاؤس فرخ نہاد

دیا مژدہ فتح جب شاہ کو — تو شاداں ہوا خسرو نامجو

لگا کہنے پھر شاہ با داد و دیں — کہ اے پہلوان آفریں آفریں

داستان بر تخت نشستن کیکاؤس شاہ مازندران و نامہ نوشتن بشاہ جادوان

جو سردار دیونکا تھا بید نام — ہوا وہ مطیع شہ ذوالکرام

وہ لایا وہاں ایک اورنگ زر — ہوا اوسپہ کاؤس کے جلوہ گر

وہ گودرز و گستہم اور طوس و گیو — وہ گرگین و بہرام اور خیل دیو

ہوئے ایستادہ وہ حسب است ادب — کمر بستہ چوں بندگاں باادب

یل نامور رستم پہلواں — سر کرسی زر تھا جلوہ کناں

سر نو ہوئی محفل انبساط — مہیا ہوا ساز و برگ نشاط

رہا سات و ہشت عیش و طرب — رہی روز و شب مایل عیش سب

سو شاہ مازندراں بعد ازاں — کیا شاہ نے ایک نامہ رواں

فرستادہ کا نام فرہاد تھا — غرض نامہ شاہ وہ لیگیا

دیا شاہ مازندراں کو شتاب — کہا یوں کہ لکھ بھیجے اسکا جواب

شہ جادواں نے پڑھا کر کے وا — لکھا تھا کہ اک گرد زور آزما

زدواں ہو کے ایراں سے آیا یہاں — قوی زور ہے مثل شیر ژیاں

دلیر و جوانمرد رستم ہے نام — ہنر بر اگنی ہے سدا اوسکا کام

وہ دیو سفید اور ارژنگ دیو — جہاں نہیں تھا قوت کا جسکی غریو

ہوئے ساتھ رستم کے جب گرم جنگ — تو وہ دونوں کشتے ہوئے بیدرنگ

کہاں ہے تجھے رزم کی اوس سے تاب — تو حاضر ہو یاں آنکر اب شتاب

ہمیں ملک اپنا حوالے تو کر — تجھے خواہش خیر ہے کچھ اگر

ترے حق میں بہتر یہی فرمانبری — وگرنہ ہو دشوار پھر جانبری

یہ مضمون پڑھا جب تو ہوکر خفا — شہ جادواں نے یہ پاسخ دیا

کہ دیو سفید اور ارژنگ اگر — ہوئے کشتہ تو یاں ہوا کیا خطر

ہزاروں ہیں یاں دیو بیکار جو — قوی بازو و کینہ ور تند خو

سدا اوسکے ہیں پاس شیر جہاں — ہزار و دو صد پیل جنگ آزما

تو نادان ہے اک رستم گرد پر — یہاں ہیں ہزاروں ہی تجھ نامور

ارادہ کروں گر تو فرصت نہ دوں — بس اک دم میں تسخیر ایراں کروں

ترے ساتھ میں نے مجرا کیا کیا — کہ زنداں میں تجھکو زندہ رکھا

رہائی تری ہو گئی ناگہاں — غنیمت سمجھ اسکو اب بدگماں

تو جا خیر سے سوئے ایران میں
فرستادہ لیکر جواب پیام
پڑا فکر میں شاہ فرخندہ نام
یہ سنکر ہوا خرم و شاد شاہ
لکھا یوں کہ بیہودہ گوئی تو چہ
سمجھ گر تو ہے عاقل و پیش بین
وگرنہ تجھے خوب پہونچے زیاں
حضور سپہدار مازندراں
قد و جسم ہے مثل پیل بلند
شہ جادواں سے وہی پہلوا
اوسے دیکھے جولاں طرح بیرہ کے
اشارہ نہیں کہنے لگے سب بہم
تہمتن نے کیا خوب پنجہ کیا
وہ بیتاب و بیچو وہ ہوا سقدہ
کلاہور اک گرد پر زور تھا
کلاہور آیا غضبناک ہو
مقابل وہیں پھر تہمتن ہوا
حضور خداوند آیا وہ مرد
کہا یہ کہ بہتر نہیں کارزار
کیا پھر طلب رستم گرد کو
یہ سنکر دیا اوسنے پاسخ وہی
تہمتن یہ بولا کہ لکھے جواب
ہمارا تو ہو ملکہ فرماں پذیر
تو باہر نہ اقدام سے دھر قدم
نہ برباد کر اپنا یہ جسم و تخت

نہ ہر گز کرو اوس کے ساتھ ہو گر جم کہیں
پھر آیا حضور شہ ذو الکرام
لگا کہنے تب رستم نامجو
ہوا اسنے غم کے آزاد شاہ
ہماری اطاعت سے اب نہ موڑ
کہ پرخاش تم سے ہمارا بہتر نہیں
رہے پھر تو اور مازندراں
کیا جا کے یوں مردمان نے بیاں
رکھی ہے وہ پاس اپنے تیغ و کمند
روانہ کئے گرد زور آزما
جو نزدیک پہونچا تو چوڑا اوسے
کہ دکھلا دیں کچھ زور اپنا بھی ہم
کہ ہم پنجہ کا دست رنجہ کیا
کہ بس گر پڑا اسپ سے خاک پر
اوسے شاہ مازندراں نے کہا
لگا کہنے یوں رستم گرد کو
کلاہور سے پنجہ افگن ہوا
پراگندہ خاطر گرفتار درد
رہ آشتی اب تو کر اختیار
گیا جب حضور اوسکے وہ نامجو
کہ رستم کا ہوں چاکر کمتریں
لکھا پاسخ نامہ اوسنے شتاب
کہ قائم رہے ملک و تاج و سریر
نہ پھر اپنی جاں پر روا رکھ ستم
روانہ ہو اسکے وشمشیر سخت

کروں گا تیرے تن کو اب پایمال
شناور نہ دیکھا تھا کچھ نہ ہاں
تجھے نامہ لکھ بھیجنے کی یہ بات
تہمتن کی تعریف کرنے لگا
نہیں تیرے لشکر سے ڈرتے ہیں ہم
اگر آکے حاضر ہو یاں یکبار
ہوئی مہر کاوس جب نامہ پر
کہ آیا ہے پھر سے یہ نامہ پر
قوی ہیکل اک اسپ پر ہے سوار
لیا پیلتن سے اوسی نے نگاہ
بہت گرد اوسکے تلے دب گئے
کیا ایک نے اپنا پنجہ دراز
جدا ہوگئیں اوسکی رگہائے دست
خبر سنکے یہ شاہ مازندراں
کہ تو بھی اوسے زخمی و خستہ کر
ذرا مجھسے ہم پنجہ ہوا جو الاں
اوسے بھی کیا ایکدم میں تو لب
دکھایا اوسے دست آویختہ
کلاہور نے جب کیا یہ بیاں
لگا کہنے پھر شاہ مازندراں
یہ کہکر وہ نامہ حوالے کیا
کہ یاں تجھسے ہو دعویٰ ہمسری
پہنچ گوں نے تیرے بچا کچھ ہو
تہمتن نے یوں وقت رخصت کہا
حضور شہنشاہ کاوس جب

تو جیتا نہ چھوڑوں نگا پھر نہ یمار
کیا پیش تہمتن کاوس یکسر بیاں
کہ تا جاؤں میں اوں فرستادہ وار
پھر اوسنے رقم وہ ہیں نامہ لکھا
تجھے پھر خبردار کرتے ہیں ہم
ترا ملک تجھپر رہے برقرار
رواں تب ہوا رستم نامور
فرستادہ اور ایک یا کر وفر
عجب شان و شوکت کا ہی وہ جوان
اوکھاڑا وہاں ایک تناور شجر
یہ دیکھا تو حیرت میں پھر سب گئے
ہوا خندہ زن رستم سرفراز
ہوا مرد زور آزما وہیں پست
یہ سمجھا کہ رستم یہی ہے جوان
دل اور پنجہ کو اوسکے لشکر کر
کہ دیکھوں ترا میں بھی زور تواں
کیا اوسکے سر پنجہ کو غرق خوں
کہ رگ اور ناخن تھی سب ریختہ
ہوا پر غضب شاہ مازندراں
کہ تو ہے مگر رستم پہلواں
وہ پڑھکر ہوا پھر نہایت خفا
نہو بچے جو ایسے فرمانبری
کہ ناسخ کو مازندراں لاویں ہم
کہ کاوس کی کر اطاعت شہا
وہ آیا تو بولا زرد سے طرب

کہ اب کیجیے آراستہ ساز جنگ
رواں ہو مجھے شوق سے بیدرنگ

جنگ کاوس شاہ با والی مازندران و کشتہ شدن شاہ مازندران از دست رستم و ظفریاب شدن

ادھر سے جہاندار کشورستاں ۔ ادھر سے سپہدار مازندراں
صف آرا ہوئے جا کے میدان میں ۔ ہوا حشر برپا پھر اک آن میں

کوئی دیو تھا جو وہاں بیدرنگ ۔ ہوا آگے رستم سے جویائے جنگ
لگا جبکہ اک زخم نوک سناں ۔ رہی دیو کے پھر نہ قالب میں جاں

شہ جادواں نے کہا فوج کو ۔ کہ یکبارگی اب تو حملہ کرو
ہوا گرم ہنگامۂ کشت و خوں ۔ ہوئی خوں سے یکسر زمیں لالہ گوں

ہوا بوق اور کوس کا یہ خروش ۔ کہ یکسر پریشاں ہوا سب کا ہوش
ہوا گیر پھر گرد غبار زمیں ۔ گیا تا سر سقف چرخ بریں

دو لشکر بہم حملہ آور ہوئے ۔ ہزاروں تن اک دم میں بے سر ہوئے
بشمشیر و گرز و سنان و خدنگ ۔ رہا گرم یکہفتہ بازار جنگ

ہوا روز ہشتم درخشندہ جب ۔ یہ مانگی دعا شاہ ایران نے تب
کہ یارب مرے ہمقریں ہو ظفر ۔ زبوں ہو وہ دیو ان بیداد گر

وہیں غیب سے پھر یہ آئی صدا — کہ ہو فتح تیری بفضل خدا

یہ سنکر شہنشاہ فرخ نہاد — گیا سوئے مازندرگہ شاد شاد

کیا حملہ آور موساری سپاہ — کرو فوج مازندراں کو تباہ

تہمتن سوئے شاہ مازندراں — شتاباں ہوا مثل پیل دماں

کھڑے اوسکے آگے تھی پیلان مست — کیا گرز سے اوسنے ہر اک کو پست

کشادہ ہوئی راہ جب بیشتر — گیا راست تب رستم نامور

رہا ہاتھ سے گرز اوسدم ہوا — طلبگار نیزہ جو رستم ہوا

وہیں گیو نیزہ وہاں لیگیا — تہمتن کو جاکر حوالے کیا

یل پیلتن لیکے اوس نیزے کو — شہ جادواں سے ہوا رزم جو

وہ قوت تھی جادو کی ہنگام جنگ — شہ جادواں بنگیا شکل سنگ

جو دیکھا وہ کوہ گراں سد راہ — تو حیراں رہا رستم کینہ خواہ

یہ پہونچکر وہیں شاہ کاؤس کو — یہ بولا کہ اے شاہ فرخندہ خو

مرے ساتھ جب لیکے گرز گراں — ہوا رزم جو شاہ مازندراں

تو میں نے کیا زخم نیزہ رہا — اور اوسدم یہ دشمن گما پھر ہوا

کہ اس زخم سے ہو کے بس غرق خوں — ہوا شاہ مازندراں سرنگوں

ولیکن یہ حایل ہوا ایک کوہ — جسے دیکھ حیرت میں ہے اک گروہ

لگا کہنے پھر بادشاہ جہاں — کہ جتنے ہیں ایراں کے زور آوراں

اوٹھالا دیں اوس کوہ کو زود تر — یہ سنکر وہ زور آوراں سربسر

لگے زور کرنے ولیکن وہ کوہ — ہلا بھی نہ اوسنے ہوئے سب ستوہ

پھر آخر کو وہ رستم پہلواں — اوٹھا لیچلا واں سے کوہ گراں

پس پشت تھے وہ دلیراں تمام — خوش و خرم آفریں خواں تمام

خوشی سے سر رستم نامدار — بہت گوہر و زر کیا واں نثار

غرض لاکے رکھا وہ کوہ گراں — کہ شاہنشہ نامور تھا جہاں

خروشاں ہو جوں شیر نر سے نہنگ — تہمتن یہ بولا کہ اے بیدرنگ

نکل اے شہ جادواں سنگ سے — رہائی نہیں اب تری جنگ سے

وگرنہ ابھی لیکے تیغ و تبر — کروں ٹکڑے اس کوہ کے زود تر

یہ آواز سنکر شہ جادواں — جو نکلا تو کاؤس شاہ جہاں

لگا کہنے کچھ اسمیں لاؤ نہ باک — ملاؤ اب اسکو تو خوں خاک

وہیں کھینچکر پھر تہمتن نے تیغ — کیا پارہ پارہ اوسے بیدریغ

جو کشتہ ہوا شاہ مازندراں — ہزیمت پڑی فوج کے درمیاں

گئے بیزاں ہوئے سے موم و آہن — پریشاں ہوئے زیر چرخ کہن

بفیروزی و فتح شاہ جہاں — ہوا داخل شہر مازندراں

شہ جادواں کا جو تھا تختگاہ — ہوا جلوہ گاہ شہ دیں پناہ

ہوئے مردم شہر و دیوان تمام — پرستار شاہنشہ ذوالکرام

بہت ہاتھ آیا وہاں مال و گنج — ہوا اندر یکدست پھر لیسے رنج

سپاس و عنایات و لطف خدا — بہا ندر کاؤس لایا بجا

جب اوس فتح سے شاہ خوشدل ہوا — سو بخشش و جود مایل ہوا

دُر بے بہا خلعت پر گہر — زر و ملک اسپان و بارین و زر

کنیز و غلامان زریں لباس — بعید محبت و شفقت بیقیاس

تہمتن کو دیکر کیا سرفراز — ہوا پہلواں کا فزوں امتیاز

پھر اولاد کو با نشاط و طرب — حضور جہاندار کرکے طلب

کیا عرض رستم نے اے بادشاہ — یہ اولاد ہے بندہ نیک خواہ

بہت اسنے کی خدمت چاکری — یہ ہے لایق عزت و برتری

حکومت یہاں کی اوسے دیجیے — جہاں میں سرافراز اب کیجیے

شہنشاہ نے خرم و شاد ہو — زروئے عنایات اولاد کو

کیا حاکم شہر مازندراں — فزوں کی وہاں اسکی توقیر و شاں

وہ گستہم اور طوس عالی وقار — وہ گودرز اور گیو جنگی سوار

یہ جتنے تھے گردان جنگ آزما — زر و ملک اون کو عنایت کیا

داستان لشکر کشی کردن کیکاؤس بر شاہ ہاماوران و ہزیمت

خوردن شاہ ہاماوران دختر خود شاہ کیکاؤس را

تبہ یمن اقبال و نیروی بخت — جو مازندران سے لیا تاج و تخت
تو پھر سب گئے سوے ایران بفتح و ظفر — روانہ ہوا خسرو نامور

ہوئی ایک عالم کو یہ آگہی — کہ باشوکت و فر شاہنشہی
خدیو جہانگیر کاؤس کے — بلند اقتدار و زبردست سے

کیا جسنے تسخیر مازندراں — ہوا خیل دیواں پہ اب حکمراں
ہوئے سرکشاں سب کے اندیشہ مند — مبادا کہ ناگاہ پہونچے گزند

بہت بادشاہاں گردن فراز — ہوئے گام فرسائے راہ نیاز
ہر اک نے زر و گوہر و طوق و تاج — حضور اوسکے بھیجا برسم خراج

اطاعت پہ جسنے نہ باندھی کمر — تو اوسکی ولایت کو بھیجا ظفر
بہت لشکر اوں شہ نے بھیجے سپہ — مکان ملک توران کی اکثر لیے

نہ لیکن ہوا شاہ ہاماوراں — مطیع شہنشاہ کشورستاں
تھا یارا ہوائی اوسکے سب سرکشی — تو کی شاہ نے اوس پہ لشکر کشی

کیا اسقدر پہلوانوں نے تنگ — کہ پھر گزرہا پھر نہ یارائے جنگ
وہ رکھتا تھا اک دخت سودابہ نام — صنوبر قد و گلرخ و لالہ فام

جو باعث تھا اوسکا ہوا خوفناک — نہ انکار اوسنے کیا نہ پیکار
بنے باقضا باہم ہمسر شہاں — ہوا شاہ کاؤس پھر مہرباں

رہا ملک ہاماوراں برقرار — مراعات کی اوسنے بھی بیشمار
پیامی سپہدار ہاماوراں — یہ آیا حضور شہ خسرواں

کہ تشریف اب قلعہ میں لائیے — یہاں تک قدم رنجہ فرمائیے
قبول اب مری مہمانی کرو — مرے حال پر مہربانی کرو

کیا شہ نے اقبال اسبات کو — ولیکن وہ دلدار فرخندہ خو
یہ بولی کہ اے خسرو نامدار — مرے باپ کا کچھ نہیں اعتبار

وہ کمبخت ظالم سیہ کار ہے — بڑا ہی دغاباز و مکار ہے
نہ جاؤ غرض قلعہ کے درمیاں — کہ ہرگز نہیں خوب جانا وہاں

داستان مہمان نمودن شاہ ہاماوران کیکاؤس را و گرفتار نمودنش و خبر یافتن رستم و نامہ نوشتن آن بہ شاہ ہاماوران

ہوا جاکے مہمان شہ کامگار — گئے ساتھ اوسکے کئی نامدار
وہاں سات دن رونق افزا رہا — نہ وسواس و اندیشہ ہرگز کیا

تمنائے سالار ہاماوراں — بر آئی کہ آیا وہ شاہ جہاں
شب و روز خدمت میں حاضر رہا — جو کچھ شرط خدمت تھی لایا بجا

کہوں کیا کہ خدمت سے خوشدل کیا — شہنشہ کو جیسے سے غافل کیا
کیا قید پھر شاہ کاؤس کو — کئی بند گودرز اور طوس کو

ہوا جبکہ گرفتار کاؤس شاہ — تو باہی ہوئی سب کی ایران سپاہ
یہ سنکر سپہدار افراسیاب — سپہ لیکے توران سے پہونچا شتاب

تصرف کیا آکے ایران میں — کیا ملک تسخیر اک آن میں
بزرگان ایران نے پھر زینہار — اطاعت نہ کی ترک کی اختیار

گئے زابلستان میں رستم کے پاس — شکستہ دل و پر غم و بیحواس
کیا جاکے احوال سارا بیاں — کرے تاکہ تدبیر کچھ پہلواں

سنا جبکہ رستم نے یہ ماجرا — تو یوں شاہ ہاماوراں کو لکھا
سنا ہوگا احوال مازندراں — کہ نیروے بازو سے میرے وہاں

ہوا شاہ مازندراں بھی ہلاک — ملے دیو سرکش بہ خون و خاک
تمہیں بھی یہ لازم کہ کاؤس کو — باعزاز و اکرام یاں بھیجدو

ہوئے کشتہ تورانیاں یاں تلک
کہ کشتوں کے پشتے ہوئے تا فلک

گیا سوئے توران پھر افراسیاب
ہوا شاہ کاؤس کے فتحیاب

ہوا ملک ایران میں پھر بندوبست
ہوئے سرکشان جہاں جو پست

ہوئے شہ کے محکوم دیو و پری
لگے کرنے چون بندگان چاکری

مکاں پاکے تا در بر زیر فلک
بنائے بہت کوہ البرز تک

کروں دن مکانوں کی تعریف کیا
کہ تھا ہر مکان در یاقوت کا

سوا اسکے پھر جا بجا شیشے لگے
جہاندار کاؤس کے حکم سے

غرض دیو فرمائش بادشاہ
سرانجام کرتے تھے شام و پگاہ

ولیکن تنگ آگئے تھے تمام
وہ ناچار اس فکر میں تھے مدام

کہ شہ کو کسطرح کیجیے ہلاک
جہاں میں رہیں تا کہ بیخوف و باک

پھر ابلیس سے سیکھ دژخیم دیو
گیا پس وہیں پیش کیہان خدیو

کیا عرض اے بادشاہ جہان
تو ہے خسرو خسروان جہان

ولے حیف ہے یہ کہ راز فلک
نہیں تجھکو معلوم کچھ اب تلک

کواکب کی گردش کا ہے جو نہاں
نہیں تجھپہ احوال کچھ آشکاں

اگر تو ہو عازم سوئے آسمان
تو ظاہر ہو یکدست راز نہاں

سنی بات جب دیو گمراہ کی
تو گم ہو گئی عقل پھر شاہ کی

یہ کہنے لگا اوس سے پھر تاجور
کہ تو لیجیے گا مجھے چرخ پر

تو میں تجھکو انعام دوں بیشمار
زیادہ کروں عزت و افتخار

وہ بولا کہ تدبیر اوسکی کروں
سر چرخ پر آپ کو لیجلوں

رفتن کاؤس شاہ بسیر آسمان و افتادن بدشت چین و آوردن سواران در ایران و باز بر تخت نشستن

گیا پیش ابلیس دژخیم دیو
کہا یوں کہ راضی ہو کیہان خدیو

دلے اوسکی تدبیر فرمائیے
کہ گردون پہ کسطرح لیجائیے

بتائی وہیں اوسنے تدبیر ایک
کہ نزدیک ابلیس کے تھی وہ نیک

گیا پھر حضور شہ نامدار
عقاب اوسنے جنگل سے منگوائے چار

کھلایا اونہیں گوشت شام و سحر
قوی زور اونکے ہوئے بال و پر

اونہیں ساتھ مردم کے خوگر کیا
کئی روز پھر اون کو فاقہ دیا

رکھی ران بزغالے اک نیزہ پر
کیا ایک تیار پھر تخت زر

عقابوں کو باندھا تخت سے
کہا پھر یہ شاہ قوی بخت سے

کہ اب بیٹھیے آپ اس تخت پر
ہوا جلوہ گر خسرو نامور

مگر قصد یہ تھا سر آسمان
کہ ہو رزم آور بہ تیر و کمان

اوڑے تخت کو لیکے چاروں عقاب
سو گوشت پر وہ اونکی پھر شتاب

جہاں تک اونہیں جہد پرواز تھا
ہوئے اوج گیر ابر سے ہوا

نہ پھر گز رہی تاب پرواز جب
سر خاک پر گر پڑا تخت تب

گرا بیشہ چین میں وہ تاجدار
گزند اوسکو پہونچا نہ کچھ زینہار

کہ پکڑے ہوئے تھا قوی تخت کو
غرض دشت میں خسرو نامجو

چہل روز جنگل میں وہ خستہ رہا
پراگندہ و دل شکستہ رہا

شب و روز روتا تھا وہ زار زار
خدا نے کیا رحم انجام کار

بشارت ہوئی خواب میں اونکو
کہ دل جمع خاطر تو اے نامجو

وزیروں نے القصہ کی جستجو
روانہ کئے دیو پھر چارسو

کئی آگئے دیو دوں لے یہ پھر خبر
کہ ہے بیشہ چین میں وہ تاجور

روانہ ہوئے تب سران سپاہ
شہنشہ کو لائے سوئے تختگاہ

ہوا جلوہ گر شاہ جب تخت پر
تو گودرز رستم نے والا گہر

ملامت بہت کی کہ افسوس ہائے
ہوئی یکقلم گم تری عقل و رائے

ستم ہے کہ ہر بار اے بادشاہ
تو دیتا ہے بیخواہ کو تختگاہ

بنا خوب کیا تجھسے کار زمین
گیا تو بھی سوئے چرخ برین

رہا تو گرفتار خواری سے یار
ولیکن نہ سمجھا ذرا زینہار

یہ سنکر شہنشہ پشیمان ہوا
خجالت سے سر در گریبان ہوا

لگا عذر کرنے وہ شاہ جہاں
کیا شغل داد و دہش بعد ازاں

کیا بسکہ عدل و کرم صبح و شام
شہنشہ سے راضی ہوئے خاص و عام

سر تاجداران رہا گیہان خدیو
پرستار تھے اوسکے انسان و دیو

جہاں میں کوئی شاہ گیتی پناہ
نہ ہرگز ہوا مثل کاؤس شاہ

ولے دہر میں اب جو ہوتا اگر
تو پھر پیش اکبر شہ نامور

کمر باندھتا جاوداں بندہ وار
شب و روز رہتا وہ خدمتگزار

الٰہی یہ شاہ خلایق پناہ
رہے اس جہاں میں بہ تیغ و سپاہ

سمند قلم کی میں پھیروں عنان
لکھوں آگے سہراب کی داستان

داستان تولد شدن سہراب از بطن تہمینہ دختر والی سمنگان

کہیں ایکدن جو یل نامدار
گیا دشت میں جو برائے شکار

ہوا سیر اک گور کے کھا کباب
کیا پھر وہاں اوسنے آرام و خواب

کسی سمت سے آگئے ناگہاں
سواران ترکان و عیار وہاں

تو اتر سوئے رخش آئی کمند
کیا گردن رخش کو زیر بند

گئے جبکہ نزدیک اوس رخش کے
تو اوسنے لگد اور دندان سے

کئے چند کس کشتہ اک آن میں
رہائی ہوئی پھر نہ میدان میں

پکڑ لیگئے ترک اس سے اوسے
کیا جفت اک یادیان اسپ سے

ہوا جبکہ بیدار وہ تاججو
نہ دیکھا کہیں دشت میں رخش کو

وہ لیتا ہوا پھر سراغ اسپ کا
پیادہ بسوئے سمنگان گیا

جو شاہ سمنگاں کو پہونچی خبر
کہ آیا یہاں رستم نامور

تو وہ بھی پیادہ گیا پیشوا
تہمتن سے جاکر یہ اوسنے کہا

ترے ہم ہیں فرمانبر و نیکخواہ
خدا ہے ہمارے سخن کا گواہ

ادھر اب قدم رنجہ کیونکر کیا
یہ رستم نے تندی سے پاسخ دیا

مرا رخش لائے ترے مرزباں
سراغ اسپ کا مجھکو پہونچا یہاں

جہاں ہو وہاں بھی بلا رخش کو
کہ آفت یہاں کوئی برپا نہو

وہ بولا کہ اتنا نہ گھبرائیے
نہ تندی کو اب کام فرمائیے

کرم کیجیے میرے ایوان پر اب
بسر کیجیے اب بعیش و طرب

رکھو جمع خاطر کہ رخش آئیگا
سحر آپکے پاس آ جائیگا

یہ گفتار سنکر وہ شادان ہوا
سمنگان کے سلطان کا مہمان ہوا

رہا کیا شہ لئے چنگ و رباب
شراب مصفا و نقل و کباب

پس پردہ وان ایک ناگہاں
نمایاں ہوئی اک بت دلستاں

سمن بر گل اندام و شمشاد قد
پری چہرہ مہ رو و خورشید خد

جو دیکھی وہ دلدار آئینہ رو
تو حیران رہا رستم نامجو

یہ پوچھا کہ تو کون ہے کیا ہے نام
لگی کہنے تب یوں بت لالہ فام

کہ شاہ سمنگان کی دختر ہوں میں
پری چہرہ و ماہ پیکر ہوں میں

مرا نام تہمینہ ہے ایجواں
رہوں جوں پری مردماں سے نہاں

ولے تیری مدت سے دیوانہ ہوں
قرار و صبوری سے بیگانہ ہوں

ہوئی والہ سنکر تری خوبیاں
خدا سے کیا عہد میں نے کہ ہاں

کسیکی نہوں جفت تیرے سوا
تمنائے دل تھی یہ صبح و مسا

تعین کئے میں نے یہ مرزباں
کہ لائیں ترے رخش کو وہ یہاں

بجا لائی میں شکر الطاف رب
کہ وارد ہوا اس مکاں میں تو اب

یہ سنکر ترے پاس آئی دوان
کروں تا حقیقت مفصل بیان

غرض جبکہ خورشید ہو جلوہ گر
مرے باپ سے مری درخواست کر

وہ چاہے جو مجھسے زیادہ تجھے
کریگا نہ انکار اس بات سے

یہ کہکے وہ رخصت ہوئی دلستاں
ہوا خوش بہت رستم پہلواں

سحر موبد شاہ کو کر طلب
تہمتن نے بھیجا یہ پیغام تب

تو لاکر بجا شرط آئین دین
تہمتن کو دی شہ نے دختر وہیں

ہوا اوس سے ہمخواب یکشب جوان
ہوئی حاملہ وہ بت دلستان

کوئی مہرہ سام و نریمان کا تھا ۔ سو رستم نے اوسکے حوالہ کیا
کہا یوں کہ اے دلبر سیم بر ۔ اگر تجھسے ہووے تولد پسر
تو یہ مہرہ اوسکے بازو سے باندھ ۔ اگر ہووے دختر تو گیسو سے باندھ
بیان کیجیے کیا اثر مہر کا ۔ کہ ہو پاس جسکے بفضل خدا
تو اوسکے مقابل نہ ہو پیل و شیر ۔ وہ ہو مثل سام نریمان دلیر
طلب رخش اپنا کیا بعد ازاں ۔ سوار اوسپہ ہو کر ہوا ایراں
جدائی سے تہمینہ گریاں ہوئی ۔ بہت اوسکی خاطر پریشاں ہوئی
غرض نو مہینے گئے جب گذر ۔ تو پیدا ہوا نازنیں سے پسر
جسیم و قوی پنجہ مانند سام ۔ رکھا شاد ہو کے اوسکا سہراب نام
وہ یکماہہ نظروں میں یکسالہ تھا ۔ رخ خوب رنگ گل لالہ تھا
سہ سالہ ہوا جبکہ وہ شیرخوار ۔ لگا پھرنے میدانمیں لیل و نہار
ہوا جبکہ دہ سالہ وہ پیلتن ۔ لگے ڈرنے ہمسران شمشیرزن
تہمتن نے زابل سے تہمینہ کو ۔ سہ یاقوت بھیجے تھے اور لعل دو
طلب کی تھی یہ نازنیں سے خبر ۔ کہ دختر تولد ہوئی یا پسر
ولیکن بت سیستاں نے وہاں ۔ لکھا تھا کہ پیدا ہوئی دختر یاں
غرض آکے تہمینہ سے ایکروز ۔ لگا کہنے وہ کودک دلفروز
یہ ہر کوئی پوچھے ہے یاں صبح و شام ۔ کہ تیرے پدر کا بھلا کیا ہے نام
کہوں کیا میں دیکھو بتاؤ میں کیا ۔ یہ سنکر پریچہرہ نے یوں کہا
ملکزادہ کا پھر ہوا جو امتحان ۔ کہ تجھ سے مشرف ہوا یہ جوان
نکو روی و خوش خلق و پاکیزہ خو ۔ حقایق شنو عاقل و راستگو
سنی جب یہ گفتار لطف و کرم ۔ ہوا شاد شہزادہ جم حشم
غرض روز و شب پیش گیتی پناہ ۔ فزوں تھا سیاوش کا اعزاز و جاہ
کہ تو ہے دل و جان افراسیاب ۔ ہوا جب کہ مہمان افراسیاب
یہی ہے اب مقرون راحت یقین ۔ کہ اس شہر میں ہو کے مسکن گزین
بفضل خدا بعد کاؤس شاہ ۔ تو ہی وارث تخت و تاج و کلاہ
یہاں ہے نزدیک ایران زمین ۔ نہ زنہار جا روز و شب اب کہیں
حریرہ کی تھی دختر گلعذار ۔ کہ گل چہرہ تھا نام رشک بہار
جو دیکھا وہ رخ دلبر سیمبر ۔ ہوا خوش ملکزادۂ نامور
کسی نے سیاوش سے پھر یہ کہا ۔ کہ ساتھ اور کے کیوں ہوا کتخدا
تو ہوتا اگر اس دخت کا خواستگار ۔ تو دیتا خوشی سے تجھے شہریار
یہی ہے رسم شاہان عالی وقار ۔ کہ زن چاہئیں خوب قسمیں چار
کہ مصروف ہو خسرو نامور ۔ مربی پرورش میں مثال پدر

عجب کیا جو دی اپنی دختر مجھے
حضور سیاوش پھر آیا وہین
تری ہو اجازت تو اے دلربا
یہ بہتر ہے ہمکو بھی اے نامجو
یہ کہکر خوشی سے وہ گلرو شتاب
ہوئی جاکے گھر خدمت کنان
فرنگیش کی مان نے سونپا اوسے
کیا کتخدا رسم و آئین سے
کہ جسکا نہین ہو سکے کچھ بیان
سنی جبکہ کاؤس نے یہ خبر
ہوا یہ پسر کی جدائی کا درد
سپہ دار توران سے پرخاش کا

کہ ہے سب سے رتبہ تو برتر مجھے
وہ مژدہ خوشی سے سنایا وہین
فرنگیش کے ساتھہ ہون کتخدا
کہ تو شاہ توران کا داماد ہو
سو خانہ شاہ افراسیاب
ہوا اس سے ہر ایک شادان وہان
ہوا جو ارادہ دختر کا سمجھا اوسے
فرنگیش کو ساتھہ شہزادہ کے
سوا اسکے ہو کیا بہت شادمان
کہ وہ بادشہ زادۂ نامور
کہ ہر دم لگا کھینچنے آہ سرد
ارادہ جو کاؤس کے دلمین تہا

کہا جاکے موبد نے سلطان کے پاس
ہوا شاد شہزادۂ نامور
دیا سنکے گلچہر نے یہ جواب
بسان کنیزان لیل و نہار
گئی لیکے اسباب شادی تمام
پھر اپنی طرف سے بھی اسباب سب
رہا سات دن جشن شاہانہ وان
در و لعل و اسپان و فیلان و زر
دیا شہ نے اسکو و تا ختن
گیا لیکے سوی افراسیاب
خفا ہوکے شہ سے سو سیستان
رکہا شہ نے موقوف اوس طوس کو

پذیرا کیا شہ نے یہ التماس
کہا جاکے گلچہر سے یون کہ گر
کہ راضی ہو تمہین کچھ اب شتاب
فرنگیش کی ہو تمہین خدمتگزار
فرنگیش کی مان ہوئی شادکام
بصد شادمانی و عیش و طرب
بصد حشمت و جاہ و توقیر و شان
جہیز اسکو وان سے ملا اسقدر
کیا لطف سے شہریار ختن
ہوا شاہ کے دل کو اک اضطراب
روانہ ہوا رستم پہلوان
لکہا یون کہ پھر آ تو اے نامجو

رفتن شاہزادہ سیاوش طرف ختن و باعث ناموافقت آب و ہوا در روانہ شدن طرف دریائے گنگ و طیار نمودن قلعہ سنگین و دیگر مکانات رفیع و دلپسند و حسد بردن گرسیوز داماد افراسیاب و در غلانیدنش افراسیاب را و کشتہ شدن سیاوش از دست افراسیاب

سیاوش ملکزادہ نامجو
فرنگیش کو لیکے با فر و شان
تعین کئے مردمان جابجا
لب گنگ اک جائے دلچسپ تھی
بنایا وہان ایک حصن حصین
ہر اک جا تھی انواع نقش و نگار
سپہ دار کاؤس عالیجناب
لکھی سبکی صورت بخوبی وہان

گیا سوی شہر ختن شادمان
کہ ہووے ہوا خوب آب ہوا
ملکزادہ کو آنکے دی آگہی
حضور اوسکی تہا بیت چرخ برین
بصد رنگ وان جلوہ گر تھی بنا
پشنگ و سپہدار افراسیاب
بنا ہر مکان غیرت گلستان

ہوا جبکہ رونق فزائے ختن
خبر دو کہ مسکن گزین جا کہ ہون
کہ ہو اک مکان مثل باغ جنان
بنائے درون حصار بلند
کیومرث و جمشید فرخ نہاد
نریمان و ہم رستم و سام و زال
سنی شاہ توران نے جو یہ خبر

مرخص سپہ دار توران سے ہو
نہ ہرگز خوش آئی ہوائے ختن
بآرام عیش و طرب وان رہو
ملکزادہ نے کی سکونت وہان
مکان ہائے دلچسپ و خاطر پسند
فریدون منوچہر اور کیقباد
یہ کھینچے گردان ماضی و حال
تو بھیجے وہان وہ اہل ہنر

سوا اُسکے بہیجا بہت مال گنج
حضور ملکزادہ بیدرد و رنج

سیاوش ملکزادہ اسواسطے
گیا چہوڑ تہا باپ کے گہر اوسے

سپہ دار توران ہوا شادکام
رکہا پہر خوشی سے فرود اُسکا نام

حضور سیاوش روانہ کیا
تحایف بہت بہیجے اوسکے سوا

سیاوش سے رکہتا تہا وہ بغض کین
یہ چاہی تہا کمبخت بیداد دین

ولے کینہ سینے مین پوشیدہ تہا
نہ ظاہر تہا مداح شہزادے کا

بہت ساتہہ اوسکے مدارا کیا
نہ آیا وہ درتک وے پیشوا

تو پہر دل مین اُسکے ہوی اور کد
زیادہ ہوا اور کین و حسد

تو ظاہر کیا یون کہ ای تاجدار
سیاوش سے غافل ہنوز نہار

دماغ اُسکا نخوت سے یکسر بہرا
لگی میری تعظیم اوسنے ذرا

اطاعت سے تیری نہیں اوسکو کام
یہی سوچتا ہے وہ ہر صبح و شام

سمجہتا ہے باطل کہ افراسیاب
سمجہہ اور رکہا بس وہین بیحجاب

لگا کہنے یون شاہ توران زمین
کروں اُسکو ضایع تو لازم نہیں

مناسب ہے یہ اور بہتر یہ ہے
کہ بہیجون اسے پیش کاؤس کے

کہ دیکہا سیاوش نے توران دیار
سب احوال یان کا ہوا اُسکو

یہ ہی مصلحت ہے اشہ ارجمند
کہ کہے سیاوش کو اب کر کے بند

یہ سنکر لگا کہنے افراسیاب
کہ پیش سیاوش تو پہر جاتا اب

سیاوش کو نامہ دیا جائے جب
کہا بڑہ کے اوسنے یہ باصد طرب

یہ سنکر گرشیوز بد نہاد
یہ سوچا کہ گر یہ گرامی نژاد

فریب ایسے اسطرح دوہین کیا
یہ شہزادہ نامور سے کہا

وہ خامش رہا پہر یہ پاسخ دیا
قسم دیکے شہزادہ نے پہر کہا

سیاوش کو اونے دیا یہ جواب
کہ ہے بدگمان شاہ افراسیاب

نہیں چاہتا زیر چرخ بلند
کہ پہونچے تری جانکو کچہہ گزند

نہیں ہے گمان یہ مجہے زینہار
کہ مجہپر کرے کچہہ ستم شہریار

کیا کسطرح اُسکو شہ نے ہلاک
خدا شاہد نہ ہرگز کیا خوف و باک

پری چہرہ گلشہر رشک چمن
کہ تہی حاملہ وقت عزم ختن

ہوا اُن دنون اُس سے پیدا پسر
کہ تہا حسن مین رشک شمس و قمر

وہین طفل کے ہاتہہ کو زعفران
لگا اوسکے پنجہ کا اُسکے نشان

گیا لیکے گرشیوز نامدار
بحکم سپہدار توران دیار

کہ شہزادہ رہے نہ اس شان سے
نکلجاوے اقلیم توران سے

گیا تہنیت نامہ وہ لیکے جب
ہوا شاہزادہ قرین طرب

بزرگی و خوردی کا آداب ان
نہ لایا بجا وہ شہ بانشان

وہ رخصت ہو نامہ کا لیکے جواب
گیا یان سے جب پیش افراسیاب

نہیں وہ سیاوش جو تہا پیشتر
بیان کیا کرون اُسکا مین کر و فر

فراہم بہت کی اب اُسنے سپاہ
وہ رکہے ہے دل مین خیال تباہ

کرے ملک توران مین یہ پا فساد
خبردار اے شاہ والا تبار

وہین اپنے دل میں یہ لایا خیال
کہ شہزادے کو یان سے دیجیے نکال

پناہ جو کوی لاوے اپنے حضور
دغا ساتہہ اُس کے ہے دانش سے دور

سنی جب یہ گفتار افراسیاب
تو کمبخت نے پہر دیا یہ جواب

یقین ہے کہ رستم کو لاوے یہان
کرے ملک تسخیر سب بیگمان

بہانہ سے اُسکو طلب کیجیے
نہ تاخیر کو راہ اب دیجیے

دلاسا اُسے دیکے اب لا یہان
غرض لیکے نامہ ہوا وہ روان

کہ پیش شہنشاہ والا جناب
سر و چشم سے جلد آؤنگا مین شتاب

روانہ ہو پہونچے شتابی وہان
تو باطل مری بات ہو بیگمان

کہ جانا مناسب نہیں اب وہان
وہ بولا کہ کیا واسطہ کر بیان

زبان تک سخن کو ذرا لائیے
حقیقت ہے کیا مجہسے فرمائیے

تو ہے اک ملکزادہ با تمیز
مری جان سے اور دل سے عزیز

سیاوش نے سنکر یہ پاسخ دیا
کہ سلطان نے داماد مجہکو کیا

یہ سنکر وہ بدکار کہنے لگا
کہ اغریرث اُسکا برادر جو تہا

فراہم کیا تونے لشکر جو یان
شہنشاہ توران برا بدگمان تہا

اراده یه اس نے مصمم کیا   که کهینچے تجهے زیر چرخ جفا
وه بولا که هون بے سهر راستی   غلط شاه سے هی گمان بدی
نه کر جهل اب تو هی گر هوشیار   دهن میں بلا کے نه جا زینهار
یهی مصلحت هی کر اب جاؤن وهان   بجا لاؤن فرمان شاه جهان
غرض رفته رفته یه پایا قرار   که هان لکهئے عذر آنیکا ایکبار
که اے نامور بادشاه جهان   یهی آرزو هی که حاضر هون وهان
ذرا بهی خفا هو تو باچشم تر   قدمبوسی حاصل کرون آنکر
حضور شهنشاه توران دیار   جو پهونچا تو بولا که اے شهریار
ذلیل اوسنے مجهکو کیا هائے سخت   که یعنی بٹهایا مجهے زیر تخت
کها یون که هرگز نجاؤن وهان   جو چاهے کرے بادشه بیگمان
گیا اسطرف شاه لیکر سپاه   که تا شاهزاده سے هو کینه خواه
هوئی راست نزدیک اسکے تمام   لگا کهنے شهزادهٔ ذوالکرام
فرنگیش یه سنکے گریان هوئی   کمال اسکی خاطر پریشان هوئی
کها اسنے چل تو بهی اے دلربا   فرنگیش نے تب یه پاسخ دیا
مجهے چهوڑ کر یان روانه تو هو   سلامت تو لیجا غرض جان کو
روانه هوا اور کها یه سخن   که پیدا پسر گر هوا اے سیمتن
یه سنکر خبر شاه افراسیاب   مقابل سیاوش کے پهونچا شتاب
هوئے سر بسر قتل ایرانیان   رها ایک تن بهی نه زنده وهان
شجاع و دلیر و قوی هے یه مرد   دلیری و مردانگی میں هی فرد
یهی مصلحت هی که یکسر سپاه   کرے تیر کا اسکو آماج گاه
بهلا قتل یان کس لئے کیجئے   اگر زنده اسکو پکڑ لیجئے
تو پهر قتل کا حکم شه نے دیا   تو یون پهلوان پیلسم نے کها
روان هو کے پهر وان سے افراسیاب   مکان پر سیاوش کے آیا شتاب
فرنگیش آئی حضور پدر   پراگنده گیسو و خسته جگر
که ایران سے آکے اے بادشاه   سیاوش تری پاس لایا پناه

کیا میں نے یه راز تجهه سے عیان   و لے دلیهن آپ تو کهیو نهان
لگا کهنے گرسیوز بد نهاد   که اے نامدار گرامی نژاد
سیاوش نے سو سو طرح سے کها   که وسواس هرگز نهیں هی روا
و لے اسنے هر بات کو رد کیا   که تها دشمن جان وه شهزاده کا
فریب عدو وان هوا کارگر   لکها نامه شهزاده نے زود تر
ولیکن فرنگیش رنجور هے   تو ناچار بنده یه مجبور هے
وه گرسیوز مدبر و کینه جو   روانه هوا وان سے لے نامه کو
سیاوش ملکزاده مغرور هے   دماغ اسکا اب عرش سے دور هے
نه هرگز پڑها نامه کو ایکبار   نه میرا سخن کچهه سنا زینهار
سنی شاه توران نے یه بات جب   هوئی مشتعل آتش قهر تب
سیاوش نے جس دم سنی یه خبر   تو گفتار گرسیوز حیله گر
که جاتا هیں گر پیش افراسیاب   تو بیشک مجهے قتل کرتا شتاب
سیاوش سے بولی که اے نامدار   گریزان هو اب سوے ایران دیار
که اب پنجماهه حمل مجهه کو هے   کرونگی میں کیونکر بهلا راه طے
سواران جنگ آزما یکهزار   لئے وان سے ساتهه اور وه نامدار
تو پهنچا وه اس طفل کا رکهنا نام   اوسے دیکهکر یه هوا تو شتابکام
هوا ابن وهین گرم بازار جنگ   هوا کار خنجر یه تیغ و خدنگ
سیاوش کو بے اسپ آخر کیا   سپهدار توران نے پهر یون کها
سیاوش کے نزدیک جو جائیگا   تو بیجان کو اپنی نهی آئیگا
سپه نے کیا رحم اور یون کها   سیاوش سے اے نامور بچ کے جا
هجوم آخرش لا کے مرد دلیر   سیاوش کو لے گیا کر اسیر
که شهزاده کے قتل میں زینهار   نهیں چاهئے جلدی اے شهریار
هوا دیکهکر حیران وه سادے مکان   که تهے یکقلم غیرت گلستان
خروشان و گریان و تن چاک چاک   لگی کهنے یون بادل درد ناک
کیا قصد کیون اسکی اب قتل کا   ستم بے خطا پر دکهایا کیون روا

نہ کر خستہ و خوار مجھہ کو تو یان
سمجھ بات کو اور مت کر مجھے تمام
ہوئی گرچہ زاری کنان اوس سے شاہ
فرنگیس آخر ہوئی نا امید
یہ کہنے لگی ہو کے زاری کنان
خدا جانے کیا شہ پہ آئی بلا

برائے خدا بخش اوسکی تو جان
کہ نفرین کرے خلق تجھپر مدام
دلے بر سر رحم آیا نہ شاہ
ہوئی اوس کی شب تیرہ اور روز سفید
کہ آیا وطن چھوڑ کے تو یہان
جواب عہد و پیمان سے پھر گیا

کہ دنیا کا ہرگز نہیں اعتبار
ابھی رستم و زال بھی زندہ ہین
نہ خاطر مین لایا ذرا اوسکی بات
حضور سیاوش گئی ماہ رو
رکہا شہ نے تجھکو بسان پسر
ترے خون پر ہائے باندہی کمر

نہ دم کا بہر وسا ہے کچھ نہ نہار
سر تخت قایم ہے کاوس کے
او ٹھایا نہ جون سیاوش کے ہاتھ
کہ دیدار آخر کی تھی آرزو
اوسے تو نے سمجھا بجائے پدر
خدا کا نہ ہرگز کیا کچھ خطر

مجھے باپ سے یہ نہیں تھی امید
کہ غم سے میں لرزاں ہوں مانند بید

خدا تیری مشکل کو آسان کرے
دل بزرگان ہراسان کرے

غرض دوسرے روز اک پہلوان
بحکم سپہ دار آیا دوان

سیاوش کو میدان میں وہ لیگیا
سیاوش پہ دل بیل ستم کا چلا

گیا ساتھ اُسکے وہ گریہ کنان
سیاوش ہوا پھر مناجات خوان

کہ پیدا کرے داور داد گر
مرے تخم سے ایک فرخ پسر

دلیر و جوانمرد جویائے نام
کرے دشمنوں سے مرا انتقام

پھر اک طشت قاتل نے لاکر رکھا
کیا تن سے شہزادہ کا سر جدا

کیا سر کو آویختہ پھر شتاب
بحکم سپہ دار افراسیاب

دوان خون اُسکا زمین پر کیا
ہوئی خون سے روئیدہ اک گیا

کہ بر سیاوشان اُس گیا کا ہے نام
اُٹھاتا ہی سود اُس سے عالم تمام

فرنگیس گریان و نالہ کنان
سیاوش کے مشہد پہ آئی وہان

سپہ دار توران کو وہ دردمند
لگی کرنے نفرین ببانگ بلند

وہ گرشیوز اُسوقت حاضر تھا وان
سپہ دار اُس سے یہ بولا دوان

تب ہی فرنگیس کو باندھ کر
تو کر ضرب و شلاق اب اسقدر

کہ گر جائے اُسکا حمل بیگمان
نہ تخم سیاوش کا رہوے نشان

جو حاضر تھے اُس بزم میں بیشتر
ہوئے دل میں نفرین کنان سربسر

نہ طاقت رکھے تھا کوئی ناجو
کہ مانع ہو اس امر سے شاہ کو

گیا سنکے پیران ویسہ شتاب
کہ تھا دایہ شاہ افراسیاب

یہ بولا کہ اے سرور انجمن
روا رکھ نہ ایذا یہ بیچارہ زن

کہ مردی سے یہ بات بس دور ہے
کہیں بھی نہ ہرگز یہ دستور ہے

جو کوئی کرے سخت پر یہ ستم
کرے خلق نفرین اُسے دمبدم

فرنگیس خواہان افسر نہیں
طلبگار اورنگ پر زر نہیں

شہنشہ کو ہے پاس خاطر اگر
تو بھیجے فرنگیس کو میرے گھر

کہا شاہ نے یون کہ لیجا اسے
ترے واسطے میں نے بخشا اسے

ولے اس سے پیدا ہو جسدم پسر
تو لانا مرے پاس اے نامور

جو شہ نے کہا سو پذیرا کیا
فرنگیس کو اپنے گھر لے گیا

ہوا شاہ پر ظاہر آخر یہ راز
کہ بدبخت گرشیوز کینہ ساز

ہوا فتنہ انگیز از روے کین
سیاوش کی تقصیر تھی کچھ نہیں

پشیمان ہوا خسرو نامدار
گرا شہ کی نظروں سے وہ نابکار

ولادت کیخسرو از بطن فرنگیس و خواب پریشان دیدن افراسیاب

فرنگیس بیچاری خستہ جگر
رہی تھی بآرام پیران کے گھر

جو نو ماہ گذرے تو پھر ایک پور
تولد ہوا حسن میں رشک حور

رکھا نام کیخسرو اُس طفل کا
پھر اندیشہ پیران نے دل میں کیا

کہ لیجاؤں گر پیش شاہ جہان
تو ضایع کرے طفل کو بیگمان

نہ لایا غرض پیش افراسیاب
بیابان میں کودک کو بھیجا شتاب

ادھر خواب میں شاہ توران کو شب
نظر آئی یہ واردات عجب

لئے اک شمع شخص آیا دوان
سیاوش جو تہ نہال اُسکے دوان

لئے ہاتھ میں تیغ الماس کار
یہ کہتا ہے وہ مرد نامدار

کہ بیدار ہو خواب سے زود تر
شقاوت پہ ایام کے کر نظر

شب جشن ہے اور روز طرب
کہ پیدا ہوا شاہ کیخسرو اب

ہوا خوف پیدا جو دیکھا یہ خواب
اوٹھا کانپتا شاہ افراسیاب

طلب شہ نے پیران کو دم میں کیا
جو حاضر ہوا وہ تو اُس سے کہا

کہ ہے آج مجھکو ہویدا ہوا
فرنگیس سے پور پیدا ہوا

کیا اُس نے اقرار تب یون کہا
کہ اُس طفل کو اب مرے پاس لا

لگا کہنے وہ اے شہ نامجو
بیابان میں پھنکوا دیا طفل کو

یہ سنکر لگا کہنے افراسیاب
کہ یان کیون نہ لایا تھا یہ جواب

ہوا خوف و اندیشہ اُسدم مجھے — کہ ضایع کرے تو مبادا اُسے
اور اب دوسرے ناحق اس طفل کو — کرے قتل گر اے شہ نامجو
غرض اس نظر سے مین لایا نہین — اوسے لا کے تجکو دکھایا نہین
سیاوش کو جیسے کیا تھا ہلاک — سبب تھا دل تاجور خوفناک
سنی بات پیران ویسہ کی جب — رہا وہ سپہدار خاموش تب
وہ پروردہ ہو کر بیابان مین جب — ہوا دس برس کا با لطاف رب
کمرین تربیت تا کہ شام و سحر — سکھائے اوسے الغرض سب ہنر
ولیکن یہ پہونچی خبر اب مجھے — کہ اُس دشت سے ایکجا یان آوے
مگر لوگ کہتے ہین دیوانہ ہی — شعور و خرد سے وہ بیگانہ ہے
وہین پیش کیخسرو ذو الکرام — یہ پیران ویسہ نے بھیجا پیام
غرض لے گئے دشت سے مردمان — اوسے بالباس شہانی دہان
لگا پوچھنے اُس سے کچھ شہریار — وہ پاسخ لگا دینے دیوانہ وار
سنی گفتگو طفل کی اوسنے جب — سپہدار ہنسکر لگا کہنے تب
جو کوئی بیابان مین پروردہ ہو — نہ کو دل ہو کیون آشنا ماجرہ
نہین کچھ بد و نیک کا اس سے ڈر — نہین کینہ جو لیک کا ہر گز خطر
سیاوش کا جو ساختہ ہی مکان — عیان ہے مزار سیاوش جہان
سنی جب یہ گفتار افراسیاب — تو پیران ویسہ نے اُسکو شتاب
فرنگیش جب دم کہ پہونچی وہان — تو ویران پایا وہ شہر و مکان
فرنگیش و کیخسرو مہر جبین

ہوا ایک تو ظلم یہ تجھ سے آہ — سیاوش کو کشتہ کیا بیگناہ
تو اب یا نہو پھر کہ آوے بلا — تو ہووے گرفتار قہر خدا
تری بہتری چاہتا ہون شہ نیکنام — کہ ہون مین ترا بندہ خیر خواہ
وہ دیکھے تھا خواب پریشان مدام — پراگندہ خاطر تھا ہر صبح و شام
نہ لایا زبان پر سخن کو ذرا — تو پوچھا پھر اُس طفل کا ماجرا
تو پیران ویسہ نے بھیجے وہان — ہنرمند دانا و کار آگہان
وہ پیران تماشہ کا مختار کار — لگا ایک دن کہنے اے شہریار
خوشی سے اوٹھا لیگیا اپنے گھر — کیا اوسکو پروردہ مثل پسر
یہ پیران سے بولا افراسیاب — کہ دیکھون مین اُسکو بلا کر شتاب
کہ دیوانہ بنکر تو یان آئیو — زبان پر پریشان سخن لائیو
کیا تاجور کو سلام اوسنے جب — ہوا کچھ سپہدار شرمندہ تب
کہا شہ نے کچھ طفل سے کچھ کہا — سوال اور تھا اور جواب اور تھا
کہ یہ طفل دیوانہ ہے بیگمان — یہ بولا وہ پیران ویسہ کہ ہان
کہا شہ نے یہ طفل دیوانہ وار — نہیں ہے کسی کام کا یہ نہان
جو چاہو تو لیجائے اس طفل کو — فرنگیش کے اب حوالے کرو
یہ کہدو کہ مسکن گزین جا کے ہو — رکھے پاس اپنے وہ فرزند کو
حوالے کیا پس فرنگیش کے — کیا گھر سے پیران نے رخصت اوسے
ملکزادے مشہد پاک پر — جو دیکھا تو روئیدہ ہے اک شجر
ہوئے اسکے سایہ مین مسکن گزین

خبر یافتن شاہ عالیجناب کیکاوس

از کشتہ شدن شہزادہ والا تبار سیاوش و طلبیدن رستم پہلوان از زابلستان و عزیمت تہمتن با فوج گراں برائے انتقام سیاوش طرف توران و جنگ با افراسیاب و فتح یافتن و ہفت سال در توران ماندن

سنی شاہ کاؤس نے یہ خبر — کہ ترکون نے کاٹا سیاوش کا سر
ہوا اسکے دلگیر و اندوہگین — کسی کو نہ دانا کیا پھر دہین

کہ رستم کو زابل سے آئے یہاں
یہ سنتے ہی وہ رستم پہلوان
روانہ ہوا زابل سے آیا شتاب
حضور جہاندار کیوان جناب

سیاوش کا اُس کو ہوا ہے الم
کہ قاصر ہے جسکے بیان سے قلم
یہ بولا کہ تہما اے شہ نامدار
ادسے خوف سودابہ نابکار

گیا اس سبب سے وہ یاں سے نکل
گیا طیش سے یعنی سوئے اجل
کہا شہ نے سودابہ کمبخت ہے
مرا دل تنگ اُس سے اب سخت ہے

وہ بولا کہ اے شاہ آفاق گیر
تو اسکا بھلا کیوں ہے فرمان پذیر
جو کوئی کہ ہو بد سر انجمن
یہ لازم نہیں ہو جو محکوم زن

یہ بدکیش ہے سخت بیداد گر
کروں تن سے اُسکے جدا جا کے سر
رہا سنکے خاموش شاہ جہان
گیا پھر شبستان میں وہ پہلوان

کیا قتل واں اُسنے سودابہ کو
نہ بولا اذراہ شہ نامجو
تہمتن لگا کہنے یہ بعد ازان
کہ اے شاہ شاہنشہان جہان

کروں قصد اب سوئے افراسیاب
قیامت کروں جا کے برپا شتاب
یہ کہکر وہیں با سپاہ گران
روان سوئے توران ہوا پہلوان

دلیران و گردان ایران دیار
گئے ہمرہ رستم نامدار
صغیر و کبیر اور پیر و جوان
سبھی تشنہ خون تورانیان

وہ پہونچے جو سرحد میں توران کی
مقابل ہوا ایک گردن کشی
کہ اُس گرد کا نام آزاد تہا
وہ یعنی کہ حاکم تہا سنجاب کا

دے وقت پیکار کے وہ جوان
ہوا قید ہستی سے آزاد وان
یہ جب شاہ توران کو پہونچی خبر
تو شہزادہ اک سرخہ نامور

عزیز دل شاہ افراسیاب
لیے جنگ و پیکار آیا شتاب
فرامرز پور تہمتن وہیں
مقابل ہوا اوسکے از روی کین

کہ رزم سرخہ کو کرکے اسیر
حضور پدر لے گیا وہ دلیر
کہا طوس سے اُسنے اے نامور
کہ قتل سیاوش اوسے قتل کر

لیا طوس نے خنجر تیز جب
یہ کہنے لگا طوس سے سرخہ تب
کہ تہا شاہزادہ کا میں دستیار
بہت اسکے غم سے ہوا اشکبار

تصدق میں شہزادے کی روح کے
مجھے بخش اور درگذر خون سے
سر رحم آیا وہ طوس دلیر
یہ بولا کہ اے رستم شیر گیر

کرے ہے یہ الحاح و زاری یہاں
کہے تو اسے جان سے دوں اماں
یہ بولا تہمتن خدا کی قسم
جہاندار کشورکشا کی قسم

نہ ہرگز کروں رحم اے پہلوان
کروں قتل ترکوں کو تا ہوں جہان
شتاب اوسکے تن سے تو کر سر جدا
یہ سنکر اُسے ذبح اوسنے کیا

وہیں پھر سر سرخہ رو سیاہ
روانہ کیا پیش کاؤس شاہ
شہنشہ نے دروازے پر قلعہ کے
کیا اُسکو آویختہ کینے سے

گئی جب خبر پیش افراسیاب
کیا گریہ اوسنے مثال سحاب
عزیز اس ستمگر کو تہا وہ پسر
ہوا اُسکے غم سے بہت نوحہ گر

غرض لے کے پھر لشکر بیحساب
روانہ ہوا شاہ افراسیاب
شتابی سے پہونچا پے کارزار
سوئے پہلوانان ایران دیار

دو لشکر مقابل ہوئے جب وہاں
ہوا گرد سے مہر تابان نہان
برادر جو پیران کا تہا پیلسم
وہ بولا کہ اے شاہ کیوان علم

کروں جا کے میں ساتہ رستم کے جنگ
کروں غرق خون اُسکو اب بیدرنگ
کہا شاہ نے یوں کہ گر کشتہ ہو
ترے ہاتہ سے رستم نامجو

تو میں مملکت نصف بخشوں تجھے
اور اک دختر مہ جبیں دوں تجھے
یہ پیران نے سنکر گذارش کیا
کہ رستم ہے گرد نبرد آزما

اگر ساتہ اُسکے کروں کارزار
تو جانبر نہ ہو پیلسم زینہار
کہا شاہ نے پیلسم ہے جوان
دلیر و قوی بازو و پہلوان

یقین ہے کہ یہ پہلوان دلیر
کرے وقت پیکار رستم کو زیر
براق اپنے پھر پیلسم کو تمام
دیئے اور اک توسن تیز گام

عنایت کیا اور کہا یوں کہ ہاں
تہمتن سے کر جا کے جنگ اے جوان
وہیں پیلسم سوئے میدان گیا
یہ گردان ایران سے اُس نے کہا

که وه رستم پیلتن هی کهان   جسے لوگ کہتے ہین شیر ژیان
یہ بولا کہ اک ترک سے آن کر   نہ ہرگز لڑے رستم نامور
خروشان ہوا تنے مین جو پیل مست   ہوا گرم کین ترک چالاک دست
ہوا گیو جنگی پہ جب وقت تنگ   مرد کو فرامرز تب بیدرنگ
پر اُس ترک نے کھینچکر تیغ کین   کیا کینہ جو اہول کو زخمی ہیں
یہ بولا تو کرتا ہی جسکو طلب   وہ رستم بہی آیا خبردار اب
تہمتن سے کہنے لگا پیل سم   یہ ہے شرط مردی کہ تم اور ہم
تہمتن یہ بولا کہ زیر فلک   بچا ہی کبھی مین نے ہرگز ملک
یہ کہکر ہوا ترک سے گرم کین   اور اس ترک کے تیغ ماری ہے
کہا دل مین رستم نے ایسا تو ہے   نہ ترکون سے دیکھا کبھی نہیا
کمر بند مین پیل سم کے وہین   کیا بند نیزے کو از روی کین
سر خاک بد خواہ کو ڈال کر   خروشان ہوا رستم نامور
اسے بخش اب دخت و تاج و سریر   کہ یہ مصلحت ہو بہت دلپذیر
سیاوش کی جان پر جو کی ہی جفا   اب اورون سے تو کیا کریگا وفا
نہ رستم سے کوئی مقابل ہوا   کہ یکسر سپہ کا زبون حال ہوا
کہ اے نامداران توران دیا   کہو کون آج جنگی سوار
سپہ دار نے پھر مکرر کہا   سران سپہ نے یہ پایا سخن دیا
اوسے جبکہ رستم نے مانند کاہ   اوٹھا زین سے پھینکا تو قلب گاہ
ہمارا ہوا اب تحمل منظور گر   تو پھر نکلا کوئی نہ زنہار سر
وے ہم سے ہوگا نہ یہ پیہمار   جو اُس اژدہے سے کرین کارزار
کیا آپ ناچار پھر قصد جنگ   گیا سوئے میدان غرض بیدرنگ
تو اب مجھ سے ہو آنکے ہم نبرد   یہ سنکر ہوا خندہ زن شیر مرد
یہ کہکر گیا سوئے میدان شتاب   مقابل ہوا اُسکے افراسیاب
سپہ دار نے نیزہ اک آن کر   چہٹا دار سر رستم نامور
یہ چاہے تہا پر رستم ارجمند   کمر بند مین کر کے نیزے کو بند

یہ سنکر وہین گیو جنگی سوار   گیا سوئے میدان پے کارزار
یہ کہکر وہین گیو نے بیدریغ   یہ چاہا کہ کھینچے اوسے زیر تیغ
کمر میں کیا گیو کے نیزہ بند   کہ زین سے جدا ہو پیل ارجمند
گیا کہ کے تیغ سر افشان علم   کیا نیزے کو پیلسم کے قلم
ہوئے جبکہ زخمی فرامرز و گیو   تو پہونچا تہمتن بہی کرکے غریو
یہ سنکر وہین عطف کرکے عنان   وہ آیا سوئے رستم پہلوان
کرین جنگ میدان مین او زینہار   نہ ٹہرین یہان اب یہ دونون سوار
کہا پھر یہ دونون سے پھر جاؤ تم   توقف نہ اب میان لاؤ تم
شکستہ ہوئی لگ کے بس خود و بر   ہوا پیچھے پر در د رستم کا سر
یہ ترکی لا وہی چالاک دست   توانا و پر زور جون پیل مست
اوٹھا کر اوسی زین سے جون برگ کاہ   گیا جانب قلب توران سپاہ
کہا یون کہ اے شاہ توران پناہ   یہ ہی پہلوان با شکوہ و وقار
با امید دخت و زر و ملک و گنج   یلان کو تو کرتا ہی پامال رنج
یہ کہکر سمجھائے دشوار و سخت   پھر اوس سے وہ گرد فیروز بخت
سر چرخ روز دگر آفتاب   جو نکلا تو بولا یہ افراسیاب
مقابل تہمتن کے ہوویگا وان   رہی سنکے خاموش سب پہلوان
کہ تہا پیل سم ایک پیل نامدار   توانا و پرزور جنگی سوار
کسے تاب پھر کون ایسا ہے مرد   کرے جو تہمتن سے جاکر نبرد
یہان ہاتھ سے اُنکے ہر ایک کو   تو کر قتل اسے خسرو نامجو
کہا پہلوانون نے جب یہ سخن   تو غمگین ہوا سرور انجمن
کہا شاہ نے وان بہ بانگ بلند   کہ اے پہلوان رستم ارجمند
کہا جا کے یون شاہ توران نے اب   سیاوش کا کینہ بالطاف رب
ہوئی بارش تیر پہلے وہان   لگی چلنے باہم سنان بعد ازان
تو جا پہونچی جرم کمر تک سنان   رہا خیر سے لیک جسم جوان
زمین سے سپہ دار کو لے اٹھا   وہین ایک جانب سے ہو ہان گیا

تہمتن نے مارا جو نیزہ شتاب / لگا بر سر اسپ افراسیاب / یہ بیتابی اُس دم ہوئی اسپ کو / کہ بس گر پڑا وہ شہ نامجو
غرض ترک نے رخش کو زود تر / دلیری سے مارا جو گرز آن کمر / ہوا رخش اُس گرز سے دردمند / رہا لیک قائم یل ارجمند
لگی ہاتھ فرصت تو افراسیاب / سوار اور گھوڑے پہ ہو کر شتاب / گریزان ہوا چھوڑ میدان کو / بچا لیگیا اپنی وہ جان کو
دلیری سے پھر رستم پہلوان / ہوا سوئے ہومان جو حملہ کنان / تو ہومان نے لی انسے راہ فرار / گیا اُسکے دنبال وہ نامدار
وہیں لشکر رستم نامور / تہمتن کے شامل ہوا آن کر / نہ تورانیون میں رہی تاب جنگ / فراری ہوئے سر بسر بیدرنگ
سہ فرسنگ چون اژدہائے دمان / گئی فوج ایران تعاقب کنان / غرض اسطرح ترک کتنے ہوئے / کہ کشتوں کے تا چرخ پشتے ہوئے
ہوئی فوج رستم ظفر یاب جب / ہوا شاہ توران کو اندیشہ تب / کہ شہزادہ کیخسرو نام جو / پڑے ہاتھ رستم کے ایسا نہو
روانہ کئے بس وہیں مردمان / کہ تا شاہزادہ کو لے آوین یہان / گئے لوگ وہ اُسکو لانے شتاب / حضور سپہدار افراسیاب
وہ آیا تو پیران سے شہ نے کہا / کہان رکھیے اُسنے یہ پاسخ دیا / کہ اُسکو دریائے چین کے ادہر / کہ ہرگز نہیں ہے وہان کچھ خطر
دیا بہیج شہزادہ کو پھر وہان / کہ تا کوئی اُسکا نپاوے نشان / تہمتن ہوا ملک توران کا شاہ / سپہدار توران کو کرکے تباہ
بہت ملک تسخیر اُسنے کیا / بہت گنج اور تخت و افسر لیا / سران سپہ کے لگا ہاتھ زر / تو نگر ہوئی وہ سپہ سربسر
کیا قتل ترکون کو بس جابجا / نہ اک ترک وان جز رعیت رہا / جو لیتا کوئی نام افراسیاب / تو رستم اُسے قتل کرتا شتاب
تہمتن بصد فر و جاہ و جلال / رہا ملک توران میں تا ہفت سال / روانہ کیا لشکر بے حساب / بدنبال سلطان افراسیاب
تہمتن نے پھر قصد ایران کیا / طلب کرکے تب گیو کو یون کہا / کہ اے گیو اب لاکے کر جستجو / تو کیخسرو نام بردار کو
غرض گیو کو کرکے رخصت وہ گرد / فرامرز کو ملک کرکے سپرد / ہوا سوئے ایران وہان سے روان / شگفتہ دل و خرم و شادمان
زر و مال و اسپان با زین زر / غلامان ترک اور گنج گہر / گیا لیکے جب پیش کاؤس شاہ / بہت خوش ہوا شاہ گیتی پناہ

رفتن گیو بتلاش کیخسرو و نشان یافتن ملکزادہ و معاودت طرف ایران و جنگ با گلباد و پیران

یل نامور گیو جنگی سوار / بغیر مودہ رستم نامدار / تباہی سے شبدیز پر کرکے زین / روانہ ہوا سوے دریائے چین
کسی کو نہ ساتھ اپنے وہ لیگیا / فقط آپ تہا یا کہ شبدیز تہا / ہر اک جا سے لیتا ہوا راہبر / ہوا جا وہ پیمایل نامور
ہر اک سے تہا پرسان بہتری بیان / نشان ملکزادہ جم نشان / نشان اُسکا کوئی بتاتا نہ تہا / مکان اُسکا ہرگز وہ پاتا نہ تہا
ہر اک راہبر کو وہ جنگی جوان / کرے قتل تہا دشت کے درمیان / نہ پہونچا ہے تا کوئی اُسجا کہین / خبر پیش سالار توران زمین
روان ہوگیا گیو جب بعد ازان / یہ گودرز نے خواب دیکہا یہان / کہ مسکن کا اُسکے بتاتا ہے نام / ملکزادہ کیخسرو ذوالکرام
جو دیکہا تو پہرا وہ وقت سحر / روانہ کئے چند مردم ادہر / کہ تا گیو کے جاکے ہون رہنما / رہین ساتھ اُسکے صبح و مسا
بتا دین اوسی اُس جزیرہ کا نام / جہان ہے وہ شہزادہ ذوالکرام / نشان بان ہے زیر چرخ برین / ولیکن ملا گیو اُسکو کہین

اور سہتا تہا ہوا محنت و رنج درد — شب و روز تہا گیو صحرا نورد
خورش گور و پوشش بہی تہی چرم گور — بجائے نمک تہا وہان آب شور
نہ خواب اوسکو تہا اور نہ آرام تہا — بیابان نوردی سے یہ کام تہا
گیا گیو دریائے جیحون سے گذر — نہ مقصد کا یہ ہاتہ آیا گہر
کہین خسرو نامور کا نشان — نپایا تو عاجز ہوا پہلوان
لگا کہنے افسوس کرکے کہ سال — گئی رایگان محنت ہفت سال
خیال آگیا دل مین یہ ایکبار — کہ پہر چلئے اب سوئے ایران دیار
ولے محرومی نے اجازت ندی — حیا نے بہی زنہار رخصت ندی
کیا گیو نے رنج پہر اختیار — رکہا سر سوئے وادی کوہسار
دو چار آگے جاکر ہوئی چند کس — یکایک ہوئے آنکے ہمنفس
لگے پوچہنے گیو سے ایجوان — تو سرگشتہ کیون ہے اکیلا یہان
یہ تشنہ زبان گیو نے یون کہا — مجہے شوق ہے بیشتر صید کا
کیا راہ کو گم شکار افگنان — بیابان چین مین آگیا ناگہان
ولے یہ کہو یان تمہارا گذر — کدہر سے ہوا جاؤ گے تم کدہر
کیا گیو سے یہ انہون نے بیان — کہ توران کے ہین ہم فرستادگان
خبر لینے خسرو کی جاتے ہین ہم — فلانی جگہہ ہے وہ فرخ شیم
سنا یہ سخن جب تو وہ شیر مرد — ہوا اونکے ہمراہ جادہ نورد
نمایان ہوئی رفتہ رفتہ جو شام — تو دیکہا کیا رہروان نے مقام
کئی دن سے جو گیو بیخواب تہا — اوسے خواب وان رات کو آگیا
ہوئے گیو سے کچہہ وہ اندیشہ مند — کہ ایسا نہو اوس سے پہونچے گزند
اوسے خواب مین الغرض چہوڑکر — وہان سے وہ غایب ہوئے سر بسر
وہ جاگا تو اونکو نپایا وہان — ولے خسرو نامور کا نشان
کیا تہا جو دریافت اوس نے اودہر — روانہ ہوا گیو وقت سحر
پہر اک چشمے پر جا پہونچا وہان — یہ دیکہا کہ بیٹہا ہے اک نوجوان
گل تازہ کا طرہ سر پر ہے ایک — کف دست پر اوسکے ساغر ہے ایک
عیان ہے جبین سے شکوہ شہی — نمایان ہے یکدست فر مہی
کہا اپنے دل مین اوسے دیکہکر — کہ شاید ہے وہ خسرو نامور
وہین گیو نے اوسکو کرکے سلام — گذارش کیا یون کہ ای ذوالکرام
مگر ہے سیاوش کا فرزند تو — جہاندار کیخسرو نامجو
یہ سنکر کہا اوس جوان نے وہین — کہ ای پہلوان مجہکو ہے یہ یقین
کہ ہے گیو گودرز کا تو پسر — یہ سنکر وہین پشت زین سے اوترا
دیا گیو نے اپنے سر کو جہکا — ادب سے زمین بوس حاصل کیا
لگا کہنے پہر وہ دلیل نیک خو — کہ اے بادشہ زادۂ نامجو
مجہے تو نے پہچان کیونکر لیا — تب اوس نوجوان نے یہ پاسخ دیا
مرے باپ کا ایک ایوان ہے — کہ خوبی سے رشک گلستان ہے
کہنچی صورت پہلوانان تمام — بتایا مجہے مان نے ہر ایک کا نام
بہم رستم و طوس و گودرزیان — جو آوین تو پہچان لون بیگمان
ولے کسطرح تو نے جانا مجہے — ہوا نام معلوم کیونکر تجہے
یہ بولا کہ اے خسرو خسروان — نشان کیانی ہے تجہسے عیان
تری شان سے یہ ہوا آشکار — کہ ہے تو ہی کیخسرو نامدار
پر اک اور بہی عرض ہے خسروا — کہ بازو کو اپنے ذرا کیجئے وا
نشان کیان تا پدیدار ہو — تشفی گزین خاطر زار ہو
مقرر سیہ ہوتا تہا اک نشان — سر بازوے خسروان کیان
کہ تہا یعنی ارشک و کیقباد — دلیل درستی و نسل نژاد
سخن سنکے خسرو نے یہ گیو کا — وہین اپنا بازو برہنہ کیا
برہنہ ہوا جبکہ بازوے شاہ — نمایان ہوا وہ نشان سیاہ
یہ دیکہا تو شادان ہوا پہلوان — ادب سے ہوا وہ وہین سجدہ کنان
سپہدار ایران و توران کا — بیان ماجرا اوسکے آگے کیا
کیا اوسکو گہوڑے پہ اپنے سوار — جلو مین ہوا گیو فرخ تبار
تہین جس طرف وان سے ہوکر روان — جہان تہی فرنگیس آئے وہان

فرستادہ پیران کے اوس خیمہ پاس
گئے جب تو پائی اونھون نے خبر

ہوئے جب نہ مقصد پہ وہ کامیاب
تو پس پھر گئے سوئے پیران شتاب

غرض گیو و خسرو قرین طرب
گئے جب فرنگیس کے پاس سب

مبادا کہین مردمان حسود
خبر پاکے پہونچین یہان قتل کو

وہان ہین اور اک گرد بہزاد نام
بہت دلپسند اور سے تیزگام

یہ سنکر گیا گیو جنگی جوان
بسوی چراگاہ اسپان دوان

سوار اوسپہ ہوکر وہان سے تبھی
فرنگیس و کیخسرو و گیو بھی

یہ پیران کو سنکر ہوا اضطراب
کہ ضامن تھا وہ پیش افراسیاب

سہ صد لیکے ساتھہ اپنی مردان کار
گیا کرکے بلغر شقاوت شعار

ادسے دیکھکر گیو جنگی سوار
ہوا آکے آمادۂ کارزار

سنی تھی یہ اختر شناسون سے بات
کم ہو ولگا کیخسرو خوش صفات

رہیگا یہ محفوظ آفات سے
غرض جمع خاطر تھی اسبات سے

ہر اک سمت گھوڑیکو دوڑاے تھا
نہ ترکون کو خاطر مین کچھ لائے تھا

پھرا گیو جنگی بہ فتح و ظفر
گیا پیش کیخسرو نامور

کہا گیو سے شاہزادی نے یون
کیا تو نے بیدار مجھکو نہ کیون

مدد سے شہا تیرے اقبال کی
مخالف کی سب فوج پامال کی

ہوئے راہ پیرا وہان سے روان
وہ کھایا جو کچھ ہاتھہ آیا وہان

کہا گیو کا جاکے احوال جنگ
ملامت کی اوسنے اوسے بیدرنگ

وہ گلباد کہتا تھا یہہ بار بار
نہین سام و رستم سے کچھ وہ سوا

سپہ لیکے توران سے پھر پیران
ہوا آپ پیران و لیسہ روان

سپہدار پیران کینہ پژوہ
کہ ہر روز جاتا تھا یکصد گروہ

ہراول تھا اوسکا دلاور پشن
قوی جست گردنکش و پیلتن

نمایان ہوا دور سے جب علم
تو سوچی فرنگیس فرخ شیم

جگایا وہین خسرو و گیو کو
ہوئے جبکہ بیدار وہ نامجو

ستیزندہ افواج توران سے ہون
تن خیس ترکان کرو غرق خون

وہ بولا کہ اے شاہ فرخ خصال
کہ اس گرد اقلیم توران کا

یہان سے ملکزادہ کو لیگیا
فرستادہ گودرز کے پھر وہین

گئے پھر کہین گیو پایا نہین
وہ بولے کہ تاخیر کیجے نہ یان

ابھی ہونگے سوئے ایران روان
یہان سے ہے نزدیک اک مرغزار

کہ اسپان سلطان توران دیار
سیاوش کو گلگے کا ہے اک سمند

اوسے جاکے لاؤ یل ارجمند
وہین کرکے لایا اسیر کمند

نہ تنہا وہ اسپ اور بھی اک سمند
روانہ ہوئے سوئے ایران دیار

ہوئی ساتھہ تائید پروردگار
روانہ کیا اوسنے گلباد کو

بدنبال کیخسرو نامجو
اودھر خواب مین تھا وہ بیدار بخت

کہ پہونچا اودھر وہ نگونسار بخت
پکڑ گرز اور کھینچکر تیغ تیز

بیابان مین برپا کی اک رستخیز
جہان تاجور بادشاہ عظیم

بتائید فضل خدائے کریم
وہ گرد و لاور دل شیر زاد

کہ رکھتا تھا اس قول پر اعتقاد
جو پیدا ہمین مغلوب ترکان ہے

سراسیمہ یکسر گریزان ہوئے
کیا جنگ کا ماجرا سب بیان

ہوا سنکے خسرو تاسف کنان
وہ بولا نہ تہا یہہ گوارا مجھے

کہ بیچین کرتا جگا کر تجھے
ہوا شاد وان خسرو پاک دین

کہا مرحبا صد ہزار آفرین
گیا جبکہ گلباد پیران کے پاس

عیان اوسکے چہرہ سے تہا سوز و یاس
کہ اک پہلوان ہے یان نوجوان

گریزان ہوئے تین سو پہلوان
ولیکن نہ پیران کو تہا کچھ یقین

ہوا سنکے یہ ماجرا خشمگین
فرنگیس رشک مہ و آفتاب

نہ رکھتی تھی زنہار بلغر کی تاب
تفحص کنان جاکے پہونچا وہان

ملکزادہ منزل گزین تھا جہان
وہ کیخسرو و گیو سوتے تھے وان

کہ پہونچے وہان جاکے تورانیان
وہ پیران و لیسہ اب آیا ادھر

یہین تاکہ لیجائے پابند کر
تو کہنے لگا خسرو نامدار

کہ اے پہلوان مین بھی تو اکبار
وہ بولا کہ اے شاہ فرخ خصال

تو ہے نوجوان بلکہ ہے خردسال

ابھی تونے پیکار دیکھی نہین
مبادا کچھ آسیب پہونچے کہین

کہا پھر یہ خسرو نے ای شیر مرد
کرونگا مدد تیری وقت نبرد

یہ سنکر دیا گیو نے یہ جواب
کہ اے تاجدار ثریا جناب

نہ رستم سے زنہار کمتر ہون مین
ہنر اور قوت مین یکسر ہون مین

اور اپنی مجھے دختر مہ جمال
تہمتن نے دی ہے تو شادان کمال

مرا خالق دہر وہ یار ہے
اور اقبال شاہی مددگار ہے

یہ کہکر وہین گیو جنگی سوار
گیا سوئے میدان پیکارزار

پشن سے لگا کہنے وہ پہلوان
کہ تو کون ہے نکتا ایجوان

تو ہی گیو آیا ہے ایران سے
پچھڑا لیچلا شبہ کو توران سے

یہ کہکر اوٹھایا جو گرز گران
تو لایا سپر سر پہ وہ پہلوان

نہ پھر گز ہلا گیو مرد دلیر
رہا پشت توسن پہ قایم وہ شیر

تو جوشن سے گر کے پشن کے گذر
ہوئی کالبد پر سنان کارگر

وہ پیران دلیر پھر آیا وہین
لگا گیو سے کہنے از روے کین

ولیکن خبردار اب ایجوان
کہ مین آن پہونچا بگرز گران

زرہ پارہ اور چاک کر پیرہن
عوض اوسکے پہنا دون تجھکو کفن

کہ مین ہر دو زن کو تری چھین کے
پکڑ لیگیا تھا رہ کین سے

جہان مین بجز رستم شیر مرد
نہین ہے کوئی بھی مرا ہم نبرد

کیا کشتہ و خستہ گر آن کے
ہزارون سوارون کو توران کے

کوئی زندہ اس فوج مین جو رہے
تو پھر کہیو صف مرد میدان مجھے

وہان سے مین پھر آؤن با کر و فر
جہاندار خسرو کو لیکر ادہر

یہ گفتار جنگی پیل نامور
ہوا اسکے پیران کے دل پر خطر

کر جاو در گذر تجھسے اب مین نے کی
رہائی تجھے ہاتھ سے اپنے دی

یہ کہکر وہین گیو جنگی جوان
ہوا اسوی بدخواہ حملہ کنان

وہین پھر دلاور نے پھینکی کمند
ہوئی جاکے گردن مین پیران کی بند

ولے اوس جوان کو ذرا بیم گر
کوئی زخم ہوتا نہ تھا کارگر

مری تن مین ہے جب تلک جان زار
یہ تنہا یان نہین تو کری کارزار

اودہر تو ہے تنہا اودہر کینہ خواہ
رکھے ہے بہت ساتھ اپنی سپاہ

تہمتن کے مانند ہین زکین
مدد وقت پیکار چاہی نہین

بہت اوسنے ہان آزمایا مجھے
برابر غرض اپنے پایا مجھے

لگا کہنے پھر گیو فرخندہ خو
کہ رکھ جمع خاطر تو اے نامجو

بلندی پر آکر تماشہ تو دیکھ
سر جنگ کرتا ہون کیا کیا تو دیکھ

اودہر سے پشن لیکے نیزہ بڑھا
ہوا گیو پیل سے وہ جنگ آزما

دیا پاسخ اوسنے کہ ہون مین پشن
سرافراز گردان پیل پیلتن

یہ وزدی تو کرکے کہان جائیگا
یہان سے تو جانے نہین پائیگا

لگی ضرب گرز گران اسقدر
روان خون ہوا برتن و سر

سپر چھوڑ کر لیکے نیزہ وہین
جو مارا دلاور نے از روی کین

ہوا غرق خون مین سراپا بدن
ہوئی بس تہ خاک جا کے پشن

کہ تو نے مری فوج کو دی شکست
کیا سر بلندونکو یکدست پست

ترے سر پہ لاتا ہون کیا کیا بلا
تہ خاک دیتا ہون تجھکو ملا

دیا اوس جوانمرد نے یہ جواب
کہی ہو نہین آ ترک خانہ خراب

تری تاب کیا ہے جو میدان مین تو
مرے ساتھ ہو آن کے جنگجو

تہمتن کو دیکھا ہے تو نے وہان
کہ تنہا گئے یازدہ پہلوان

اور اب فوج کو تیری میدان مین
تہ تیغ کھینچون مین اک آن مین

گرفتار کرکے پھر اے نابکار
تجھے لیچلون سوی ایران دیار

نہ توران رہے پھر نہ افراسیاب
کرون ملک توران کو یکسر خراب

ہوا نا امید اپنی وہ جان سے
لگا کہنے اوس مرد میدان سے

یہ بولا کہ تو نے تو چھوڑا مجھے
ولیکن کب مین چھوڑتا ہون تجھے

وہ پیران گریزان ہوا بیدرنگ
کہ دیکھی نہ زنہار یارای جنگ

ہوئے ترک اوس وقت حملہ کنان
لگے چلنے وان تیغ و تیر و سنان

یہ دیکھو دلیری گرد بلند
کہ اک ہاتھ سے کھینچتا تھا کمند

اور اک ہاتھ سے اوسکی پر روم وہان ۔ پیپے راست تھی ضرب گرز گران
کمند اوسکے دی ہاتھ مین وہ جوان ۔ گیا پھر پے جنگ تورانیان
ظفر یاب ہو زیر چرخ بلند ۔ گیا پیش خسرو لیے اوسکو بند
بصد عجز پیران زاری کنان ۔ وہ لایا تہا عذر خطا بر زبان
کہ اے گیو یہ ترک ہے وہ سپہدار ۔ مخالف ہمارا نہین زینہار
رکہا اوسنے خسرو کو جو پال کر گہر ۔ بد اندیش سے تا نہ پہونچے ضرر
شب و روز حاضر تہے خدمتگذار ۔ رہے خدمت خسرو نامدار
وگرنہ ہمین شاہ توران زمین ۔ کیا چاہے تہا قتل اندر کمین
اگر بعد نیکی کے اے پہلوان ۔ ہوئی اک خطا اس سے سرزد یہان
غرض اسکی جان بخشی اب ہے ضرور ۔ نکیجے تو لطف و کرم سے یہ دور
کہ گلگون کرون اوسکے خون سے زمین ۔ لگا کہنے پھر خسرو پاک دین
جو ٹپکے ذرا تیرے خنجر سے خون ۔ تو پھر بیگمان ہو زمین لالہ گون
غرض گیو نے اسطرح سے کیا ۔ کہ جسطرح خسرو نے فرمان دیا
حقیقت جو کچھ تہی سو یکسر کہی ۔ ہوئی شاہ توران کو جب آگہی
گئے مرزبان سوے جیحون روان ۔ کیا حکم یون پھر گذربان کو ہان
سپہدار توران بھی پھر بعد ازان ۔ ہوا آپ پھر فوج لیکر روان
وہ چلتا تہا ہر روز سہ صد گروہ ۔ لیے ساتھ تورانیو کا گروہ
گئے رفتہ رفتہ وہ جب گہاٹ پر ۔ تو جیحون بطغیانی آیا نظر
کہا یون سند ہے تری پاس گر ۔ تو کشتی مین جا شوق سے بیٹھکر
گذربان نے پاسخ دیا یہ کہ خیر ۔ ملیگی نہ کشتی سند کے بغیر
کہا گیو نے تب کہ اے نوجوان ۔ ہمارا خداوند زادہ ہے یان
گذربان نے پھر یون کہا اے عزیز ۔ حوالے مرے کیجیے یہ کنیز
کہا یہ گذربان نے پھر گیو سے ۔ کہ دو تاج زر اس سے لیکر مجھے
سوا اسکے یہ ہے نشانی جدا ۔ نہ اسکے لئے کیجیے زینہار کد
ولے اور چندین زرہ یہ لیجیے ۔ نہ ہٹ اس زرہ کیلئے کیجیے

وہ پیران کو لایا وہان کھینچکر ۔ یہان تہا ملکزادہ نامور
مقابل نہ آیا کوئی زینہار ۔ ہوئے جا وہ پیاسے دشت فرار
کیا عرض اے خسرو نامجو ۔ کرون قتل پیران بیکیش کو
زروی عنایات و شفقت و دین ۔ لگا کہنے یون خسرو پاک دین
فرنگیش نے بہی کہا یون کہ ہان ۔ یہ اپنا نکوخواہ ہے بیگمان
نجہولی وہان بہیجکر دایہ کو ۔ کیا پرورش اس گرانمایہ کو
رہا مجھکو پیران نے خون سے کیا ۔ شرائط نکوئی کی لایا بجا
تو ہرگز نہ رکھ خون اوسکا روا ۔ کہ یہ ہے سزاوار لطف و عطا
تو ہرگز شمار اس خطا کا نہین ۔ کچھ اسکی طرف سے نرکھ دل مین کین
گذارش پہر اوس پہلوان نے کیا ۔ یہ کہائی ہے مینے قسم خسروا
کہ اک ہاتھ خنجر پہ گستاخ کر ۔ تو اب کان مین اوسکے سوراخ کر
رہا کر اوسے بند سے بعد ازان ۔ کہ تا ہووے یہ سوے توران روان
روان ہوکے پیران وہی با شتاب ۔ وہان سے گیا پیش افراسیاب
تو غم سے ہوئین اوسکی آنکھین پر آب ۔ لگا کرنے افسوس افراسیاب
کہ اس شکل کے ایک تن مرد وہ ۔ جنہین پہر جاوین تم قتل اونکو کرو
ہوا گرم ملغز پہ کینہ جو ۔ کہ جانے نہ دے خسرو و گیو کو
ولے پہر زمان فضل لطف خدا ۔ مددگار تہا خسرو و گیو کا
گیا گیو وہین گذربان کے پاس ۔ گذربان لگا کرنے گفتار پاس
یہ سنکر لگا کہنے وہ پہلوان ۔ سند گم ہوئی راہ مین ناگہان
مگر تم یہ اسپ سیہ مجھکو دو ۔ گذر پہر یہان سے بخوبی کرو
نہ دیگا یہ گہوڑا تجھے زینہار ۔ ہمارا نہین اسپہ کچھ اختیار
یہ سنکر کیا گیو نے یہ بیان ۔ کہ اوسکی ہے یہ مادر مہربان
پہر اوس سے یہ اوس پہلوان نے کہا ۔ نہ دیگا یہ افسر کہ ہے بے بہا
وہ بولا کہ اپنی زرہ دے مجھے ۔ یہ بولا کہ یہ تو نہ دونگا تجھے
گذربان یہ کہنے لگا اے عزیز ۔ طلب کی ہین ہیچ جو یہ چار چیز

گران مین سے دوگے نہ تم ایک بہی
تو یان سے نہو گی گذر ایکبہی

ولیکن گذربان رہا تند سخت
لگا کہنے تب گیو فیروز بخت

وہ سمجہا کہ بیہودہ گفتار ہے
کسیکی نہین تاب زنہار ہے

پہر آہستہ خسرو سے وہ پہلوان
یہ بولا کہ اے خسرو خسروان

سپاہ آ کہین شاہ افراسیاب
یہان کہکے ملتجا پہونچے شتاب

پہر آخر ہوا بادشاہ عظیم
فریدون بفضل خدای کریم

سنی گیو سے جب یہ خسرو نے بات
تو حیرت مین آیا وہ فرخ صفات

گذر کر گئے وانسے پایاب بس
کہ اقبال تہا ہمدم و ہمنفس

پہر اتنے مین پہونچا وہان شہ شتاب
کنارے پہ جیحون کے افراسیاب

تو وہ بہی گذربان سے کشتی منگا
اوترنے کا شہ نے ارادہ کیا

تو ہرگز نہ جا یان سے دریا کے پار
کہ ہے فوج ایرانیان بیشمار

غرض پہر گیا شاہ توران وہین
بصد رنج و غم سوے توران زمین

بجا لائے وہ شکر یزدان بہان
ہوئے پیشتر پہر وہان سے روان

روانہ کیا پیش کاوس شاہ
ہوا شاد پہر کردہ کیوان کلاہ

گئے پیشوا سر سے نامآوران
گئے اور بہی ساتہہ والا سران

جب آیا وہ کیخسرو تاجدار
ہوا دیکہکر چشم تر شہریار

وہ لایا بجا رسم عجز و نیاز
ادب سے حضور شہ سرفراز

کہ اس تخت پر بیٹہ ای کامگار
وہ بیٹہا تو شادان ہوا تاجدار

لگا گیو پہر کہنے خسرو سے وہان
کہ لازم تہی ہرگز نہ گیری وہان

کہ ناچار دریا مین آتے ہین ہم
گذر یانسے پایاب جاتے ہین ہم

جو اس رنگ دریا کے جاوے گذر
کہ ہے جسمین مرغابیون کا خطر

توقف نہین یان مناسب جناب
گذر کو نکالیگا لشکر بڑا ہے غضب

فریدون کو لایا تہا یان کا ذہب
وہ جیحون سے گذرا تہا پایاب تب

لگا دوگے اب تو دریا مین ڈال
کہ فضل خدا سے مبارک ہے فال

گیا اور سنکے جیحون مین گہوڑا روان
فرنگیس اور گیو بہی بعد ازان

گذربان تعجب مین تہے سربسر
ہوئے لوگ حیرت زدہ دیکہکر

فرنگیس کیخسرو و گیو کو
جو دیکہا شتابان ہوا کینہ جو

لگا کہنے ہومان کہ ای بادشاہ
ترے ساتہہ آئی بہت کم سپاہ

نگہبان تہی ملک توران کا
مگر قصد اقلیم ایران کا

فرنگیس و کیخسرو و گیو جب
قلمرو مین ایران کے آئے تب

کسان و زمیندار کرکے طلب
رقم کرکے اک نامہ با صد طرب

وہین طوس و گرگین و گودرز کو
کہا جا کے تم پیشوائی کرو

جہاندار نے با نشاط و خوشی
شتابی سے آرایش شہر کی

اوتر تخت سے پہر بغل مین لیا
سر و چشم پر اوسکے بوسہ دیا

طلب کرکے پہر ایک اورنگ زر
لگا کہنے خسرو سے یہ تاجور

نہ بیٹہا ہوا خوش شہ بے نظیر
ہوئے شاد و خرم امیر و وزیر

کمر بستن ایرانیان باطاعت کیخسرو عالی تبار بموجب حکم شاہ بلند وقار و انحراف طوس از کیخسرو و اغوا نمودن فریبرز پسر شاہ کاوس را و مہیا شدن سامان جنگ فیمابین طوس و گودرز و لشکر کشیدن ہر دو و منع فرمودن کاوس و طلبیدن ہر دو را پیش خود و فرستادن فریبرز و کیخسرو را برای جنگ قلعہ دز بہمن و

تباہ شدن لشکر فریبرز و فتحیاب شدن شاہ کیخسرو

دلیران و گردان والا مہان
وہ جتنے تھے گردن فرازان وہان
یہ اوسنے لگا کہنے وہ شہریار
کہ اے نامداران ایران دیار
یہ خسرو کہ پور پسر ہے مرا
جگر گوشہ تور بھی ہے مرا
تم اسکی اطاعت کرو اختیار
خوشی سے بحکم شہ نامدار
ہوے وہین خسرو کے فرمان پذیر
سوا طوس کے سب صغیر و کبیر
تہی مغز و بیعقل جو طوس تھا
فریبرز سے جا کے کہنے لگا
کہ تو شاہ کاؤس کا ہے پسر
سزاوار دیہیم و اورنگ و زر
اطاعت جو خسرو کی ہے کیا ضرور
کرو نہین تو ہے عقل و دانش سے دور
بہت اوسنے اعزاز و اکرام کر
خوشی سے دیا طوس کو گنج و زر
سر چرخ خورشید رخشندہ جب
ہوا جلوہ گر دوسری روز تب
کیا جشن گودرز نے اپنے گھر
رکھا اک مرصع وہان تخت زر
سر تخت کیخسرو نامدار
ہوا رونق افزا بجاہ و وقار
بزرگان ایران گئے سب وہان
بفرمان کاؤس شاہ جہان
دلے طوس بیعقل بیدین و داد
نہ آیا تو گودرز فرخ نہاد
یہ کہنے لگا گیو سے ای جوان
تو اس طوس کو جا کے لا آ یہان
گیا گیو جب طوس بولا یہ تب
کرے ہے تمسخر ترا باپ اب
نہ خسرو کے آگے مین سر جھکون
نہ اوس جنگلی کی اطاعت کرون
وہ ہے عقل و ہوش و خرد سے تہی
نہین ہے سزاوار تاج شہی
تو اے گیو یان اوسکو لایا عبث
یہ رنج اوسکی خاطر اوٹھایا عبث
فریبرز فرزند کاؤس کا
رکھے ہے دلیری و فہم و ذکا
دلاور جوان و قوی جنگ ہے
سزاوار دیہیم و اورنگ ہے
کرون اب مین اوسکی پرستندگی
بجا لاؤن رسم و رہ بندگی
یہ گفتار سن گیو فرخندہ خو
یہ بولا کہ کیخسرو نامجو
بتدبیر و فرزانگی فرد ہے
دلیر و شجاع و قوی مرد ہے
ثناخوان تھا ہر چند وہ پہلوان
دلے طوس ہر دم تھا نفرین کنان
غرض ہوکے آشفتہ و خشمگین
حضور پدر گیو آیا وہین
کیا طوس کا ماجرا سب بیان
غضبناک سنکر ہوا پہلوان
بزرگون سے گودرز کہنے لگا
مٹاؤن جہان سے نشان طوس کا
یہ کہکر گیا اسپ پر ہو سوار
سوے طوس جنگی پے کارزار
دلیران جو با شوکت و جاہ تھے
وہ سب دو ہزار اوسکے ہمراہ تھے
پسر اور نبیرہ تھے ہشتاد و ہشت
غرض طوس حشم سے گیا سوی دشت
گیا طوس بھی سامنے بیدرنگ
سواران جنگی لیے بیدرنگ
رکھے ساتھ تھا کاویانی درفش
کہ تھا فتح کی وہ نشانی درفش
مقابل ہوئین جبکہ دونون سپاہ
لگا کہنے تب طوس زرین کلاہ
جو ہو گرم بازار پیکاریان
تو بس کشتہ ہو فوج ایرانیان
نہین کچھ بھی ہرگز نہو فایدا
مگر شاہ توران کا ہو مدعا
سہم دیکھکر جنگجوئی شتاب
کرے قصد ایران کا افراسیاب
پیام اوسنے بھیجا یہ گودرز کو
کہ پیکار موقوف یکدم رکھو
خبر شاہ کاؤس کو کیجیے
کہے شاہ جو کچھ وہ سن لیجیے
جو پہونچی شہ نامور کو خبر
کہ گودرز اب چڑھ گیا طوس پر
جو پہونچا یہ فرمان جہاندار کا
کہ اے گرد گودرز جنگ آزما
سپہ کھینچی اب کسلیے طوس پر
خرابی پہ کیون تونے باندھی کمر
سنا سب نے اب اور یون ہے صلاح
کہ تو اور طوس آوے یا بے سلاح
گئے طوس گودرز یان سے بہم
حضور جہاندار کیوان علم
کیا طوس نے عرض یون پیش شاہ
کہ ہون جاکے در بندۂ بارگاہ
جو شہ سیر شاہی سے آیا توہان
فریبرز ہو بادشاہ جہان

کہ ہے پور شاہ خلائق پناہ
وہ ہے وارث تخت و تاج و کلاہ

یہ سنکر وہ گودرز کہنے لگا
سیاوش مین پور تھا شاہ کا

کرے روح کو اب سیاوش کی شاد
ندی ہاتھ سے رسم و آئین و داد

بسان فریدون فرخ خصال
تنگاور کو دریاے جیحون مین ڈال

فریبرز کو ہے یہ طاقت کہان
کہان یہ دلیری یہ جرأت کہان

تو کیون جہل کا کار فرما ہوا
مگر تجھکو اے طوس سودا ہوا

کہا طوس نے یون کہ اے شوربخت
تو کہتا ہے کیا اب سخنہاے سخت

ترا باپ تھا مفلس و ناتوان
غریب ایک آہنگر اصفہان

ہماری جو کی بندگی اختیار
ہوا تب وہ سردار عالی تبار

تو سن گوش جان سے کہ کچھہ زینہار
نہین مجھکو آہنگری سے ہے عار

مرا باپ تھا کاوۂ نیک مرد
ستورہ مین یکتا دلیری مین فرد

فروزندۂ کاویانی درفش
وہ کاوہ ہے اے طوس زرین کفش

یہ طاقت کہان اور تری تاب کیا
جو ہو ساتھہ میرے تو جنگ آزما

اگر تو ہے مرد شجاع و دلیر
تو مین ہون شجاعت کے بیشہ کا شیر

کرے تیر جوشن سے تیرا گذر
سنان میری توڑے جبل کا جگر

کہ ناحق سہم کینہ آور نہ ہو
نہ بولو زیادہ بس اب چپ رہو

جسے دیکھیے لایق سروری
سزاوار شایستہ برتری

لگا کہنے شاہنشہ نامجو
کہ دونون ہین یکسان میرے روبرو

مین اب اور کرتا ہون تدبیر نیک
کہ خوشنود و راضی رہو جس سے ہر ایک

بلند ایک دژ بہمن مین بیعدیل
سر کوہ نزدیک دریاے نیل

کرے فتح جو ہو مبارک وہین
اوسے بادشاہی ایران زمین

کہ اور اس سے تدبیر بہتر نہین
یہ سنکر فریبرز بولا وہین

فریبرز کو شہ نے رخصت کیا
سپہ لیکے طوس اوسکے ہمراہ گیا

ہوا ہر قدم جہلتی تھی آتش فشان
ہوئے سوختہ وان بہت پہلوان

و لیکن در دژ نہ آیا نظر
ہوئی فوج جنگی تبہ سر بسر

نبیرے کو شاہی حضور پدر
نہین پہونچے زنہار ای نامور

ہوا کشتہ ناحق وہ بیچارہ آہ
مناسب یہی ہے کہ کاوس شاہ

کرے یعنی خسرو کو اب بادشاہ
کہ ہے وہ سزاوار تاج و کلاہ

دلیرانہ آیا وہ عالی تبار
کیا کچھہ نہ خوف و خطر زینہار

دلیران بحکم شہ دادگر
ہوئے تابع خسرو نامور

یہ سچ ہے کہ نوذر کا ہے پور تو
تو دیوانہ ہے اور وہ تھا تند خو

ہوا مجھسے گستاخ یون ہے غضب
مگر آپ کو یون گیا بھول اب

نہ سردار زادہ نہ فرزند شاہ
نہ زنہار تھا صاحب عز و جاہ

دیا وہین گودرز نے یہ جواب
کہ خاموش اے طوس خانہ خراب

کہ خوبی بشر کی ہے مردانگی
ہنرمندی و خلق و فرزانگی

کیا عہد ضحاک کا اوسنے چاک
نہ لایا ذرا دل مین کچھہ خوف و باک

کہ جبکا نبیرہ مین ہون جنگی سوار
مرا تیر و نیزہ ہے جوشن گذار

کہا طوس نے ای سرافراز پیر
یہ گفتار تیری نہین دلپذیر

گران کوہ سا گر ترا گرز ہے
مری تیغ بھی آب البرز ہے

ہوئی جبکہ باہم یہ گفتار سخت
لگا کہنے تب شاہ فیروز بخت

یہ گودرز بولا کہ کیجے طلب
فریبرز و خسرو کو پاس اپنے اب

ولیعہد شاہا اوسے کیجیے
بلندی و جاہ و حشم دیجیے

کرو نہین جو رتبہ بلند ایک کا
تو پھر دوسرا مجھسے ہووے خفا

یہ کہکر کیا شہ نے اونکو طلب
وہ جب آگئے وان یہ کہا اونسے تب

نکلتی ہے آتش وہان سے مدام
اور اوس قلعہ مین دیو کا ہے مقام

یہی جبکہ گفتار کاوس نے
کہا تب یہ گودرز او طوس نے

مجھے بھیجے ای بادشاہ حکم ہو
کہ جا کر کرون فتح اوس قلعہ کو

وہ پہونچے جو نزدیک حصن متین
تو دیکھی زمین سر بسر آتشین

کیا بستہ یک ہفتہ گرد حصار
تردد کیا خوب لیل و نہار

فریبرز اور طوس ہو تفتہ جان
پھر آئے حضور شہ شیروان

شہنشہ نے بعد اسکے باکر و فر
کیا وہین خسرو کو رخصت ادہر

سپاہ گران لیکے پہونچے جب
کہی نے ملکزادہ کو وقت شب

بتا خواب مین اسم اعظم دیا
خدا نے غرض رحم اوسپر کیا

ہوا جبکہ بیدار وہ نامجو
رقم کرکے کاغذ پہ اوس اسم کو

لگا کہنے یون پہلوان سے کہ ہان
سر نیزہ اب باندہکر اے جوان

تو رکہہ اوسکو دیوار پر قلعہ کی
کہ تا کار مشکل ہو آسان ابہی

جو کچھ اوسکو خسرو نے فرمان دیا
وہی گیو جنگی نے اوسدم کیا

وہ کاغذ رکہا جبکہ دیوار پر
ہوا ظاہر اک ابر تاریک تر

بلند اک ہوئی بانگ و سلام وہان
کہ جسطرح سے رعد کا ہو فغان

شکستہ ہوا جب وہ جادوے سخت
لگا کہنے تب خسرو نیک بخت

کہ یکبارگی تیر باران کرو
توقف کو اب راہ ہرگز نہ دو

لگی ہونے پہر بارش تیر وان
ہزارون ہوے دیو تسخیر وان

نمایان ہوئی روشنی یکبدم
ہوئی دفع وان تیرگی یکقلم

وہ در پہر نمایان ہوا تب وہین
گیا قلعے مین خسرو پاک دین

ہوا قلعہ تسخیر باگنج و زر
ہوئی ہمسفرین آکے فتح و ظفر

بنا ایک خسرو نے گنبد کیا
کہ رفعت سے وہ ہمسر چرخ تہا

پہر اک سال کے بعد خسرو گیا
حضور شہنشاہ کشور کشا

وہان سے سپہدار عالیجناب
گیا جانب ملک افراسیاب

کیا فتح اوس قلعہ کو بہی وہین
بفضل خدائے جہان آفرین

ہوا شاہ کاؤس بس دیکہکر
لگا کہنے اے خسرو نامور

سپہر خلافت کا نیر ہے تو
سزاوار اورنگ و افسر ہے تو

جہاندار کاؤس فیروز بخت
جو سمجہا کہ زیبا ہے خسرو کو تخت

بر تخت نشاندن کاؤس خسرو را و ممتاز ساختن و کمر بستن او بر توران

بٹہایا جہاندار نے تخت پر
رکہا سر پہ خسرو کے دیہیم زر

کیا حکم پہر یہ کہ سب نامدار
اطاعت کرین اسکی لیل و نہار

یہ فرما دیا جبکہ کاؤس نے
تو وہین فریبرز اور طوس نے

اطاعت سے خسرو کی پہیرا نہ منہ
لگے چاکری کرنے شام و سحر

سپہدار کیخسرو خوش نہاد
ہمیشہ تہا مصروف انصاف و داد

بہت اوس سے راضی تہا لشکر تمام
رعیت تہی آسودہ و شادکام

یل نامور رستم و زال زر
ہوئے شاد و خرم یہ سنکر خبر

وہین بادل خرم و شادمان
ہوئے سیستان سے ادہر کو روان

جو نزدیک پہونچے تو باصد طرب
گئے پیشوائی کو سردار سب

جب آیا قرین رستم نامدار
اوٹہا تخت سے خسرو نامدار

کہا یون سیاوش کا تو دایہ ہے
ہمارا بزرگ اور گرانمایہ ہے

مددگار میرا ہو شام و سحر
کہ لون جاکے ترکون سے خون پدر

بہم ملکے دونون ہوئے اشکبار
یہ کہنے لگا رستم نامدار

کہ ہون مین ترا بندہ کمترین
تو ہے شاہ شاہان روئے زمین

ہوا زال سے پہر بغلگیر شاہ
لگا کرنے شفقت جہانگیر شاہ

تہمتن نے خسرو کو تحفے دئے
بہت پیشکش لعل و گوہر کئے

گئے بیٹھ کاؤس روز دگر
بہم خسرو و رستم و زال زر

کیا شاہ نے جشن وان اور ایک
بآئین فرخندہ و طور نیک

وزیر و امیران و شہزادگان
گئے سب بزرگان ایران وہان

ملک سے یہ کیخسرو تاجور
کہ تہا جسکو مطلوب کین پدر

یہ بولا کہ کین پدر جب تلک
نہ لون شاہ توران سے مین جب تلک

سنین مجہکو زنہار آرام و خواب
نہ ہرگز شکیب و قرار و نہ تاب

نہ مسرور مین تخت و افسر سے ہون
نہ شادان زر و گنج و گوہر سے ہون

یہ پہر زال و رستم سے شہ نے کہا
کہ اے پہلوانان کشور کشا

کروگے مدد اوسکی تم وقت جنگ یہ رستم نے پاسخ دیا بیدرنگ
شہا بیشتر ملک افراسیاب کیا مین نے جاکر تباہ و خراب
اور اب یہ سپہدار عالی گہر خدیو جہان خسرو نامور
کرے قصد تسخیر توران کا جب کرون کو تہی جانفشانی مین کب
فریبرز و گودرز اور طوس و گیو یہ چلنے تے گردان گیہان خدیو
شہنشہ نے ہر ایک سے یون کہا کہو تم تمہارا ارادہ ہے کیا
یہ سنکر لگا کہنے ہر پہلوان کہ حاضر ہین ہم جانفشانی کو آن
دیا الغرض اوسکو لشکر تمام بتایا دلیرون کو خسرو کا نام

رفتن کیخسرو عالی تبار با فوج بیشمار و یلان نامدار بعزم جنگ افراسیاب والی توران

جو سالار ایران نے از روے کین کیا قصد تسخیر توران زمین
کیا وہ وہین ترتیب سب فوج کو باٸین دلچسپ و طرز نکو
فریبرز کو با صد و دہ جوان کہ تہے اقربا اوسکے پہلوان
کیا شہ نے سرکردہ فوج پیش گیا ساتھ وہ طوس فرخندہ کیش
جوانمرد گودرز عالی وقار یل نامور گیو جنگی سوار
نبیرہ پسر لیکے ہفتاد و ہشت جو رنگین کرین خون سے دشمن کے دشت
مقرر ہوے بجانب دست راست بحکم شہنشاہ جوہر شناس
وہ گستہم بہائی جو تہا طوس کا اوسے دست چپ کو مقرر کیا
جو میلاد کے تہے نبیرہ پسر ہوے ساتھ گستہم کے سر بسر
نژاد پشنگ و لاور سے ان نبرد آزما سی و سہ پہلوان
نژاد نوابہ و لاور سے بہی پچاسی جوان با نشاط و خوشی
صد و ہفت تن تخم گولاد کی کہ یکدست با قوت و زور تہی
گندارہ کے تہے یکصد و پنج تن نہایت قوی زور اور صف شکن
مقرر ہوے قلب مین یکقلم بفرمان کاوس انجم حشم
وہ بیژن کہ فرزند تہا گیو کا اوسے شاہ کاوس نے یون کہا
کہ اے پہلوان بیژن جنگجو نہونا جدا لحظہ خسرو سے تو
یہ تہے جسقدر نامور پہلوان ہر اک ساتھ رکہتا تہا فوج گران
غرض ہوکے رخصت شہنشاہ سے وہ کیخسرو اس حشمت و جاہ سے
سوی ملک توران روانہ ہوا معین و مساعی زمانہ ہوا
تہمتن بہی لیکر سپاہ گران گیا ہمرہ خسرو کامران

روانہ شدن فریبرز از راہ دیگر طرف توران شاہ گیتی ستان و رفتن طوس براہ کلات و خرم و کشتہ شدن فرود پسر سیاوش کہ از بطن گلشہر متولد شدہ بود و شبخون زدن پیران ویسہ بر لشکر ظفر پیکر طوس و معاتب شدن طوس باعث کشتہ شدن فرود

سپہدار کیخسرو پاک دین گیا جبکہ نزدیک توران زمین
فریبرز سے تب یہ کہنے لگا سو دست چپ لیکے گرز دغا
رفاقت مین اب تیری آتا ہے جو مقرر کیا گیو گودرز کو
تو کرتا ہے سر اک ملک یکسر خراب پہونچ تا سر تخت افراسیا
ولیکن سیاوش کا ہے اک پسر فرود جوانمرد فرخ سیر
کلات و خرم مین ہے مسکن گزین بتایا ہے اک اور حصن حصی

وہان وخل ست کیجیو زینہار
یہ سمجھا کے طوس و فریبرز کو
فریبرز مرد شجاع و دلیر
گیا متصل لشکر طوس جب
نکل قلعہ سے وہ وہین نامور
یہ کہہ جا کے اوس سے کہ پرخاش کین
یہ گفتار سن ریو ووہین ہی گیا
ہوا ریو کے ساتھ سرگرم جنگ
پسر کو وہین اوسنے بہیجا ادہر
گیا طوس پہر آپ ہوکر سوار
شتابی سے بس چڑہ گیا کوہ پر
فرود دلاور کا خالو وہ تہا
گریزان ہوا وانسے وہ پہلوان
جو شبدیز پر طوس کے وقت جنگ
لگا اسپ پر گیو کے ایک تیر
کہا گیو نے یہ کہ آگے نہ جا
یہ کہکر شتابان ہوا وہ دلیر
ولیکن نہ بیدل ہوا زینہار
فرود دلاور نے از روی کین
جہان تہا سوار دلاور فرود
گیا قلعہ مین ہوکے زخمی جوان
نہ آئی تجہے شرم کچہہ زینہار
ہوا اسکے پہینکے بہت خارہ سنگ
لگا کہنے یون طوس کہا کر قسم
پسر پہیرو گلچہرہ کو وقت شب

کہ میرا بہادر ہے وہ نامدار
یہی بات کہہ گیو گودرز کو
روان سوے صحرا ہوا تشنہ خون
یہ سمجہا فرود جوانمرد تب
ہوا سد رہ طوس کا آن کر
ترے ساتہہ زینہار جنگ و ستیز
جو پیغام تہا سو مفصل کہا
کیا ریو کو کشتہ وان بیدرنگ
کہ لاے فرود دلاور کا سر
سپہ لیکے یکسر پے کارزار
گیا وان سے پہر قلعہ مین دوڑ کر
سوار دلیر و نبرد آزما
گیا بہاگ کر قلعہ کے درمیان
فرود دلاور نے مارا خدنگ
پیادہ ہوا پہلوان دلیر
یہ بیژن نے اوسوقت پایا نشان
پہراتے مین آیا اودہر جو تیر
پکارا یہ اوسدم کہ ای نامدار
خدنگ ایک پہر اور مارا وہین
یہ بیژن بہی پہونچا وہان مثل دود
لگا کہنے تب بیژن پہلوان
دریغ اے جوانمرد جنگی سوار
ہوا خستہ بیژن بمیدان جنگ
کہ حملہ کنان ہوکے تا صبحدم
یہ آیا نظر خواب لیعنی کہ اب

تجہہ وار کوئی نہ جاوے ادہر
روانہ ہوا خسرو کا ملک
ولے طوس سوی کلات دژم
کہ وہان پہر پرخاش آیا ہی طوس
یہ سنکر کہا طوس نے زریو کو
تو ہٹ سر راہ سے ای جوان
نہ ہرگز گیا اوسنے کچہہ اعتبار
غرض ریو و اماد تہا طوس کا
پسر طوس کا بہی ہوا کشتہ وان
ولیکن مقابل نہ آیا فرود
لیا طوس نے گہیر اوس قلعہ کو
کیا طوس نے آخر اوسکو زبون
نکل قلعہ سے پہر فرود دلیر
جو کشتہ ہوا بادپا طوس کا
پسر گیو کا بیژن پہلوان
کہ جبتک نہ اوسکو کرون غرق خون
کیا کشتہ اوس تیر نے اسپ کو
تو یک لحظہ تاخیر کر اور درنگ
گیا پہلوان کی سپر سے گذر
دلیری سے نیزیکو جولان دیا
کہ اک تن پیادہ سے بہاگا شتاب
مقابل پہر آیا نہ کوئی جوان
پس کوہ جب مہر روشن گیا
کرون فتح اس قلعہ کو بیگمان
لگی آگ اس قلعہ مین ناگہان

کرے اور ہرجانب سے لشکر گذر
سوراست بار ستم نامدار
شتابان ہوا با فراوان خشم
بعزم وغا فوج لایا ہی طوس
کہ پیش فرود اب شتابان تو جا
کہ ہو پیشتر یان سی لشکر روان
نہ آیا سر آشتی زینہار
کیا طوس نے اوسکے غم سے بکا
یہ سنکر ہوا طوس گریہ کنان
نہ پیکار کی تاب لایا فرود
ہوا آکے تنخواہ تب رزم جو
ہوئی فوج تنخواہ کی غرق خون
مقابل ہوا طوس کی مثل شیر
گیا پہر وہین گیو بہر وغا
گیا سامنے کر کے گہوڑا دوان
قسم ہے کہ ہرگز نہ یان سے پہرون
پیادہ ہوا بیژن جنگ جو
کرے ساتہہ تیرے تمنای جنگ
ہوا بند جوشن مین تیر آن کر
فرود دلاور کو زخمی کیا
اقامت کی لایا تو ہرگز نہ تاب
گیا قلعہ سے تیرباران وہان
سو خیمہ تب وان سے بیژن گیا
نہ چہوڑون کسی کو بہی زندہ وہان
ہوئی سربسر سوختہ مردمان

ہوئی خواب سے جبکہ بیدار تب ۔ پسر سے کہا قصہ خواب شب
لگا کہنے گلشہر سے یون فرود ۔ کہ ہرگز مجھے زیر چرخ کبود

نہیں غم کچھ اے مادر مہربان ۔ کرے آخر اسکو فنا بیگمان
اگر مین بھی کشتہ ہوں مثل پدر ۔ تو کیا چارہ پیش قضا و قدر

ہوا جلوہ گر مہر تابان جب ۔ سپہ لیکے طوس جوانمرد تب
ہوا حفظ آمادہ سوے حصار ۔ دلیری لگے کرنے مردان کار

دو شیر شکستہ ہوا پھر زمین ۔ گئے دوڑ مین سب کھینچ کر تیغ تیز
پکڑ نیزہ اوسدم فرود دلیر ۔ ہوا رزم جو آکے مانند شیر

دلیرانہ پھر بیژن جنگجو ۔ ہوا اوس سے جوانمرد کے دو بدو
فرود دلاور نے از روے کین ۔ رہام کیا زخم اوس پر وہین

اثر کچھ نہ جوشن مین ہرگز کیا ۔ گیا ٹوٹ نیزہ بحکم خدا
دگر بار یہ چاہے تھا وہ جوان ۔ کہ بیژن کو لے زیر گرز گران

ولیکن کہین گاہ سے بید تیغ ۔ رہام دلاور نے ماری جو تیغ
تو کشتہ ہوا مرد جنگی فرود ۔ فغان اک اوٹھا زیر چرخ کبود

کہ اے واے افسوس شیر یلان ۔ جوانی مین کشتہ ہوا یہ پسر
غرض اوسکی ماں دوڑی آئی ادہر ۔ ہوئی اوسکے ماتم مین نالہ کنان

پھر اپنا شکم کر کے خنجر سے چاک ۔ کیا آپ کو اوسنے وہین ہلاک
وہان آکے بہرام نے طوس کو ۔ کہا کرکے نفرین کہ اے تندخو

یہ پہونچی خبر جاکے خسرو کو جب ۔ خدا جانے کیا تجھپہ آوے غضب
ہوا طوس کو زیر چرخ کبود ۔ فراوان غم پور در دی فرود

وہان سے بصد شوکت و کر و فر ۔ کیا طوس نے کوچ پھر پیشتر
پھر اک راہ مین در آیا حصار ۔ جوان ایک پلاسان تہان نامدار

فلک بر پلاسان ہوا گرم کین ۔ کیا کشتہ بیژن نے اوسکو وہین
روان وانسے لشکر ہوا پیشتر ۔ یہ سالار توران نے سنکر خبر

نژادہ کو بھیجا براے نبرد ۔ پکارا وہ آوے جو ہو کوئی مرد
گیا سامنے بیژن پہلوان ۔ ہوا کار منجر بہ تیغ و سنان

پھر اک گرز بیژن نے مارا کہ بس ۔ رہی جنگ کی پھر نہ اوسکو ہوس
نژادہ گرا اسپ سے ہو جدا ۔ پریشان ہوا مغز بدخواہ کا

یہ چاہے تھا بیژن کہ پھینکے کمند ۔ کرے تا کہ بدخواہ کو اوس سے بند
کرا تھے مین گھوڑونکو کرکے دوان ۔ سواران تورانی آئے وہان

نژادہ کو وانسے اوٹھا لے گئے ۔ لگا دو ریہ اوسکو بٹھا لے گئے
ولیکن نہ پھر جنگ کی لائے تاب ۔ گئے بھاگ کر پیش افراسیاب

ہوا وان سے پیران ویسہ روان ۔ پے جنگ پرخاش ایرانیان
سواران و ترکان لیے چل ہزار ۔ ہنر و آزمایان و مردان کار

سوے کاسہ رود آے تورانیان ۔ کہ لشکر تھا ایرانیان کا وہان
حضور اوسکے حاضر جو ترکان ہوئے — تو وہ مورد لطف و احسان ہوئے
سران نواحی توران دیار — ہوئے آکے محکوم اسفندیار
نہ کوئی رہا چین مین اک نامدار — نہ توران مین کوئی رہا شہریار
زنان پر پوا ارجاسپ شاہ — رکھین پیچھے مشکوئے مین باغرور جاہ
لکھا نامہ فتح گشتاسپ کو — ہوا شاد وہ شاہ فرخندہ خو
تو بالفعل وان ہوا متمکن — تصرف مین لا ملک ماچین و چین
مسخر کیا ملک توران و چین — یہان بہم و اندیشہ ہرگز نہین

پشوتن بہی دنبال کہرم گیا — ہوا گرم بازار پرخاش کا
دردژ ہوا غرق خون سربسر — پڑی نعش پر نعش ایدہر اودہر
ولیکن نہ زنہار کہرم ہٹا — دلیرانہ میدان مین قائم رہا
مری ساتھ ہو آکے گرم نبرد — یہ سنکر مقابل ہوا شیر مرد
پکڑ کر کمربند کہرم وہین — دلاور نے پٹکا بروئے زمین
کہ جو کوئی حاضر ہو یان آنکر — کرون اوسپہ لطف و کرم بیشتر
بہت دن رہا قلعہ مین نامور — مسخر ہوا ملک چین سربسر
ہوا وان جو کوئی فرمان پذیر — تو بس قتل اوسکو کیا یا اسیر
سپہ کو بصد لطف وجود و عطا — دلاور نے گنج فراوان دیا
دلے دختر و خواہر شاہ چین — ہر اک پورکے کی حوالے مین
یہ اسفندیار جوان کو لکھا — کہ اے نامدار نبرد آزما
سپہدار نے پہر لکھا یہ جواب — کہ اے تاجدار شہا با جناب
بس اب آرزو ہے قدمبوس شاہ — مجھے ہے شتاب و رود و شاہ ہم پگاہ

آمدن اسفندیار در ایران و ملازمت کردن با پدر

دگر بارہ جب نامہ پہلوان — پڑہا بادشاہ نے تب یہ کہا جہان
رہ ہفتخوان سے پہر اسفندیار — روانہ ہوا سوئے ایران دیار
تو بس وہ مین پایا تمام رکمال — تلے برف کے ڈوبگیا تھا جو مال
بزرگان ایران گئے پیشوا — وہان سے جو نزدیک ایوان گیا
کیا آفرین اور کی یہ دعا — کہ عالم ستان رہیو صبح و مسا
اوسے ہاتھ سے اپنے پہر کردیگے — کئی آپ ہی بادشہ نے پلے
کیا کشتہ جسطرح ارجاسپ کے — تو کہہ مجھ سے تا دل مرا شاد ہو
کہ گفتار ستان ہے بے اعتبار — سحر گہ مفصل کرون آشکار
برابر تھا کرسی پہ اسفندیار — جوان نے حضور شہ نامدار
بظاہر ہوا خوش شہ ارجمند — ولیکن ہوا دل مین اندیشہ مند
جو دیکھی یہ پھیری شہریار — ہوا تخت آرزو اسفندیار
کہ مین نے کیا قتل ارجاسپ کے — بفرمان شاہنشہ نامجو

وہان جبکہ پہونچا وہ فرخ نہاد — ہوئی تہی جہان بارش برف و باد
گیا جبکہ نزدیک شہر پدر — تو وہ دین بحکم شہ نامور
تو آیا جہاندار گشتاسپ ہی — بغلگیر ہو کر بصد خوشی
کیا ایک ترتیب جشن نشاط — پئے جام مے از رہ انبساط
کہا شاہ نے پہر کہ اے پہلوان — بیان کر ذرا قصہ ہفتخوان
وہ بولا کہ اسدم ہون مست شراب — کہون کیا مین اے شاہ گردون جناب
جہاندار گشتاسپ روز دگر — سر تخت زرین ہوا جلوہ گر
مفصل کہا قصہ ہفتخوان — کیا ماجرا جنگ گشتاسپ بیان
نہ ہرگز دیا اوسکو دیہیم تخت — کہ تہا شاہ کو اوسکی سودائے تخت
کتایون جو تہی مادر مہربان — حضور اوسکے جاکر یہ بولا جوان
کہ گفتار تہین اوسکی وان خواہران — رہا کرکے لایا مین اونکو یہان

اٹھائی بہت محنت و رنج سخت
کہ تا شاہ بخشے مجھے تاج و تخت

کتابوں نے یہ سنگوار دی پند
کہا یوں کہ اے سرور ارجمند

مبادا کرے پھر گرفتار بند
رودار کے پھر شاہ تجھپر گزند

کہ محکوم ہے تیرے سردار فوج
تو ہے صاحب حکم و سالار فوج

کریگا تو شاہی پس گگ شاہ
کہ ہے وارث تخت و تاج و کلاہ

کہا اکدن وقت مستی مے
کہ شاہی خدائی کو معلوم ہے

جو کچھ کام اس جانفشاں نے کیا
نہ ہر گز کسی پہلوان نے کیا

بظاہر یہ دلجوئی پہلوان
ہوا دو ہیں مصر و شاہ جہان

طلب کر کے جاماسپ کو پاس
کہا یوں کہ اے مرد اختر شناس

کہ ہے کسطرح مرگ اسفندیار
یہ سنکر خردمند نے ایکبار

زبردست ہے مرد اسفندیار
کسیکو نہیں طاقت کارزار

ولے پہلوان رستم نامدار
کریگا اوسے کشتہ انجام کار

بہت کر کے تعریف اسفندیار
لگا کہنے اوس سے کہ اے نامدار

یہ کہکر ہوئے سرنگوں سیاہ
نگہ کر کے بولا شہ دین پناہ

کہا میں نے یہ رستم گرد کو
کہ اب چل کے میرا مددگار ہو

اطاعت سے پھیرا ہے اوسنے سر
یہ کہتا ہے نخوت سے آ روز و شب

تہمتن ہے القصہ لیل و نہار
ثنا گوئے کیخسرو نامدار

مرے دلمیں کینہ ہے اب اوسکا
نہایت تردد ہے صبح و مسا

جوان کہا شاہ نے بعد ازاں
کہ جا لیکے لشکر سوئے سیستان

وہ بولا کہ میں پہلے اے بادشاہ
ہوا شاہ ارجاسپ سے کینہ خواہ

عوض اوسکے کرزم کے کہنے سے آہ
کیا قید مجھکو بحال تباہ

کہوں قصہ ہفتخوان یاد کر
تو پھر راست ہوں مجھکو تو سبسر

زبان پھر چلا بزدہ قمری سیاہ
سکے کشتہ میں بتفصیل آلہ

وہ کشتی سپاہ و دہ بادبان تیر
وہ شقاوتی و دہجوش دریا تو رف

گر وہ تھا جہاں تخت میں دلتنگ گیا
شہنشاہ کا حکم لایا بجا

بر ایفائے وعدہ میں گیا ہے قصور
تو کہہ جائے انصاف سے ہے یہ دور

تو یہ بات ہر گز زبان پر نہ لا
کہ ہو بدگمان شاہ کشور کشا

پدر کے ہے تو تارک یہ تاج بھی
ولی فی الحقیقت ہے تجھکو شہی

نکر اضطراب اے دل بے نظیر
کہ آخر ہوا شاہ گشتاسپ پیر

خوش آئی یہ پند اوسے زینہار
اٹھا ہو کے دلگیر اسفندیار

کیا قتل دشمن کو اے بادشاہ
رکھا میں نے ناموس تیرا نگاہ

مگر حیف ایفائے وعدہ ہنوز
نہ تو نے کیا اے شاہ نیک روز

ولے دلمیں ناخوش ہوا شہریار
یہ گفتار آئی بہت ناگوار

ذرا دیکھ احوال اسفندیار
تو کر مجھسے راز فلک آشکار

نظر کر سوئے گردش مہر و ماہ
کہا یوں کہ اے شاہ گیتی پناہ

جہانمیں ظفرمند و فیروز ہو
مسخر کرے ہفت اقلیم کو

ہوا شاد شاہ دان یہ سنکر سخن
وہیں ایک ترتیب کی انجمن

مبارک تجھے تخت و تاج شہی
کہ زیبا ہے تجھکو کلاہ بھی

کہ کشتہ ہوا شاہ لہراسپ جب
ہوئیں دختران و زنان بند سب

نہ آیا مرے ساتھ ہرگز ادہر
نہ لی اتنی مدت میں میری خبر

کہ ہے کابل و زابل و نیمروز
عطا کردہ خسرو خصم سوز

براہ اطاعت وہ آتا نہیں
مجھے کچھ بھی خاطر میں لاتا نہیں

مناسب ہے اب یہ کہ اسفندیار
کرے رستم گرد سے کارزار

تہمتن کو یا کشتہ کر یا اسیر
تو پھر آ کے لے مجھسے تاج و سریر

شہ چین کو وقت وغا دی شکست
لیا ملک یکسر دیے کر کے پست

کیا کشتہ اب شاہ ارجاسپ کے
کہ شادان ہوں شاہنشہ نامجو

وہ گرگان جنگی و شیر ژیان
وہ کافر بلا اژدہائے دہان

وہ سیمرغ آیا جو پر بیستیز
تو کھینچا اوسے بھی تہ تیغ تیز

گرون گریبان میں تو ہو بید بنگ
روان مثل دریا دل خارہ سنگ

بہا نیکو مت کام فرماں تاب
رہ لطف سے کر مجھکو کامیاب

کہ پیمان سے پہرتے نہین زینہار
حوالے کیا پہر تجھے تخت و تاج
اگر مین کرون فخر شایستہ ہے
تہمتن نے پہر یہ پاسخ دیا
کمر بستہ حاضر تھے جو بندگان
بڑا حیف ہے تخت سے عار و ننگ
تصرف مین اب نصف ایران ہے کہین
شتابندہ ہون پہر سوے سیستان
شتابان ہو تو لیکے گنج و سپاہ
زوارا فرامرز کو بہی نہ چہوڑ
نہین جاے اندیشہ کچھ زینہار
کیا قتل ارجاسپ کو روز جنگ
کریگا تو اکدم مین اُسکو اسیر
دلاور جوان نے دیا یہ جواب
یہ ان کا ولے تربیت کردہ ہے
بہت اُس نے کار نمایان کیے
زبون تر ہے نزدیک اسکے دوان یاک
مگر مجھکو اندیشہ کچھ اور ہے
نہین خوب شاہون سے پیمان سست
بزرگون کی خدمتمین حاضر رہا
رہ سیستان لے بفوج گران
کہ عبرت ہو اور دلکو پہر زینہار
یہ مقصد ہے تیرا کہ ہو یان سے دور
یہ کہکر جوان ہوکے چین بجبین
خبر لا کہ اُسکا ارادہ ہے کیا

شہان فلک قدر عالی وقار
پدر نے ترے از سر احتیاج
بزرگی مجھے آج بایستہ ہے
کہ گفتار تیری ہے یکسر بجا
یل زال اور رستم پہلوان
کہ ہو نامور تو دلیر و زرنگ
سر پر خلافت کا دعوی کرین
کرون جنگ رستم سے مین بیگمان
تہمتن سے ہوجاے آزرمخواہ
بداندیش کے سر کو جلدی سے توڑ
کہ تو ہے جہان مین یل نامدار
دژ روئین آخر لیا بیدرنگ
تجھے پہر مین دونگا یہ تاج سریر
کہ رستم کو ہرگز نہین ہے یہ تاب
ہمارے بزرگونکا پروردہ ہے
زبون نامداران توران کیے
کہ ایسے دلاور کو کیجے ہلاک
بہلا یہ بہی شاہا کوئی طور ہے
یہ بہتر کہ شہ قول کا ہو درست
نکوئی مرے ساتھہ اوسنے کیا
گرفتار رستم کو کرجا وہان
نہ کوئی کرے سرکشی اختیار
رہو مین نہ زینہار پیش حضور
شتابان ہوا اپنے خانہ وہین
یہ سنکر وہ دستور دانا گیا

بہلا روم مین تونے شاہنشہا
کیے ہین اب کارہاے کلان
مناسب ہے یہ اور لایق تجھے
دلے تخت غم ہے کہ ہر صبح و شام
اور اب سرکشی تمنے کی اختیار
تپے آگے اسطرح شاہ دہر
لگا کہنے یون گرد آفاق گیر
وہ بولا کہ تیرا ہے دیہیم و تخت
گرفتار کر رستم و زال کو
نہ رکھہ بدسگالان کا نام و نشان
کیا ہفتخوان فتح تونے تمام
نہین تاب رستم جو ہو ہم نبرد
قسم زند و استا کی ہے پیلتن
جو مجھہ سے کرے آکے میدان مین جنگ
سنا ہے کہ ہر رستم یل نامدار
نہ ایرانیان دیکہتے روے تخت
مخالف ترا تہا اگرچہ ہو زال
مجھے بھیجتا ہے سوے سیستان
یہ گشتاسپ بولا کہ اے نوجوان
نہ لا درمیان عذر اے نامور
پیادہ اوسے لا یہان کرکے بند
وہ بولا کہ اے بادشاہ جہان
مبارک تجھے اورنگ و افسر تجھے
لگا کہنے جاتا ہے شہریار
ہوا جاکے جب اپنے ایوان مین

کیا کشتہ اک گرگ اک اژدہا
ملائے تہ خاک و خون دشمنان
کہ اورنگ و دیہیم اب دے مجھے
کہ کاوس خسرو کے آگے مدام
نہین حکم لائے بجا زینہار
کرین سرکشی رستم زال زر
کہ دیجے مجھے آپ تاج و سریر
نہ بددل ہوئے ہو اے سرور نیک بخت
تصرف مین لا ملک و مال کو
کہ ہو پہر کوئی کینہ آور وہان
بلند اس جہانمین ہو تیرا نام
تجھے ہے سرکش گروہی شیرمرد
کہ ہو تم نہ زینہار پیمان شکن
کرو تم زبون اُسکو تم بیدرنگ
رہا یان شب و روز خدمتگذار
تہمتن نہ کرتا اگر کار سخت
تو مہمان ہوا تو کیجو اوسکا دو سال
مری حق مین ہے بدسگالی یہان
بلا سے اگر رستم پہلوان
تمناے اورنگ و افسر ہے گر
پڑی ہے جو گردن اوسکی کمند
بہانہ تو کرتا ہے بس بیگمان
جہان ہے یہی بس ایک گوشہ مجھے
کہ جا زود تر بیٹے اسفندیار
وہ بولا کہ اے شہ فرخ خصال

جو کچھ مصلحت ہو وہ مجھسے بتا
خردمند نے تب یہ پاسخ دیا

بجا لا شتابی سے حکم پدر
نہ سر پھیر زنہار اے نامور

وہ بولا کہ بہتر بفرمان شاہ
بسوئے سیستان ہو روانہ پگاہ

حضور شہنشاہ کشورستان
کیا جا کے جاماسپ نے یہ بیان

کہ راضی ہے یہ روئیں تن اسفندیار
بجنگ یل رستم نامدار

ہوا شادمان شاہ گردون جناب
گیا پھر وہ پیش کتایون شتاب

کتایون سے بولا شہ نامجو
کہ اسفندیار جہانگرد کو

کروں ہوں میں رخصت سوئے سیستان
پے جنگ رستم بفوج گران

رضامند ہے گرچہ وہ نامور
ولیکن تسلی ذرا تو بھی کر

کہ رستم کو جب لاوے کرکے اسیر
تو بخشوں میں پھر دونوں تاج و سریر

کتایون ہوئی سنکے اندوہگین
جوان سے کہا جا کے اوسنے وہیں

زبردست ہے رستم نامدار
مگر قصد رزم اوس سے تو زنہار

نہ جا اوس طرف ہرگز اے ہوشمند
ذرا گوش جان سے تو سن میری پند

کتایون سے بولا یہ اسفندیار
کہ رستم سے ڈرتا نہیں زینہار

دلے قصد پیکار اوس سے نہ تھا
کہ ہے وہ نکوخواہ سرکار کا

کروں کیا کہ اب یوں ہے فرمان شاہ
کہ ہوں رستم گرد سے کینہ خواہ

پذیرا کیا میں نے اس بات کو
اگر بعد اقرار انکار ہو

تو پھر مردمی سے نہایت ہو دور
بجا لاؤں ناچار حکم حضور

رفتن اسفندیار طرف سیستان بعزم قید کردن رستم و بیان سوال و جواب

سحرگاہ اسفندیار جوان
ہوا شہ سے رخصت سوئے سیستان

دیا شاہ نے لشکر و گنج و زر
ہوا وہ شتابان بصد کر و فر

وہ اشتر روان تھا جو پیش قطار
گیا بیٹھ واں اور پھر زینہار

نہ واں سے اوٹھا اوس دلاور نے تب
کیا قتل اوسکو ز ردی غضب

لگے کہنے مردم ہوئی فال بد
مبادا کہ پیش آ دے کچھ حال بد

مناسب یہی ہے کہ اب یکبار
سو خانہ پھر چلئے اے نامدار

وہ بولا یہ موقع ہے اوسکے بجا
ولیکن جہاندار کشورکشا

کہیگا کہ لایا بہانہ جوان
یہ کہکر روانہ ہوا پہلوان

گیا متصل سیستان کے وہ جب
روانہ کیا اوسنے بہمن کو تب

کہ لے آوے یاں رستم گرد کو
گیا جب کہ واں بہمن نامجو

تو پھر زال نے با فراوان سرور
ادب سے جھکایا سر اوسکے حضور

لگا کہنے یوں بہمن نامدار
کہ آیا ہے روئیں تن اسفندیار

کہا ہے طلب رستم گرد کو
یہ بہمن سے سنکر یل نامجو

گیا پیش رستم کہا ماجرا
لگا کہنے وہ مصلحت اب ہے کیا

وہ بولا کہ پیوستہ ہے پہلوان
رہے ہم کمربستہ پیش کیان

تو جا شوق سے پیش اسفندیار
بجا لا کے رسم رہ انکسار

اوسے مثل گشتاسپ لائیے گھر
تکلف سے مہمانی اوسکی تو کر

گیا جبکہ یہ زال زر نے بیان
گیا ساتھ بہمن کے وہ پہلوان

وہ پہونچے کنارے پہ دریا کے جب
لگا کہنے بہمن تعجب سے تب

توقف کناں ہو تو اے نامور
کروں باپ سے اپنے جا کر خبر

یہ کہکر گیا بہمن نامدار
کہا جا کے یوں پیش اسفندیار

کہ رستم دلیر و جوانمرد ہے
مروت میں اور خلق میں فرد ہے

خبر سنکے آنے کی تیری یہاں
مرے ساتھ آیا ہے وہ پہلوان

گیا پھر سپہدار اسفندیار
جریدہ سوئے رستم نامدار

اوتر رخش سے رستم پہلوان
جھکا کر سر عجز چون بندگان

جو کچھ شرط خدمت تھی لایا بجا
پھر آغاز کی یہ دعا و ثنا

کہا اے وارث تخت و تاج کیان
سرفرازان گیتی ستان

ترے قد پہ زیبا قبائے شہی
ترے سر پہ شایان کلاہ مہی

وہ ہے نیک طالع جو ہے تیرے حضور
پرستش کنان ہو بفرط سرور

کرے سرکشی تجھسی جو شوربخت
شتابی گرفتار خواری ہو سخت

ہمیشہ جہان مین تو فیروز ہو
طرح مہر کے عالم افروز ہو

یہ آئین و رسم ادب دیکھکر
ہوا شاد وہان سرور نامور

فرود آکے گھوڑے سے اسفندیار
ہوا رستم گرد سے ہمکنار

لگا کہنے رستم کی پھر یون ثنا
کہ اے نامور گرد زور آزما

سزاوار تحسین و صد آفرین
جہان مین تو اُسکا ہو یار و معین

تو ہی اوسکی ہو پشت لیل و نہار
نہووے اوسے کچھ غم روزگار

وہ بولا کہ مجھکو سرافراز کر
تو رونق فزا چلکے ہو میرے گھر

پذیرا نہ اوسنے کیا زینہار
وے اپنے لشکر مین اسفندیار

وہین رستم گرد کو لے گیا
وہان جاکے رستم سی کہنے لگا

یہ ہو حکم گشتاسپ شاہ دلیر
کہ رستم کو لے آؤ کرکے اسیر

بس اب تو بہی راضی ہو اسپر
کہ دان لیجلون تجھکو پابند کر

پہونچکر حضور شہ کامگار
کرون مین رہا تجھکو اے نامدار

نہ اکدم رکے شہ گرفتار بند
نہ پہونچاوے ہرگز تجھے کچھ گزند

رہا سنکے خاموش وہ پہلوان
کیا پھر سپہدار نے یون بیان

کہ راضی نہین ہے اگر بند پر
تو بس ہوکے رخصت تو جا اپنے گھر

یہ لایا زبان پر پیل تن
کہ یکبار اے سرور انجمن

بسان شہنشاہ فرخندہ خو
مرے گھر تو مہمان ذرا چلکے ہو

جو کچھ مجھسے فرمادے تو بعد ازان
بجا لاؤن فرمان ترا اے جوان

وہ بولا کہ آیا تہا یان شہریار
بطور دگر اے ستودہ شعار

ولیکن مین آیا بعزم دگر
بہلا کیونکہ مہمان ہون اب تیرے گھر

اگر میرے فرمان سے پھر جاے تو
سر جنگ زور تجہین آئے تو

تو مین کسطرح کہاتے نان و نمک
کرون تجھسے پیکار زیر فلک

تجھے بند کرکے نہ لیجاؤن گر
تو کیا قدر پاؤن حضور پدر

وہ بولا کہ زنہار مین بھی یہان
نہ کہاونگا اب سے سپہدار نان

سپہدار نے پھر دیا یہ جواب
کہ پی اور دے مجھکو صہبا ناب

طلب کرکے پھر جام مینا وہین
کئے نوش باہم کئی ساتگین

تہمتن یہ بولا کہ رخصت ہو اب
کہون زال سے جاکے احوال سب

جو کچھ مصلحت ہوے کہے زال زر
گزارش کرون مین یہان آکر

جوان نے کہا یون کہ آنا شتاب
یہان بھیجنا صاف ورنہ جواب

سوی خانہ رستم جو رخصت ہوا
تو پشوتن نے اندیشہ اُسدم کیا

کہا اے سپہدار آفاق گیر
کیا کیون نہ رستم کو تو نے اسیر

نہایت زبون سخت بیجا کیا
کہ دشمن کو یون ہاتھ سے جانے دیا

لگا کہنے اُس سے یہ اسفندیار
کہ پھر آویگا رستم نامدار

لگا کہنے پشوتن کہ اے شیرگیر
زبردست ہے وہ سوار دلیر

کہ اب مصلحت ہے کہ لے نامدار
ندا تھا اوسکے ہو زیر زنہار

مبادا کہ پھر کار دشوار ہو
نہووے دگر دور دوار ہو

ہوا اس سخن سے وہ اندیشہ مند
گیا سوچ مین سرور ارجمند

گیا رستم گرد جب اپنے گھر
یہ قصہ کہا زال سے سر بسر

کہا زال نے یون کہ ای نامدار
ملکزادہ اپنا ہے اسفندیار

سحر اوسکی خدمت مین پھر جائیو
نہ وسواس دل مین ذرا لائیو

بہوئے سپہدار عالی گہر
شتابان ہوا گرد روز دگر

اوسے لیگیا آکے اسفندیار
کیا خوب رستم کا عز و وقار

وہ بولا کہ ہے منتظر زال زر
قدم رنجہ فرما تو اے نامور

کیا اُسنے انکار اور یون کہا
کہ اے پہلوان تو بہی یان نہ جا

مرے ساتھ چل شہزادہ ارجمند
روان ہو تو ہو کر اسیر کمند

کہا اوسنے اے فرخ نیک شیم
تو رکہہ مجھہ مصروف لطف و کرم

کہ مین کام تیرے بہت آونگا
سدا تیری خدمت بجا لاؤنگا

کئے مین نے کار نمایان مدام
کیئے پست گردان توران تمام

جہان مین سرفراز گردن ہو مین — نگہدار شاہان ایران ہو مین
مروت سے کرتا ہون اب انکسار — نہین ورنہ تجہہ سے خطر زینہار
یہ چاہا زروئے غضب بیدریغ — تہمتن پہ کہینچے رہا زخم تیغ
شفقت بہت تو نے کی بیشتر — بس آرام سے بیٹہہ تو نے شکر
ہو راست بیٹھے ہین پیوستہ ہم — یہ کہکر گیا بیٹھ بے رنج و غم
شاہین نے اے رستم نامور — کہ ہے نسل سے دیو کے زال زر
رکہا زال کو بہر ایوان مین — وہین چہوڑ آیا بیابان مین
جو ناپاک بدشکل دیکہا اوسے — تو سیمرغ نے ہی نہ کہایا اوسے
وہ مردار کہاکو عجائب کلان — تب آیا وہ پہر جانب سیستان
بزرگو نکی پیر جو کی چاکری — تو حاصل ہوا رتبہ سروری
یہ سنکر ہوا تند وہ پیلتن — زبان پر یہ تندی سے لایا سخن
نہین ہے یہ گفتار اے نامور — سزاوار شاہان عالی گہر
بزرگان تھے واقف پیر سے پسر — اور آگاہ ہے خوب تیرا پدر
نریمان جنگی تہا ہو ننگ سے — زبون شیر نر جسکی تہا جنگ سے
مری مان بہی تہی دختر مہراب شاہ — خداوند تمکین و اعزاز و جاہ
دلیران ایران زمین چندبار — کیا چاہتے تہے مجہے شہریار
پذیرا نہ زنہار مین نے کیا — نہ خواں ہوا افسر و تخت کا
دلیری یہ اپنی نہ مغرور ہو — کیا تو نے بس کشتہ ارجاسپ کے
کئی شاہ کہینچے نہ تیغ تیز — کیا قتل دیو نکو وقت ستیز
وہ دیو سفید اور اکوان دیو — کہ تہا گرد عالم مین جنکا غریو
چہوڑا یا شہنشاہ کاؤس کو — پل گیو گستہم اور طوس کو
کئی بار دی مین نے اسکو شکست — گیا بیش اوسکا نہ کچہہ زور دست
نہ کر جنگجوئی جو کچھ ہے تمیز — نہ کہو رائیگان اپنی جان عزیز
یہ چاہا تہا وسدم کہ دن بیدریغ — تہمتن کو اب کہینچے زیر تیغ
ستم گر روا رکھے مہمان پر — تو لطف و مروت سے ہی دور تر

کیا دشمنو نسے جہان مینے پاک — کیا سرکشان جہان کو ہلاک
اب پیلتن سے یہ سنکر سخن — ہوا خشمگین سرور انجمن
ولیکن تحمل کیا رہنما — یہ ہنسکر تہمتن سے کہنے لگا
کہا پہر سوئے دست چپ بیٹھ تو — یہ ہنسکر لگا کہنے اے نامجو
ہوا پہر سپہدار چین برجبین — خفا ہو کے رستم سے بولا یہین
یہ حیرت سے چہرہ ہوا تہا سفید — ہوا دیکہکر سام اوس سے نا امید
کہ کہا جائین اوسکو کہین جانور — ہوا ایک سیمرغ کا وان گذر
وہین پاس بچو نکے وہ لیگیا — کہلاتا تہا مردار صبح و مسا
پسر اک ہی سام رکہتا نہتا — دو سے لاجرم پہر پذیرا کیا
تو پیدا ہوا زال یہ بعد ازان — کہ اب فخر کرتا ہے اتنا یہان
کہ حرف پراگندہ و ناسزا — تو زنہار اپنی زبان پر نہ لا
تو ہے طفل بیعقل نادان ابہی — نہین تجکو زنہار کچہہ آگہی
کہ ہے پشت سے سام کی گرزدان — نریمان سے تہا سام فرخ خصال
سمجہہ اے سپہدار انجم حشم — کہ ہین یعنی یک جلسی تم اور ہم
کہ ضحاک تہا اوسکا ہیجم اسیر — جہانگیر شاہنشہ نامور
یہ کہتے تہے رکہہ سر پہ تاج کئی — تو کر ملک ایران مین شاہنشہی
دگرنہ یہ ہوتی تہمین کب نیتی — میسر نہ آتی یہ فرمان دہی
تو مانند میرے دلاور نہین — دلیری دگر دے مین ہمسر نہین
شکستہ کیا مینے وہ ہفتخوان — گذارے جہان فیل و شیر ژیان
ملائے وہ دم مین تہ خود و خاک — کیا شاہ مازندران کو ہلاک
سپہدار توران تہا افراسیاب — کسیکو نہ تہی جنگ کی جسکی تاب
کیا مین نے خاقان چین کو اسیر — مری تیغ بران ہے آفاق گیر
سپہدار جنگ آور و کینہ جو — ہوا پر غضب سنکے ابیات کو
ولیکن یہ سوچا کہ ہے مہمان — یہ گر آپ سے یعنی آیا یہان
یہ بولا کہ میٹہے کے حرف نرم — تو کیون مثل آتش کے ہوتے ہے گرم

فلک رتبہ ہے گرچہ تو لیک اب
پرستندہ باد شاہان کے ہے

تو کرتا رہا روز و شب چاکری
شہی مین نے کی بلکہ پیغمبری

کیا ایک عالم کو آتش پرست
کیا مین نے گردن فرازونکو پست

غضب پر بلا تھا مرا ہفتخوان
کہان اسقدر تھا ترا ہفتخوان

مددگار نہ کوئی مددگار تھا
فقط رخش دگر نیز گرانبار تھا

ترے ساتھ ہوتے اگرچہ ہزار
دلیران جنگی و مردان کار

کرون کیا مین اپنی زبان سے بیان
کہ ہے اس حقیقت سے واقف جہان

دلیران نہ ہرگز رضامند تھے
بزرگان ایران نہ خرسند تھے

وہین مین نے معقول سبکو کیا
نہ زنہار پرخاش ہونے دیا

تو مت ناز کر تاج لہراسپ پر
نکر فخر آئین گشتاسپ پر

یہ مقدور ہرگز کسی کا نہین
کہ میری طرف دیکھے اور دیکھین

کسی سے نے بیٹھے ہرگز نہین
قیامت ہو گر ہو نہین چین بر جبین

سنبھالے دشوار لشکر او تھا
ہوا یہ نہ مقدور اک گرد کا

مری کرکے دلجوئی انجام کار
فزون تر کیا میر شہ نے وقار

سپہدار نے سن دیا یہ جواب
کہ اے رستم اتنا نہ کہہ پیچ و تاب

مجھے جبقدر قوت و زور ہے
رہے تھا کہان شاہ کاؤس کے

جو دیکھا یہ تیور نے اسفندیار
تو حیران ہوا رستم نامدار

سپہدار نے یہ کہا بعد ازان
کہ اے گرد تو آج مہمان ہے یہان

ہوا زور معلوم تیرا مجھے
پکڑ لاؤن کل ایکدم مین تجھے

کہون جاکے شہ سے یہ ہے بچھلا
کرون نہین تجھے بند سے پھر رہا

تو ہے گرچہ زور آور و شیر مرد
دے مجھسے ہرگز نہو ہم نبرد

تو کل دیکھنا کوشش کارزار
کہ آؤن جو میدان مین ہو کر سوار

کہون تخت زرکار پر جلوہ گر
رکھون مین ترے سر پہ بھی تاج زر

چلون پھر ترے ساتھ نزدیک شاہ
دلاؤن تجھے تخت تاج و کلاہ

سخن پھر زبان پر یہ لایا جوان
کہا تک یہ گفتار ای پہلوان

جو کی بندگی تونے شام و پگاہ
تو حاصل ہو مجھکو یہ عز و جاہ

کہ ایران سے تا روم و توران و چین
مروج کیا تازہ آئین دین

بسان زر زرد و دین آ کے نامدار
نتھا جس با تندوان استوار

وہ بولا سو ہے ہفتخوان وہ ہزار
گئے تھے ترے ساتھ جنگی سوار

وہ دیوان خونخوار و جنگ آزما
کہ مین نے کئے کشتہ تنہا دہان

نہ ساتھ اونکے ہوتی تجھے تاب جنگ
اگر زندہ ہوتا تو بن بید رنگ

کہ کیخسرو عدل گستر نے جب
رکھا سر پہ لہراسپ کے تاج سب

یہی تھی تمنائے خرد و کلان
کہ پھر زندہ ہو بادشاہ جہان

ہوئے جبکہ ہم یاور اے نامدار
ہوا شاہ لہراسپ تب شہریار

کرے بند مجھکو یہ چاہے ہے تو
یہی ہے ترے باپ کی آرزو

ہوا کودکی سے مین دنیا مین سیر
ولیکن سمجھنا ئے ناد لپذیر

ہوا تند مین پیش کاؤس شاہ
کلہ گوشہ تھا جسکا تا اوج ماہ

کہ مجلس مین کوئی کرے مجھکو بند
اگرچہ وہان تھے بہت زورمند

غرض ساتھ مرے کہو کینہ جو
یہ تندی و تیزی نکر مجھسے تو

نہو اب ثنا خوان کاؤس شاہ
مرے زور و سرپنجہ پر کر نگاہ

یہ کہکر وہین ہو کے خندہ کنان
فشردہ کیا پنجہ پہلوان

یہ ہنسکر کہا ہے یہ ترک ادب
کہ زور آزمائی کرون مین عجب

خوشی سے مری لا کے گرون تو شکر
شتابان ہو پھر شوق سے آ کے گھر

سو شاہ لیجاؤن مین کرکے بند
نہ پہونچاؤن جا نیز تری کچھ گزند

مری مردمی تجھ کو معلوم ہو
وہ بولا کہ اے مرد بیکار جو

کہان تونے دیکھی دلیرونکی جنگ
نہ پہونچے تجھے باد گرد و خدنگ

تو بن پشت زین سے اٹھاؤن تجھے
سوئے زال زر وہین لاؤن تجھے

رکھون پیشکش گنج تیرے حضور
بجا لاؤن خدمت بفر و سرور

جو مین گرد ہون اور تو شہریار
نہ دنیا مین کوئی رہے تاجدار

کچھ اب کہا ئے تا کہ آوین حواس
کہ اب روز سے یعنی گذری ہو پاس

طلب کر کے خوان جبکہ آگے رکھا — تو رستم نے اکدم مین خالی کیا
کہ اس جام سے سیر ہوتا نہین — رکھا لا کے تاس کلان پھر نہین
ہوئے دام حیرت مین مرد دلیر — مرخص ہوا پھر وہ گرد دلیر
جو ہو بند پر راضی اے ہوشمند — تو جا پھر تری کچھہ نہ آوے گزند
مصاحب جو تیرے ہین اون سے ذرا — بہم مل کے اب تو بہی کر مشورا
چلون مین ترے ساتھہ بے بند پا — حضور جہاندار کیوان لوا
وہ بولا کہ جسطرح کہتا ہے تو — پذیرا مین کرتا پر اے نامجو
بہلا کس لئے کام ایسا کرون — کہ اس دہر مین جس سے بدنام ہون
یہ سن کر لگا کہنے جنگی سوار — کہ دیوان خونخوار و مردان کار
تری رزم سے کچھہ نہین جو فغان — ولیکن یہ اندیشہ ہے ہر زمان
سمجھہ دل مین ای فرخ اسفندیار — کہ اب صلح بہتر ہے یا کارزار
ترا دشمن جان ہے تاجور — تجھے کسلئے اس نے بہیجا ادہر
نہو کارفرما جوانی کو تو — نہ کر پہلوانی مرے روبرو
وہ بولا کہ دیتا ہے تو کیا فریب — نظر مین ہے میری فراز و نشیب
پسر کو برادر کو اور باپ کو — تو آئے لئے میان مین آئینہ جو
لگا کہنے رستم کہ اب کیجے کیا — نہین چارہ گر آئی ہے تیری قضا
یہ کہکر ہوئے خانہ رستم گیا — حضور پدر یون گذارش کیا
کہے زال سے پہر سخنہاے پند — لگا کہنے تب رستم ارجمند
نہین صبر کی تاب اب زینہار — کرون جنگ ساتھہ اوسکے تا اقتدار
کئے کس لئے تو نے دیدے پرآب — دیا زال نے تب وسے یہ جواب
جو کشتہ ہوا اسفندیار جوان — تو ہو نام بد بیش اہل جہان
تو کر اپنی خاطر سے اندیشہ دور — کہ جیتا پکڑ لاؤن تیرے حضور
لگا کہنے ہنسکر وہ مرد کہن — کہ ہرگز زبان پر نہ لا یہ سخن
نہ بون جسکا آگے ہو فغفور چین — جہان مین کوئی اوسکا ہمسر نہین

پلاتے تھے جبدم کہ جام شراب — تو دیتا تہا رستم یہ اسدم جواب
کہ آتی تہی جسمین شراب ایکمن — پیالے لگا پینے وہ پیل تن
لگا کہنے یہ سرور نامجو — کہ کر مصلحت زال سے جا کے تو
دگر نہ ہو آمادہ کارزار تو — دیا اوسنے پاسخ کہ ای نامدار
پذیرا کرے مہمانی اگر — قدم رنجہ فرماوے تو میرے گہر
دگر نہ کرون صبحدم آکے جنگ — نہ لاؤن تری جنگ مین کچھہ درنگ
یہ فرمایگا شہ کہ بس ڈر گیا — نہ پابند رستم کو یہ کر سکا
نہین جنگ سے تیری مجھکو خطر — کہ ہے باندہ لینا ترا سہل تر
جو مین نے کئے کشتہ ہنگام کین — تو زنہار اونکے برابر نہین
کہ ہو کشتہ گر وقت پیکار تو — تو ہو جیش شاہی مراز ور رو
ہوا اسلئے اب تو گشتاسب شاہ — تو ہے وارث تخت تاج و کلاہ
کہ تو کشتہ ہو وے مرے ہاتھہ سے — نہین آگہی تجھکو اس بات سے
گزند اپنی جان پر تو مت رکھہ روا — نہ بدنام کر مجھکو بہر خدا
حضور پدر لے چلون باندہ کر — کرون یا تجھے قتل وقت سحر
کہ آنکہون نے دیکھین ترا حال زار — کرین غم سے ماتم وہ لیل و نہار
بوقت وغا آئے گا یہ نظر — کہ ہون نوحہ گر کسلئے پور و پدر
کہ ہے بر سر کینہ اسفندیار — نہین اور چارہ بجز کارزار
کہ نالایق و سخت کہکر مجھے — کہا بچہ دیو اوس نے تجھے
یہ سنکر کیا چشم کو اوس نے تر — لگا پوچھنے تب بلی نامور
کہ گر کشتہ ہو تو بہنگام جنگ — تو خانہ خرابی ہو پھر بیدرنگ
رکھین پھر کیان ہمسے کینہ سدا — تہمتن نے سنکر یہ پاسخ دیا
کرون پیشکش اوسکو پھر گنج و زر — اطاعت سے پھیرون نہ زنہار سر
وہ اسفندیار جہان پہلوان — دلیر و جہانگیر و گیتی ستان
تو کہتا ہے میدان سے جاؤنگا مین — اوسے پشت زین سے اٹہا لاؤن مین

یہی عقل سے دور ہے مرد گرد — سمجھہ دل مین تجھے تو آسان جو کرد

جنگ رستم و اسفندیار و کشتہ شدن اسفندیار

گیا صبحدم رستم پہلوان
پئے جنگ اسفندیار جوان

زوارہ کو سالار لشکر کیا
زوارہ سے یون زال نے نے کہا

شتابان ہوا جب کہ وہ پیلتن
لگا تب دعا کرنے مرد کہن

زوارہ سے بولا یل نامور
کہ تو ساتھ لشکر کے رہ زود تر

پشوتن نے جانا اوسے دیکھکر
کہ آتا ہے بہر صلح نامور

سو شہ بصد گونہ لطف و عطا
تو لیگا تہمتن کو بے بند پا

کہا اوسنے مجھکو ہے عزم ستیز
مرا دل ستیزہ سے ہے ریز ریز

ہوا اس کے پر درد دل مرد کا
ولے کچھ نہ زنہار پاسخ دیا

مرے ساتھ گر تجھکو ہے عزم جنگ
تو ہو کر سوار اب تو آ بیدرنگ

مجھے بھی ہے لازم اب اے شیرمرد
کہ جاؤن میں تنہا برائے نبرد

ولے دیکھنا جبکہ ہو وقت تنگ
کرو تم اشارہ تو پھر بیدرنگ

دلیرانہ شبرنگ پہ ہو سوار
گیا جانب رستم اسفندیار

بہت ہیں سواران ایران دیار
ولے چاہتا ہون نہیں یون کیا

کہ جوہر ہو ہر ایک کا آشکار
یہ رستم سے بولا پھر اسفندیار

مدد کو نہ آوے کوئی زینہار
ہوا عہد و پیمان بہم استوار

شکستہ ہوئے نیزے پھر بیدریغ
لگے کرنے باہم وہ زخم تیغ

لیا پھر دلیرون نے گرز گران
ہوئے رزمجو مثل پیل دمان

پکڑ گرز ڈال کمر بعد ازان
لگے زور کرنے وہ جنگ آوران

پراگندہ دل شیر مردان ہوئے
زبون سخت اسپ و گردان ہوئے

جدا ہوکے دونون نے پھر دم لیا
نہ کچھ بہرہ وان پیش ہرگز گیا

بسوئے دلیران ایران گیا
وہان جاکے کہنے لگا ناسزا

یہ سنکر وہیں پور اسفندیار
جوانمرد نوش آذر نامدار

کہ ہو جو کوئی مرد جنگی سوار
وہ مجھ سے کرے آنکر کارزار

دلیرانہ اُس سے ہوا گرم جنگ
ولے خاک و خون مین ملا بیدرنگ

شہ الوا ہرگز سمجھنا مجھے
کرون غرق خون ایکدم میں تجھے

تہمتن نے جسدم کہ پہنی زرہ
تو پھر زال نے اُس کی باندہی گرہ

کہ بروقت تو یاوری کیجیو
تغافل کو وان راہ مت دیجیو

کہ یارب تو اس کا مددگار ہے
سوا تیرے کون اسکا اب یار ہے

یہ کہکر اکیلا وہ جنگی سوار
روانہ ہو سوئے اسفندیار

لگا کہنے یون پیش اسفندیار
کہ رستم سے کر صلح اے نامدار

وہ بولا کہ لا جوشن ای نیکمرد
کہ ہے ساتھ رستم کے عزم نبرد

وہ مرد دلاور جو ہے رزمجو
خدا جانے پھر غرق خون کون ہو

تہمتن نے پھر اُس جوانمرد کو
یہ بھیجا پیام اے یل نامجو

پشوتن سے بولا وہ اسفندیار
کہ تنہا ہے اب رستم نامدار

تو اب تا وہ ہو دور لیکر سپاہ
کہ رستم سے مین جاکے ہون رزمخواہ

مدد میری تم کیجیو آن کر
یہ کہہ کر زرہ کر کے پھر زیب بر

تہمتن نے اُس سے کیا یہ بیان
کہ کمتر ہے میری سپہ اے جوان

کہ ایرانی اور سیستانی بہم
کرین جنگ گردانہ بیرنج و غم

کہ ہون کشتہ کیون لشکر ہر دو سو
فقط ہو دین ہم تم بہم رزمجو

ہوئے گرم کین ہر دو شیر ژیان
ہوا کارزار بہ تیغ و سنان

شکستہ ہوئیں تیغ بھی سربسر
نہ اک زخم ہرگز ہوا کارگر

گرے گرز بھی ہاتھ سے یکبار
رہے کام سے دست مردان کار

گیا زور گرچہ رہ کین سے
ولیکن نہ کوئی ہلا زین سے

زرہ پارہ اور چاک برگستوان
ہوئی سست گردان جنگ آوران

زوارہ کو تھا جنگ مین کچھ صبر
خروشان ہوا مثل غرندہ ابر

کہ اے نامدار اگر مرد ہو
تو ہو فوج زابل سے پیکار جو

پئے کینہ خواہی شتابان ہوا
طرح شیر نر کے خروشان ہوا

وہیں کرکے الوا تو زور آزما
کہ سن اے گروہ تبار ستم گرد کا

زوارہ پھر آگے آیا دوان
لگا کہنے سب انہیں کرکے فغان

پھر ایک گرز مارا جو بالائے سر
ہوا کشتہ نوش آذر نامور

کشتہ شدن اسفندیار از تیر دو پیکان رستم کہ ہر دو چشمانش انداختہ

جوانمرد و مہرنوش پہلوان	دگر پور اسفندیار جوان	دوان کر کے شبدیز کو بیدرنگ	شتابان ہوا سوئے میدان جنگ
فرامرز اُس کے مقابل ہوا	فرامرز نے قتل اُس کو کیا	نہ کشتہ ہوئے صرف دو نامدار	ہوئے قتل ایرانیان بے شمار
وہیں پیش اسفندیار جوان	کیا جا کے بہمن نے یکبار ہاں	کہ لشکر زابل کے بےخوف و باک	کیا آ کے ایرانیوں کو ہلاک

دو فرزند تیرے ہوئے کشتہ اب | سپہ دار سنکر ہوا پر غضب
بنیزہ و یک نام آوران زمن | سزاوار نفرین ہی پیمان شکن
کہ سوگند جان و سر شہریار | نہین ہے مجھے آگہی زینہار
کیا جس نے اب جنگ مین ارتکاب | کرون اسکو قتل و راسیر خراب
اونہیں شوق سے قتل کر تو یہان | کہ تیرے گنہگار ہین بیگمان
یہ کہکر ہوئے پھر وہ مشغول جنگ | دلیرانہ لیکر کمان و خدنگ
و لے تیر اسفندیار جوان | کہ آئے پیاپے سوی پہلوان
لگے زخم کاری جو اس رخش پر | سوار دلاور تب آیا اوتر
زوارہ ہوا دیکھکر دردمند | گیا دوڑ وہین پیش یل ارجمند
بسوئے بلندی گیا نامدار | لگا کہنے تب ہنسکے اسفندیار
جہان مین ترے زور کا تھا غلو | تری تیغ بران سے کانپے تھا دیو
ترا زور بازو گیا اب کہان | کہان ہے ترا اب گرز گران
پیادہ ہوا آپ مانند شیر | گیا پھر جنگ آزمائی دلیر
یہ چاہے تھا اسفندیار جوان | زوارہ سے ہوئے ستیزہ کنان
کہ رکھتا ہون پھر عزم پیکار مین | نہین تجھ سے کچھ دست بردار مین
کہ احوال معلوم ہے سب ترا | سراپا ہے زخمی بدن اب ترا
وہ بولا کہ جاری ہے گو تن سے خون | ولیکن نہین تن ہوا کچھ زبون
غرض سن نگہ سے وہ جنگ آوران | ہوئے شام کو سوئے خانہ روان
گیا ونکے تابوت کو پھر وہان | سو شاہ گشت تب چھپے ان نشان
ولیکن یہ تھا ماجرا آج کا | خدا جانے کل پیش کیا آئیگا

تہمتن سے بولا کہ اے بدنشان | نہیں ہے یہ آئین گردنکشان
ہوا اس کے غمگین شہزادہ سخت | لگا کہنے پھر رستم نیک بخت
پے جنگ مین نے نہین کچھ کہا | نہین پھر پر خواہش میری رضا
پیرادر کو اور پور کو باندہ کر | حوالے کرون تیرے اے نامور
وہ بولا بفرمان یزدان پاک | کرونگا عوض انکے تجکو ہلاک
خدنگ یل رستم نامدار | نہوتا تھا کچھ کارگر زینہار
ہوا اُس سے مجروح و ریش و فگار | تن رخش و جسم دلاور سوار
ہوا رخش پھر سوئے خانہ روان | پیادہ رہا رستم پہلوان
یہ دیکھا کہ بس خستہ ہے پہلوان | بدن سے تہمتن کے خون ہے روان
کہ افسوس اے گرد جنگ آزما | زبون ہوکے میدان سے تو ہٹ گیا
کہان ہے تری تیغ زہر آبدار | کہان ہے ترا تیر پہلو گزار
زوارہ نے گھوڑے پہ انجام کار | کیا رستم نامور کو سوار
کہا یون کہ اے گرد اسفندیار | ترے ساتھ کرتا ہون مین کارزار
کہ اتنے مین رستم نے اُس سے کہا | زوارہ سے مت ہو نبرد آزما
مجھے کیا تصور کیا تو نے اب | تہمتن سے بولا سپہ دار تب
اگر اب بھی راضی ہو تو بندپر | تو بہتر ہے اے رستم نامور
ہوا روز آخر اب اے نامور | کرون جنگ پھر تجھ سے وقت سحر
ہوا غم سے بیٹونکے اسفندیار | نہایت پریشان و دل بیقرار
کہا یون کہ اے خسرو پاکدین | ترے حکم سے مجکو چارہ نہین
پشوتن سے کہنے لگا بعد ازان | کہ آدم نہین رستم پہلوان

تن سرشت اسکی ہو آہن و سنگ سے | مجھے اسکی اندیشہ ہے جنگ سے

بہت زخم شمشیر گرز گران | رہا میں نے او سپر کے اے جوان

ولیکن نہ کوئی ہوا کارگر | کسی سے نہ عاجز ہوا نامور

کیا تیر سے اسکو آخر زبون | ہوا جوشن کا لبا غرق خون

یقین ہے کہ جانبر ہو وقت شب | مبادا رہے زندہ گر ہو غضب

ادہر تھا تردد مین اسفندیار | اُدہر پہلوان رستم نامدار

گیا جبکہ ایوان مین نزدیک زال | اور اُس نے تہمتن کا دیکھا یہ حال

کہ مجروح و خستہ ہے سر تا بپا | جراحت پہ اسکے تاسف کیا

کہا یہ کہ ہنگام پیری یہ غم | ہمارے نصیبوں میں تہا یہ ستم

برادر پدر مادر و پور زن | لگے رونے سب مردم انجمن

کیا بستہ زخموں کو مرہم لگا | تہمتن نے پھر زال سے یون کہا

کہ روئین تن اسفندیار دلیر | مقابل نہیں جسکے عفریت و شیر

قوی بازو و سخت ہو زورمند | تنومند مانند نخل بلند

مری تیغ بران تھی خارا شگاف | سنا تو ڈرتی تہی دل کوہ قاف

مرا تیر سندان سے کرتا گذر | نہ ہرگز ہوا اوسپہ کچھ کارگر

نہ مغلوب آیا بلا اندیش ہائے | نہ کچھ زور بازو گیا پیش ہائے

اگر زور کرتا میں کسامر پہ | تو برکند کرتا اوسے اے پدر

پکڑ کر کمر بند اسفندیار | کیا زور ہر چند پر زینہار

نہ وہ جنگ جو پست ہن سے ہلا | کہون کیا میں بس قوت زور کا

کوئی دیو اور کوئی جنگی سوار | کہین مین نے دیکھا نہیں نہ سنا

ہوئی جنگ موقوف ہنگام شام | دگرنہ مرا کام کرتا تمام

بس اب تاب بیکار مجھکو نہیں | نکل جاؤن ناچار یان سے کہین

کہ پھر ہاتھ آوے نہ میرا نشان | کرے جستجو گرچہ پیر و جوان

کہا زال زر نے یہ سن کر سخن | اگر تو نکلجائے اے پیلتن

تو پھر آکے ایوان مین اسفندیار | کرے ہمکو یکسر گرفتار و خوار

کرون کیا کہ ہے اندنون بیحضور | اس نامور پرزور پیل زور

جو ہوتا یہان آج وہ شیر مرد | تو بدخواہ کے ساتھ کرتا نبرد

نہیں اسقدر فرصت ایک اب | کہ اُس پہلوانکو کرون یان طلب

بلاؤن میں ناچار سیمرغ کو | ترے واسطے اُس سے ہو چارہ جو

کیا اُس نے وعدہ یہ مجھ سے کہ ہان | جو مشکل پڑے مشکل کوئی ناگہان

تو پر کو مرے تو جلانا ضرور | کہ فی الفور پہونچونگا تیرے حضور

بلندی پہ کر آتش افروختہ | جو سیمرغ کا پر تھا سو سوختہ

تو سیمرغ حاضر ہوا آن کر | گذارش کیا یوں کہ اے زال زر

مجھے کس لئے اب کیا تو نے یاد | وہ بولا کہ اے مرغ فرخ نہاد

ستمگار کمبخت اسفندیار | ہوا آکے پرخاش کا خواستگار

سنا راس سے جتنے کیا پیشتر | نہ آیا سر رحم وہ کینہ ور

ہوئے گرم پیکار انجام کار | بہم رستم گرد و اسفندیار

ہوا رستم و رخش مجروح ریش | بلا وقت پیری ہوا آکے ہے پیش

یہ سیمرغ بولا کہ ہے کیا خطر | کرون چارہ اسکا میں اب زودتر

طلب رخش و رستم کو کر کے وہان | جو دیکھا تو ہے خون بدن سے روان

پیا خون کو اور ملے اپنے پر ہوئے زخم اچھے وہیں سر بسر
ہوا رستم و رخش پھر تندرست توانا و زورآور و چاق چست

لگا کہنے سیمرغ سے نام جو کہ اے شاہ مرغان مددگار تو
یقین ہے اگر تو مرا ہووے یار تو ہووے زبون گرد اسفندیار

وہ بولا کہ ہے وہ یل ارجمند توانا و گردنکش و زورمند
مجھے اور تجھے ہے یہ قدرت کہان کہ ہون ساتھ اسکے ستیزہ کنان

سو ہفت خوان یہ جوان جب گیا مرا جفت وان ایک سیمرغ تھا
مقابل جو ساتھ اسکے آ کر ہوا تو سیمرغ ہرگز نہ جانبر ہوا

تو گر اس جوان سے رہے دور تر تو بہتر ہے اے رستم نامور
یہ سنکر ہوا زال زر گریہ کنان کہا یون کہ گر رستم پہلوان

کہیں دور جاوے تو اسفندیار کریگا ہمیں باندھکر بخت خوار
بتا کوئی تدبیر بہر خدا تو دام غم و رنج سے کر جدا

وہ بولا کہ اے رستم نامدار مرے ساتھ چل رخش پر ہو سوار
گذر کر کے دریا سے بیرنج و غم گئے اک نیستان مین دونون بہم

غرض نخل گز اک نیستان مین تھا تہمتن سے سیمرغ نے یون کہا
کہ اک شاخ لیجا تو اب توڑ کر اسے راست کر سینککے تو آگ پر

بنا اسکا تو اک دو شاخہ خدنگ سحر جا کے میدان مین ہو گرم جنگ
پھر اس تیر کو اے یل نامدار رہا کر سوئے چشم اسفندیار

کرے جو کوئی کشتہ اس مرد کو وہ رنج و بلا سے رہا پھر نہو
نہیں جو سبب ہو قتل اسفندیار خرابی ہے قاتل کی انجام کار

ولے کور کرنے سے اسکے ضرر نہ پہنچے ذرا شوق سے کور کر
یہ خاصیت اور چوب کی ہے کہان تمہا ہو ناوک فگن کی جہان

وہان تیر بیٹھے بحکم خدا یہ سنکر ہوا خوش وہ زور آزما
پھر آئے وہ دونون پے جشن زال ہوا زال مسرور و شاد و نہال

وہ سیمرغ رخصت ہوا بعد ازان گیا سیستان سے سوئے آشیان
جوانمرد رستم نے پھر بید رنگ مرتب کیا اک دو شاخہ خدنگ

لگا ہے وہ پیکان زہر آبدار ہوا فتح و نصرت کا امیدوار
نہ تابان ہوا تھا ہنوز آفتاب حریف جفا کیش تھا گرم خواب

کہ میدان مین آیا سوار دلیر یل نامور رستم شیر گیر
ہوا نعرہ زن مثل پیل دمان کہ اے مرد اسفندیار جوان

ذرا خواب نوشین سے بیدار ہو کہ آیا ہے پھر اب رستم جنگ جو
اٹھا سن کے آواز اسفندیار پشوتن سے بولا کہ اے نامدار

مرے دل مین تھا وقت خفتن گمان کہ جانبر نہووے گا یہ پہلوان
کہون کیا مین کاری تھا ہر زخم تیر تعجب کہ ہے ہوشمند و دلیر

ندا دی کہ احوال اسکا ہے کیا مگر اس نے زخمون کو بستہ کیا
وہی رخش ہے یا کہ رخش دگر شتابی سے اب جلد لا یہ خبر

سوئے تہمتن پشوتن گیا تو رستم یہ بولا کہ دیکھے ہے کیا
کہ زخمون مین ہون وہ وارستہ جان کہ ہر زخم کی پل مین ہو چارہ سان

سوا اسکے اک زخم کاری تھا پشوتن نے آکر جوان سے کہا
کہ دیروز سے چاق ہے پہلوان ہوا تھا تو کل خستہ اے ناتوان

دلیری سے اسکے مجھے ہی خطر
خفا ہو پشوتن پہ اسفندیار
نہیں زخم کا اب اثر زینہار
تجھے آج خستہ کرون اسقدر
مرے جسم پر اے یل نامور
کہ بت و رزم جو ہو سر صلح آ
قسم ہے نہ پھر عذر ہرگز کرون
وہ بولا کہ اب آشتی دور ہے
مرے قید کرنے سے اب گذر
تجھے پیشکش دون زرو می نیاز
خدا کے بھی فرمان سے ہی حکم شاہ
وہ بولا کہ اے گرد آفاق گیر
تو ہو گرم پیکار اے پہلوان
تہمتن نے اُس دم یہ مانگی دعا
پذیرا یہ کرتا نہیں زینہار
عقوبت نہ کر پھر تو مجھ پر روا
رکھا مرد نے سر کو زین تکران
ولیکن نہ ہرگز گرا ایجوان
یہ دیکھا تو تسوین بہمن دین
کیا چارہ چشم اسفندیار
نہ تنہا ہوا زال زر شادکام
کہ دنیا میں خونریز اسفندیار
جہان آفرین ہر زمان یاد ہو
برو زد دگر پیش اسفندیار
لکھا تھا یہی کلک تقدیر کا

مناسب ہے اب یوں کہ اے نامور
گیا دوہیں میدان میں ہو کر سوار
ترا باپ شاید کہ ہے سحر کار
کہ ہو نوحہ گر زال اُسے دیکھ کر
نہ ہرگز کرے تیر تیرا اثر
تو بخش از سر لطف میری خطا
ترے ساتھ بیٹھ شہنشہ چلون
اگر زندگی تجھکو منظور ہے
عوض اسکے لے مجھ سے تو گنج زر
تو کر رحم اے سرور سرفراز
زیادہ ترا اے رستم کینہ خواہ
نہ دے جان با مید تاج و سریر
یہ کہکر وہین لیکے تیر و کمان
کہ کرتا ہوں میں عاجزی یا خدا
کیا چاہتا ہے مجھے سخت خوار
نکر مجھپہ ثابت گناہ و خطا
رواں اُس کی آنکھوں سے ہوئے جو خون
ہوا میں نہ زنہار نالہ کنان
ہوئے سخت غمناک و اندگین
ہوا کچھ نہیں فایدہ زینہار
ہوئے خرم و شاد مردم تمام
نہ زندہ رہے دیرتک زینہار
شب و روز تیرا مددگار ہو
گیا زال اور رستم نامدار
مٹے کیونکہ لوح جبین کا لکھا

تو پھر خاش کو دل سے کر اپنے دور
تہمتن سے بولا کہ ای پہلوان
کیا اوسنے جادو سے پھر تندرست
وہ بولا کہ جی میں نہ رکھ پھر ہوس
کرونگا تجھے کشتہ انجام کار
مرے گھر ذرا چل کے مہمان ہو
کرے لطف یا قتل یا مجھکو بند
تو پابند ہوکر مرے پاس آ
دوں بے بہا تاج گوہر نگار
کہا اُسنے بیہودہ گوئی نہ کر
تجھے لے چلوں دست و پا باندھ کر
ہوا پُر غضب سرور کینہ جو
گیا سوئے رستم رواں ایک تیر
زر و گوہر و تاج و گنج و کنیز
تو یاور رہو میرا کہتا ہون بیار
یہ کہکر کیا تیر گز کو رواں
پکارا تہمتن کہ ہنگام جنگ
تو اک تیر کس کر ہوا دردمند
کیا اپنی آنکھوں کو غم سے پر آب
تہمتن گیا پھر حضور پدر
ہوے زال بولا کہ اے نامور
تری جان کا ہی خطر اب مجھے
وہ بولا کہ میری نہیں کچھ خطا
ہوئے دونوں جاکر وہاں تعزیہ جا
مرا پوتا ہے بہمن نوجوان

تہمتن کیا تھا آشتی ہے ضرور
ہوا تھا تو کل خستہ اے ناتوان
کہ آیا تو میدان میں پھر چاق چست
او تھا یہ خیال اپنے دل سے تو بس
گذارش یہ کرتا ہون میں بار بار
کہ ایوان مرا رشک بستان ہو
جو چاہے کرے خسرو ارجمند
تہمتن نے اُسکو یہ پاسخ دیا
کنیزان مہ طلعت و گلعذار
نہیں چاہیے مجھکو یہ گنج و زر
کہ بخشی ہے مجھے تخت و افسر پدر
کہا یوں نکر اور کچھ گفتگو
بطرز پسندیدہ و دلپسند
خوشی سے میں دیتا ہوں ہر ایک چیز
مخالف کی آنکھیں نشان خدنگ
سوئے چشم اسفندیار جوان
صد شصت کمانی خدنگ
رکھا زین پر سر تو نے ای ارجمند
اوسے لیکے سوئے خیمہ شتاب
یہ دی زال زر کو نوید ظفر
یہ اختر شناسوں نے دی ہے خبر
کہ اس رنج سے وہ دایزد تجھے
کیا جو کچھ اُس کینہ جو نے کیا
وہ بولا نہیں کچھ تمہارا گناہ
اوسے اب تو اے رستم پہلوان

سکہا پہلوانی کے سارے ہنر ۔ بتا رستم دولت اسی سر بسر
تہمتن نے وہ بین پذیرا کیا ۔ زروے نشاط و مسرت کہا

رکہوں سکے تا رک تاج و کلاہ ۔ کرون شہ اوسی بعد گشتاسپ شاہ
یہ تسوین سے بولا پسر اسفندیار ۔ کہ گور و کفن کا ہون خواستگار

روانہ ہوا تو سوی گشتاسپ شاہ ۔ یہ کہہ جاکے اے خسرو دین پناہ
تجہے تو نے بہیجا پے قتل یلان ۔ ہوئی تیری دولت سے برباد جان

ہوئی بادے اب تیری حاصل مراد ۔ تو کر سلطنت شوق سے شاد شاد
ولیکن بروز جزا بیگمان ۔ کرے داوری داور داوران

مری ماں سے کیونکر کہ ہووے صبور ۔ کرے دل سے اپنے غم و رنج دور
نہیں فایدہ گریہ سے زینہار ۔ قضا پر کسی کا نہیں اختیار

کہا پہر وہین کہینچ سرد و دم ۔ کہ گشتاسپ سے مجہہ کو پہونچا ستم
کیا طایر جان نے پرواز پہر ۔ ہوا نالہ و گریہ آغاز پہر

لگے رونے تسوین و بہمن وہان ۔ ہوئے رستم و زال گرم فغان
ادہر لیکے تابوت اسفندیار ۔ وہ تسوین گیا سوے ایران دیار

ادہر آکے بہمن کو اپنے گہر ۔ یل نامور رستم زال زر
زوارہ یہ بولا کہ اے نامدار ۔ یہ بہمن ہے فرزند اسفندیار

کیا باپ کو اسکے تو نے ہلاک ۔ دل اسکا نہو دیگا کینہ سے پاک
برادر بہی اسکے ہوے قتل مرد ۔ عجب کیا جو وہ تجہسے ہو ہم نبرد

مناسب نہی تربیت اسکی یان ۔ کہ بدخواہ اپنا ہے یہ بیگمان
زوارہ کو رستم نے پاسخ دیا ۔ کہ لاوین وصیت نہ کیونکر بجا

جو تسوین حضور شہ نامدار ۔ گیا لیکے تابوت اسفندیار
ہوا شاہ گشتاسپ نالہ کنان ۔ لگین کہنے رو رو کے یون خواہران

ز رستم نہ سیمرغ نے زال زر ۔ گنہ ہے تو بولا کہ اے پدر
روا اسکے کہکے جان پسر پر ستم ۔ عبث ہے یہ پہر تجہکو اندوہ و غم

خجالت سے تہا بادشہ سر فرو ۔ کہ نفرین تہی ہر سمت سے شاہ کو
پشیمان ہوا شاہ عالی تبار ۔ کیا نعش کو دفن انجام کار

لکہا نامہ رستم نے پہر شاہ کو ۔ کہ ہون بیخطا اے شہ نامجو
حضور سپہ دار اسفندیار ۔ کیا مین نے جون بندگان انکسار

بہت اسکو دیتا تہا مین گنج و زر ۔ یہ کہتا تہا ہر دم اے نامور
چلون پیش سلطان کشور کشا ۔ نہ ہرگز جوان نے پذیرا کیا

نہیں چارہ تقدیر سے زینہار ۔ ہوا وہ جو ہوتا تہا انجام
کیا تربیت پور کو اسکے اب ۔ ہنر اور آداب سکہلائے سب

جو کچہہ حکم ہو اسکو لاؤن بجا ۔ کہ ہون بندۂ شاہ کشور کشا
جو نامہ پڑہا بادشاہ نے سر بسر ۔ تو تسوین سے کہنے لگا تاجور

کہ یہ ماجرا گر مفصل بیان ۔ وہ بولا کہ اے بادشاہ جہان
تہمتن ہے اس امر مین بے خطا ۔ درست و بجا ہے جو اسنے لکہا

اسے پند کی بیتے بہی چند بار ۔ اثر کچہہ نہ ہرگز ہوا زینہار
نہ آیا وہ ہرگز جہالت سے باز ۔ لگا کہنے پہر شاہ گردن فراز

اجل نے اسے سخت جاہل کیا ۔ یہ کہکر تہمتن کو نامہ لکہا
کہ رکہہ جمع خاطر تو اے نامدار ۔ نہیں تیری تقصیر کچہہ زینہار

یہان آئیو جب کرون مین طلب ۔ روان کر تو بہمن کو بالفعل اب
تہمتن نے بہمن کو با صد وقار ۔ روانہ کیا سوی ایران دیار

ہوا دیکہکر شاد فرمان روا ۔ ولیعہد بہمن کو شہ نے کیا
یہ قصہ تو اب کر چکا مین بیان ۔ شغاد لعین کی لکہون داستان

تولد شدن شغاد پسر زال از بطن کنیزک و کشتہ شدن رستم از دست او و خرابی خانمان

لکہے ہے یہ فردوسی بے نظیر ۔ کہ آزادہ سرو ایک تہا مرد پیر
یہ کہتا تہا وہ پیر مرد سترگ ۔ کہ سام و نریمان [illegible]

اُسے قصۂ خسروان یاد تھا
کہی بعد ازان داستان شغاد
کہ زال اک کنیزک پہ مائل ہوا
یہ طفل نگون بخت جب ہو جوان
بہمی اسکی ہیئت سی ہو بدتر
وہان کا جو تھا شاہ نیکو سیر
اُسے ایک دی دختر دلستان
سپہدار کابل سے بولا شغاد
قرابت پہ میری نہ کی کچھ نظر
یہ بولا کہ مجھ کو ذرا اب بتا
کرون جا کے رستم سے تیرا گلا
وہان رکھ کے تیغ و سنان تیر
غرض شاہ کابل سے وہ شوربخت
سپہ دار کابل ہوا تند و گرم
کہ ہے یہ ہی رستم شیرزاد
برادر جو تیرے ہیں دار احتشم
کہا یون کہ نالائق و ناسزا
چلو شہر کابل میں لے کر سپاہ
سو شہر کابل شتابان ہوا
برہنہ سر و پا ہو گریہ کنان
سر رہ آیا یل نامدار
شغاد نگون بخت نے بعد ازان
لگا کرنے تعریف نخچیر گاہ
زوارہ کو ساتھ اپنے لیکر گیا
سو جب گیا رستم نامور

کہا اوس نے مجھ سے یہی ماجرا
کہ تھی مرد آزاد کو خوب یاد
اور ایک اُس سے فرزند حاصل ہوا
کرے خانمان سب تبہ بیگمان
بسوئے نکوئی نہ ہو راہ بر
قرابت وہ رکھتا تھا با زال زر
کیا کتخدا اسکو با عز و شان
کہ اے بادشاہ خجستہ نہاد
لحاظ اوسنے بس کم کیا سر بسر
کہ ہی قتل کی اسکے تدبیر کیا
غضبناک ہو کر یہان آئیگا
سر چاہ خس پوش کر سر بسر
لگا کرنے ایک روز گفتار بخت
وہ بولا کہ آتی نہیں تجھکو شرم
کہ میرا برادر نہیں ہے شغاد
تجھے چاکرون سے سمجھتے ہیں کم
سپہ دار کابل نے مجھ کو کہا
کرون قتل اُس کو بحال تباہ
سپہ دار کابل ہراسان ہوا
یہ بولا کہ اے نامدار جہان
گیا شاہ کابل کا افزون وقار
کہا یون کہ ہیں چاہ کندہ جہان
کہا پھر کے اے گرد با عز و جاہ
شغاد سپہ دار بھی ساتھ تھا
کہ خس پوش تھے چاہ کندہ جدھر

کہ رستم سے اسفندیار جوان
پھر اُس قصہ کو نظم مین نے کیا
رکھا زال نے نام اُسکا شغاد
مناجات کی زال زر نے وہین
ہوا جبکہ القصہ جسدم جوان
ہوا جبکہ کابل مین داخل شغاد
حضور یل رستم کینہ خواہ
ہوا مین تہمتن سے ناشاد اب
یہی مین ہی رستم سے ہون کینہ خواہ
کہا اوسنے یون اے شہ نیکروز
تو یان ایک تیار کر صیدگاہ
نگون بخت نے جسطرح سے کہا
کہ مین ہون سپہ دار عالی گہر
نہیں یاد کرتا تجھے زال زر
نہیں نسل سے سام یل کی پسر تو
ہوا سن کے دلگیر پر غم شغاد
دیا اُس نے بوسہ سر و چشم پر
کرون تجھکو کابل کا پھر شہریار
ہوا آکے حاضر زروئے نیاز
ہوئی مجھ سے مستی میں صادر خطا
اوسے شاہ کابل نے مہمان کیا
وہان سے چلو رستم گرد کو
کہ مشغول صید افگنی چل کے ہو
ہوئے حیلہ سازی پہ لیکر روان
غرض شاہ کے پاس جسدم گیا

ہوا اسطرح سے ستیزہ کنان
غرض اس طرح سے ہے یہ ماجرا
نجومی یہ بولا کہ ای خوش نہاد
کہ یا کردگار جہان آفرین
گیا زال نے سوئے کابل روان
تو اُس شاہ نے تب بجب مرد
سدا باج بھیجے تھا کابل کا شاہ
نہ آئی اُسے شرم ہی یہ غضب
کرون قتل اُسکو بحال تباہ
دل آزردہ ہون تجھ سے میں اسکروز
اور اُس راہ میں کندہ کر چند چاہ
سپہ دار نے اوسطرح سے کیا
تری ذات مجھ سے نہیں خوبتر
نہیں پوچھتا گاہ تیری خبر
نہیں کچھ تری زینہار آبرو
حضور تہمتن گیا بد نہاد
کہا اُس نے اندیشہ کو دور کر
یہ کہکر وہین رستم نامدار
پیادہ حضور یل سرفراز
تو کر عفو از راہ لطف و عطا
بجا بندگی لا کے شادان کیا
غرض ایک دن وہ شہ کینہ جو
یہ سنکر وہین رستم نامجو
سوارات دونون شغاد و تہمتن
تو پھر رخش نے وان توقف کیا

نئی خاک کی واں جو کچھ پائی بو
ہوا گرم پھر رخش جوں شیر مست
دوبارہ کہ آیا جو پھر باد پا
وے رخش نے جست کی انس تھی
ہوا پارہ پارہ سراپا بدن
ہوے دشمن جان زر روئی جفا
ترے کام کی خاطر آیا یہاں

ہوا شبہہ رخش صبا گام کو
ولیکن گرا چاہ میں کر کے جست
تو پھر دوسرے چاہ میں جا پڑا
نہ آیا نظر پھر بھی روئے بھی
ہوا سخت درماندہ وہ پیلتن
دغا سے یہاں قتل مجھکو کیا
کہ ہووے فزوں تیری توقیر شان

ہوا رستم پہلوان خشم گین
ہوا خستہ ورنہ رخش سوار
وہاں بھی لگے زخم تیغ و تبر
کنوئیں سات سطرح کے تھے وہاں
یہ سمجھا تہمتن کہ بے اشتباہ
لگا کہنے منہ کر کے سوے شغاد
مرے ساتھ کیوں تو نے کی یہ دغا

جڑا رخش پہ تازیانہ وہیں
کہ تھے چاہ میں خنجر آب دار
ہوا چاک خستہ بدن سر بسر
گیا گر وہ آخر ہوا ناتوان
شغاد دغا اور کابل کا شاہ
کرتا جان تیر [illegible] بد نہاد
[illegible] کیا

وہ بولا کہ تیری سزا تھی یہی بہت تو نے خونریزی خلق کی
سمجھ۔ بولا کہ اے حیلہ گر تبک نوشدارو کو تو اپنے سر
کہ کاؤس کیخسرو و کیقباد گئے بادشاہان فرخ نہاد
جو پوچھو تو میں یاں بہت دن رہا بس اب یاں سے جاتا ہوں ملک بقا
شغاد نگوں بخت سے پھر کہا ہوا وہ کہ چاہی تھی جو کچھ قضا
تو پھر دے خدنگ و کمان کہ ایمن ہوں تجھ سے درندے یہاں
پس نخل گرچہ چھپا بدنہاد ہوا سفتہ لیکن درخت و شغاد
تہمتن سے پھر جان رخصت ہوئی توقف کی کہ نہ فرصت ہوئی
ولیکن سوار ایک باقی رہا سو وہ سیستاں میں شتابی گیا
گئی رودے رستم کی ماں زار زار یہ بولی کہ دنیا سے انجام کار
فرامرز نے سخت ماتم کیا غرض زال نے اوس سے پھر یوں کہا
فرامرز جنگی ہوا پھر رواں سو شہر کابل بفوج گراں
فرامرز کو جب ہوئی آگہی کہ ہے شاہ سے شہر کابل تہی
بیاں کیجے کیا صورت کشتگاں نہ تھا نام گوشت نہ استخواں
زوارہ کے اور رستم گرد کے وہ لیکر گیا استخواں گوشت کے
ہوا گرم پیکار کابل کا شاہ ہوئی فوج کابل سراسر تباہ
فرامرز نے اسکو از روئے کین کیا ہاتھ سے قتل اپنے وہیں

سپہدار کابل نے پھر یوں کہا کہ اب نوشدارو تجھے دوں بھلا
سدا کون قائم ہے زیر فلک بچا نہیں ہو تجھ بھلا کب تلک
دلیران و گردنکشاں تاجور گئے اس جہاں سے مرے روبرو
فرامرز جنگی دلاور جواں مرا کینہ لے تجھ سے آکر یہاں
وسے تاب جنبش نہیں جب مجھے درندوں نے چھوڑا بھلا کب مجھے
دیا اُس نے ہنسکر کمان و خدنگ وہیں اوس نے مارا اوسے بیدرنگ
کیا وہیں رستم نے شکر خدا کہ بدخواہ سے اپنا کینہ لیا
زوارہ بھی اور ساتھ ہمراہیاں ہوئے چاہ میں کشتہ خرد و کلاں
کہا اوسنے یہ ماجرا سر بسر یہ سن کر ہوا زال زار نوحہ گر
ہنر وصف سیزدہ سالہ مرد گیا اور باقی رہا رنج و درد
کہ جا سوئے کابل تو لیکر سپاہ سپہدار کابل سے ہو کینہ خواہ
وے شاہ کابل ہراساں ہوا سو کوہ و دمن میں گریزاں ہوا
گیا لاجرم جانب صیدگاہ جہاں پہلواناں ہوئے تھے تباہ
وہ در دام کھاتے تھے ہر صبح و شام بیاباں میں گوشت اونکا تمام
لئے دفن زابل میں جاکر وہیں پھر آیا وہ کابل میں از روئے کین
گرفتار پھر شاہ کابل ہوا مظفر سپہدار زابل ہوا
سو شاہ گشتاسپ کا ہوں پھر خبر شاہ ایران کی لاتا ہوں پھر

رحلت شاہ گشتاسپ بملک جاودانی و جلوس بہمن پسر اسفندیار بر تخت سلطنت ایران و لشکر کشیدن طرف سیستان و بعد جنگ بسیار فرامرز را قتل نمودن

کہا شاہ گشتاسپ نے ایک روز کہ یہ نامور بہمن نیک روز
ہوا کشتہ اسکا پدر بے گناہ اوسے چاہیے تخت و تاج و کلاہ
کیا پھر پشوتن کو اسکا وزیر کہ تھا دانش و فہم میں بے نظیر
جہاں بیں وہ شاہ ہمایوں خصال رہا حکمراں بعد ازاں بیست سال
لگا کرنے داد و دہش صبح و شام ہوئی خرم و شادماں خاص و عام

کلاہ وہی کے سزاوار ہے ہوا اسکے شاہی کا حقدار ہے
یہ کہکر بٹھایا اوسے تخت پر دھرا سر پہ بہمن کے دیہیم زر
ہوا پھر روانہ سوئے ملک عدم شہنشاہ گشتاسپ کیواں حشم
جہاندار بہمن ہشتہ نام ور ہوا تخت شاہی پہ جب جلوہ گر
ارادہ کیا پھر بروئے غضب کہ زال و فرامرز پہ چلئے اب

لیا چاہئے کین اسفندیار
سواران غرض لیکے یکصد ہزار

یہ پیغام بھیجا سوی زال زر
کہ آیا ہون مین بہر کین پدر

فرستادہ نے جا کے جب پیش زال
کہا یہ تو سن کر ہوا پر ملال

ہوا اب جو رونق فزا تاجور
کرون پیشکش اسکے گنج و گہر

یہ کہکر بہت مال اُسکو دیا
فرستادہ پھر ہوکے رخصت گیا

کہ جز طاعت خسرو نامدار
نہیں کچھ ارادہ ادسے زینہار

ہوا جانب شہر بہمن روان
رہین پیشوا زال آیا وہان

یہ پوچھا فرامرز ہی اب کہان
وہ بولا کہ اے بادشاہ جہان

کیا پھر وہین ال زر کو اسیر
لگا عاجزی کرنے وہ مرد پیر

نہیں زندہ اب رستم نامدار
کہ تو جس سے لے کین اسفندیار

کہ مین آج جو کمترین بندگان
پیادہ ہوا تیرے آگے دوان

ہوا بہمن اس بات سے خشمگین
رکہا زال کو بند اندر وکین

تو فاران ایران و زابلستان
ہوئے اور سر کین ستیزہ کنان

بروز چہارم چلی باد سخت
ہوئے تیرہ گردان زابل کے بخت

دلیران ایران تھے فیروز شاد
کہ اونکے پس پشت تہی تند باد

ولیکن فرامرز جنگ آزما
دلیرانہ میدان مین قائم رہا

اوٹھایا لگا در سوے خیلگاہ
کہ تا شاہ بہمن سے ہو کینہ خواہ

پیادے ہوئے سوار دلیر
دلیران ایران نے برسائے تیر

دلیرانہ پھر کہینچکر تیغ کین
کئے قتل گردان ایران وہین

رہا ہوش اوس کو نہ کچھ زینہار
ہوا پھر گرفتار انجام کار

کیا حکم پھر یون زرو غضب
کرو مردم شہر کو قتل اب

نہیں مردم سیستان کی خطا
روا دار کہہ نہ زنہار اونپر جفا

بجا لائے سنکر یہ ورد کار
کہ حاصل ہوئی فتح اے شہریار

بدستور پھر اسکو با عز و شان
کیا شاہ نے حاکم سیستان

ہوا عازم سیستان بادشاہ
جو نزدیک یا کے پہونچی سپاہ

بیابان مین اب لیکے تیغ و سنان
کرون جنگ جون از سر کین وہان

کہا زال نے پھر عبث ہے یہ کین
کہ رستم کی تقصیر مطلق نہیں

مرا قتل منظور ہے اب اگر
تو حاضر ہون پھیرون نہ تہا سر

ہوا پیش بہمن ثناخوان زال
مفصل کیا شاہ سے عرض حال

ہوئی آتش قہر شاہی فرو
کہ سرکش نہ پایا زر زال کو

گیا زال کے گہر سے نامدار
زر و گنج و اسپ لیا بے شمار

گیا ہی فرامرز بہر شکار
ہوا پر غضب سنکے شہریار

کہ اے شاہ میری ہے تقصیر کیا
اگر ہے تو رستم کی کچہہ ہے خطا

برائے خدا مجہپہ اب رحم کر
مری عاجزی پر ذرا کر نظر

روا دار کہہ نہ بیداد انصاف کر
کہ رستم نے تجکو سکہائے ہنر

یہ سنکر فرامرز جنگی سوار
سپہ لیکے آیا پے کارزار

رہا تین دن گرم بازار جنگ
بشمشیر گرز و سنان و خدنگ

ہوئی چشم تیرہ پڑی منہ پہ خاک
ہوئے پہلوانان جنگی ہلاک

ہوئے حملہ آور جو ایرانیان
گریزان ہوئی فوج زابلستان

ہوا شیر جنگی نبرد بہ مزاج
یہ سمجہا کہ بس روز آخر ہے آج

وے پہلوان کے نہ تہے بخت یار
دلیری نہ کام آئی کچہہ زینہار

ہوا خستہ توسن فرامرز کا
پیادہ ہوا وہ نبرد آزما

فرامرز خستہ ہوا بعد ازان
یہان تک ہوا خون بدن سے روان

سر دار کہینچا اوسے پہر وہین
شہنشاہ بہمن نے از روی کین

وہ تسوین کہ دستور تہا شاہ کا
شہ نامور سے یہ کہنے لگا

رہا زال کو بہی تو کر بند سے
کہ کینہ تہا رستم کے فرزند سے

یہ گفتار سنکر زر دے عطا
رہا بند سے زال زر کو کیا

بفتح و ظفر خسرو دین پناہ
گیا سیستان سے سوے تختگاہ

نشستن من اکدن ملاقات کو
گیا تہا سہ بہمن شام جو

رحلت بہمن از جہان [illegible]

پڑا تھا کہین راہ مین اژدہا
ترشنہ کو ناگاہ اوس نے ڈسا
فسون نے نہ ہرگز کیا کچھ اثر
نہ زنہار چارہ ہوا کارگر

یہ سمجھا وہین بہمن نامدار
کہ اپنا اب آخر ہوا روزگار
ہما اسکی دخت خردمند تھی
دیا اسکو اورنگ تاج شہی

وہ تھی حسن مین رشک شمس و قمر
تصرف مین لایا تھا اسکو پدر
مگر رسم آتش پرستی یہ تھی
کہ سمجھے ابے تھے دختر کو بھی

غرض اوس پہ چہرہ کو حمل تھا
جہاندار بہمن نے اوس کو کہا
کہ جب اوس سے پیدا ہو کوئی پسر
کلاہ شہی اوسکے ہو زیب سر

وصیت یہ کرکے سوے عدم
شتابان ہوا شاہ انجم حشم
جہانبین بصد عز و جاہ و جلال
شہی شاہ بہمن نے کی ہفت سال

برتخت نشستن ہما دخت شاہ بہمن

ہما دخت بہمن بجاے پدر
سر پر شہی یہ ہوئی جلوہ گر
کیا اوسنے آغاز جود و سخا
فقیرون کو یکسر تونگر کیا

سپہ کو دیا گنج و زر بے شمار
کیا خلق مین عدل لیل و نہار
ہوا بعد نہ ماہ پیدا پسر
حوالہ کیا دایہ کو زودتر

کہا یون کہ بیچا کہین اسکو دور
تو کر پرورش با نشاط و سرور
دے پیش مردم یہ ظاہر کیا
کہ ہوتے ہی پیدا پسر مر گیا

ہوا الغرض ہفت ماہہ جب
کیا پہر اوسے اوسنے اکدن طلب
یہ سوچی ہما نے دل مین کہ گر
رہے شہر مین یہ ہمایون سیر

مبادا کہ واقف ہون یان و دمان
خلل میری شاہی مین ہو بیگمان
اوسے ایک صندوق مین بند کر
کئی رکھکے یاقوت و لعل و گہر

کہا محرمان سے یہ ہنگام شب
بہا دو اسے جا کے دریا مین اب
بجا مردمان لائے حکم ہما
دیا جاکے صندوق کو پھر بہا

وہ صندوق دریا مین وقت سحر
کہین ایک گازر کو آیا نظر
نکال اوسکو گازر وہین لے گیا
کنارے پہ لا کے اوسے وا کیا

وہ مال اور وہ طفل فرخ نہاد
جو دیکھا تو گازر ہوا شاد شاد
خوشی سے اوسے پیش زن لیگیا
کیا اوسکو تا شکر ایزد بجا

ہوا فوت دیروز تیرا پسر
عوض اوسکے یہ طفل رشک قمر
دیا غیب سے ہمکو ایزد نے آج
تو ہو مایل بہجت و ابتہاج

یہ دولت جو اسکو میسر ہوئی
تو پھر زوجہ مسرور و خوشتر ہوئی
رکھا طفل کا اوسنے داراب نام
کیا دل مین اندیشہ خاص و عام

کہ واقف ہوا بات سے کوئی گر
مبادا کہ کچھ مجھکو پہونچے ضرر
تو اس شہر سے جائے دیگر گیا
زن و کودک و مال لیکر گیا

وہ داراب جب شہری خوش شکل تھا
دلیر و جوانمرد و زور آزما
زبون تھے تمام اُس سے خرد و کلان
نہ تہا اوسکے ہمسر کوئی نوجوان

ذرا گازری کا نکرتا تھا کام
گریزندہ اُس کام سے تھا مدام
نچہوتا تہا انکا درچہ ہاتہہ سے
وہ گازر تہا دلگیر اس بات سے

کہے تھا کہ مجھکو خدا نے دیا
عجب طفل نالایق و ناسزا
کہ پیدا نہین کرتا ہے ایکدام
پھرے ہے یہ بازی کنان صبح و شام

ولے تھی اوسے یہ خبر کچھ نہین
کہ ہو دیگا یہ شاہ روے زمین
بٹھایا جو مکتب مین داراب کو
کہ تا سیکھ کر علم شایستہ ہو

اوسے فہم و ادراک تہا اسقدر
کہ اوستاد حیران رہا دیکھکر
جو کچھ علم تھا یاد اوستاد کو
شتابی سے سیکھا وہ فرخندہ خو

بفرط خوشی آن کر ایکروز
لگا کہنے گازر سے وہ نیکر ور
خدا نے کیا علم مین مجھکو طاق
ولے اب ہے مطلوب یکزور براق

وہ بولا کہ ہون مفلس و مستمند
کہان سے مین لاون براق سمند
ہوا اسکے دلگیر وہ ذوالکرام
نہ پہر اوسنے دو روز کہایا طعام

زن گازر اُسدم جو ہوئی بیقرار
دیا ایک یاقوت انجام کار
اوسے بیچکر ایک گھوڑا لیا
جو کچھ چاہیے تہا مہیا کیا

مشقت لگا کرنے وہ صبح و شام
زن گاذر اکر وہ زبیٹھی تہی شاد
حقیقت وہ صندوق اور مال کی
زر و لعل جو کچھ تھا اوسنے لیا
کہیں قیصر روم از روے کین
ہمانے کیا حکم اونکو کہ ہان
ارادہ جنہین جا لڑی کا ہو یہان
وہاں جبکہ داراب فرخ گیا
تو کہنے لگی دل مین اپنے ہما
لکہا یون کہ اوس کو مقرر رکہو
شتابان پے جنگ قیصر ہوا
جو داراب کے پاس خیمہ تہا
کہ اے طاق ہیو ذرا ہوشیار
سہ بار آئی آواز یان سے یہی
کہا آکے پھر یون کہ اے نامدار
نہ زنہار تھی مردمان کی صدا
جو داراب اوٹھکر وہان سے گیا
کہ دریا مین گاذر کے ہاتھ لگکر وہ
نہ صندوق مین صرف کچھ مین ہی تہا
اوسے خلعت و اسپ و خیمہ دیا
سپہ دار نے قصہ داراب کا
کہا اپنے دل مین کہ ہے بیگمان
جو دو روز گر قیصر کینہ خواہ
تو قیصر سے اب جاکے گرم جنگ
سر شام میدان سے وہ تاجور

ہنر پہلوانی کے سیکہے تمام
وہاں آکے داراب فرخ نہاد
سنی جب ہوئی اوسکے دلکو خوشی
تصرف مین سب مال اپنے کیا
شتابان ہوا سوئے ایران زمین
